(٢) جمہوریت کی بنیاد دین وعقیدہ کی آزادی پر ہے (اور مذہب وعقیدہ سے بیزاری پر ہے) پس جمہوری نظام میں ہر شخص کو آزادی حاصل رہے کہ وہ جو چاہے عقیدہ رکھے اور جو چاہے مذہب اختیار کرے، جب چاہے جس دین وملت کی طرف لوٹ جائے، اگر چہ اس کا یہ لوٹنا اللہ تعالیٰ کے دین سے نکلنے اور الحاد اور غیر اللہ کی عبادت کی طرف ہی کیوں نہ ہو (وہ بالکل آزاد و مختار ہے جو چاہے کرے) اور یہ ایسی بات ہے کہ جس کے باطل اور فاسد ہونے اور بہت سی شرعی نصوص کے معارض ومخالف ہونے میں کوئی شک نہیں۔پس اگر کوئی مسلمان اپنے دین سے کفر کی

طرف لوٹ جائے اور مرتد ہو جائے تو اسلام میں اس کا حکم یہ ہے کہ اس کو قتل کر دیا جائے۔ جیسا کہ بخاری شریف کی روایت کردہ حدیث میں ہے: ''جو مسلمان اپنے دین کو بدل ڈالے (مرتد ہو جائے) اس کو قتل کر ڈالو۔'' حدیث میں یہ نہیں کہ اس کو اپنے حال پر چھوڑ دو (بلکہ اس کو قتل کرنے کا حکم ہے۔ پس مرتد کو نہ امان دینا صحیح ہے، نہ اس کے لیے کوئی عہد رہ ہے اور نہ ہی اس کے لئے کوئی قربت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دین میں اس کے لیے صرف دو ہی راستے ہیں یا توبہ کرے (او راپنی دین کی طرف لوٹ آئے) یا اس کو قتل کر دیا جائے۔

(٣) جمہوریت کی بنیاد اس بات پر ہے کہ فیصلہ کرنا اور قانون سازی کرنا صرف عوام کا کام ہے، اپنے تمام خصوصیات نزاعات کا فیصلہ عوام ہی کرے گی۔ چنانچہ اگر حاکم ومحکوم کے درمیان کسی بھی طرح کا نزاع اور اختلاف ہو جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں فریق ایک دوسرے کو عوامی قانون کی طرف رجوع کرنے اور اس پر فیصلہ کرنے کا مشورہ دیتے ہیں تاکہ فریقین میں واقع ہونے والے اختلاف ونزاع کا جمہوری قانون کے ذریعے تصفیہ کیا جائے۔ اور یہ بات بھی توحید کے ان اصولوں کے منافی ہے اور مباہن ہے جس میں یہ طے ہے کہ تمام نزاعات واختلافات اور جھگڑوں میں فیصلہ کرنے والی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں۔ فرمانِ خداوندی ہے: ﴿وما اختلفتم فیه من شیء فحکمه الی الله﴾ ''اور جس بات میں جھگڑا کرتے ہو تم لوگ کوئی چیز اس کا فیصلہ ہے اللہ تعالیٰ کے حوالے''۔ (ہود: ١٠) اور جمہوریت کہتی ہے کہ اگر تمہارا کسی چیز میں کوئی اختلاف ہو جائے تو اس کا فیصلہ عوام کرے گی عوام کے علاوہ کوئی اور نہیں کرسکتا۔

اور فرمانِ خداوندی ہے: ﴿یا أیها الذین آمنوا أطیعوا الله وأطیعوا الرسول وأولی الأمر منکم فان تنازعتم فی شیء فردوه الی الله والرسول ان کنتم تؤمنون بالله والیوم الآخر﴾ ''اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور حاکموں

کا جو تم میں سے ہوں پھر اگر جھگڑ پڑو کسی چیز میں تو اس کو رجوع کرو اللہ اور رسول کی طرف اگر یقین رکھتے ہو اللہ پر اور قیامت کے دن پر''۔ [نساء: ٥٨]۔

ابن القیم رحمہ اللہ اپنی کتاب ''اعلام الموقعین'' میں فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے تنازعات اور اختلافات کو اللہ اور رسول کی طرف لوٹانے کو ایمان کے اثرات اور لوزمات میں سے قرار دیا ہے۔ پس اگر اللہ اور رسول کی طرف لوٹانا منتفی ہو جائے تو ایمان بھی منتفی ہو جاتا ہے ضرورۃ انتفاء الملزوم لانتفاء الآخر انتہی اور یقیناً اپنے مقدمے کو عوام کے پاس یا اللہ کے ماسوا کسی اور طرف لیے جانے کا ارادہ کرنا شریعت کی نظر میں طاغوت کے پاس لے جانے کی طرح ہے جس کا انکار کرنا واجب ہے جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: ﴿ألم تر الی الذین یزعمون أنهم آمنوا بما أنزل الیک وما أنزل من قبلک یریدون أن یتحاکموا الی الطاغوت وقد أمروا أن یکفروا به﴾ ''کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جو دعویٰ کرتے ہیں کہ ایمان لائے اس پر جو اترا میری طرف اور جو اترا تجھ سے پہلے، چاہتے ہیں کہ قضیہ لے جائیں شیطان کی طرف اور حکم ہو چکا ہے ان کو کہ اس کو نہ مانیں''۔ [النساء: ٦٠]۔

پس اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے مقدمے کا فیصلہ کرنے کے لیے طاغوت اور طاغوتی قانون کی طرف جانے کا صرف ارادہ کرنے والے کے ایمان کو زعم اور صرف زبانی دعویٰ قرار دیا ہے، جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ اور اللہ کی شریعت کے علاوہ ہر قانون، یا ہر وہ حکم جو اللہ کی طرف سے نازل کردہ نہ ہو وہ طاغوت کے حکم میں ہے، جس کا انکار کرنا واجب ہے۔

(٤) جمہوریت کی بنیاد آزادیٔ رائے پر ہے۔ چاہے وہ اظہارِ رائے کیسی ہی کیوں نہ ہو، اگرچہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور دینی شعائر پر کیچڑ ہی کیوں نہ اچھالا جائے۔ جمہوریت میں کوئی بھی چیز ایسی مقدس نہیں ہوتی جس پر تبصرہ وتنقید جائز نہ ہو یا اس پر کیچڑ نہ اچھالا جائے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ﴿لا یحب الله الجهر بالسوء من القول الا من ظلم﴾ ''اللہ تعالیٰ کو

پسند نہیں کسی کی بُری بات کا ظاہر کرنا مگر جس پر ظلم ہوا ہو''۔(النساء: ۱۴۸)اور فرمانِ خداوندی
ہے:﴿ولئن سألتهم ليقولن انما كنا نخوض ونلعب قل أبالله وآياته ورسوله
كنتم تستهزؤن لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم ان نعف عن طائفة منكم
نعذب طائفة﴾ ''اور اگر تم ان پوچھے تو وہ کہیں گے ہم تو بات چیت کرتے تھے اور دل لگی تو کہہ
کیا اللہ سے اور اس کے حکموں سے اور اس کے رسول سے تم ٹھٹھ کرتے تھے، بہانے مت بناؤ تم تو
کافر ہو گئے اظہار ایمان کے پیچھے اگر ہم معاف کردیں گے تم میں سے بعضوں کو تو البتہ عذاب بھی
دیں گے بعضوں کو''۔[توبۃ: ۶۵، ۶۶]۔

(۵) جمہوریت کی بنیاد اس بات پر ہے کہ دین کو حکومت، سیاست اور زندگی سے الگ
کیا جائے۔ پس اللہ تعالیٰ کے لیے صرف اتنی چیز ہے کہ کسی عبادگاہ اور کسی کونے میں اس کی
عبادت کی جائے، اس کے علاوہ ضروریات زندگی، سیاست، اقتصادیات، اجتماعی امور وغیرہ یہ
عوامی خصوصیات ہیں (اس میں عوام جیسے چاہے وہ کریں، دین کا اس میں کوئی گزر نہیں) فرمانِ
الٰہی ہے:

﴿فقالوا هذا لله بزعمهم وهذا لشركآئنا فما كان لشركائهم فلا يصل
الى الله وما كان لله فهو يصل الىٰ شركائهم سآء ما يحكمون﴾ ''پھر کہتے ہیں یہ
حصہ اللہ تعالیٰ کا ہے اپنے خیال میں اور یہ ہمارے شریکوں کا ہے سو جو حصہ ان کے شریکوں کا ہے وہ
تو نہیں پہنچتا اللہ کی طرف اور جو اللہ کا ہے وہ پہنچ جاتا ہے ان کے شریکوں کی طرف کیا ہی بُرا
انصاف کرتے ہیں''۔[انعام: ۱۳۶]۔

ان کے اس قول کا فساد اور بطلان، اور اس کے قائل کا کفر بالکل واضح ہے، کیونکہ یہ
انکار کو متضمن ہے۔ جیسا کہ بالکل معلوم بات ہے۔ پس یہ دین کے ان نصوص کا صریح انکار ہے
جس میں واضح طور پر بتلایا گیا ہے کہ اسلام حکومت وسیاست، فیصلہ کرنے اور قانون سازی وغیرہ

ہر جگہ ملحوظ رکھا جائے گا۔ اور اسلام صرف چند عبادات یا چند عمارات میں محصور و محدود نہیں۔

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے دین کے ساتھ صریح کفر ہے جیسا کہ
فرمانِ الٰہی ہے:﴿أفتؤمنون ببعض الكتاب وتكفرون ببعض فما جزآء من يفعل
ذلك منكم الاخزى فى الحياة الدنيا ويوم القيامة يردون الى أشد العذاب﴾
''تو کیا مانتے ہو بعض کتاب اور نہیں مانتے بعض کو، سو کوئی سزا نہیں اس کی جو تم میں یہ کام کرتا ہے
مگر رسوائی دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے دن پہنچائے جاویں سخت سے سخت عذاب میں''۔
(البقرہ: ۸۵)اور فرمایا:﴿ويقولون نؤمن ببعض ونكفر ببعض ويريدون أن يتخذوا
بين ذلك سبيلا أولئك هم الكافرون حقا وأعتدنا للكافرين عذابا مهينا﴾
''اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعضوں کو اور نہیں مانتے ہیں بعضوں کو، اور چاہتے ہیں کہ نکالیں اس
کے بیچ میں ایک راہ، ایسے لوگ وہی ہیں اصل کافر، اور ہم نے تیار کر رکھا کافروں کے واسطے ذلت
کا عذاب''۔[نساء:۱۵۰]۔

(۶) جمہوریت کی بنیاد اس بات پر ہے کہ تمام گروہ اور سیاسی جماعتیں وغیرہ اپنی
تشکیل میں آزاد ہیں، یہ جماعتیں جو عقیدہ، خیالات اور اخلاقیات چاہیں رکھیں (ان کو مکمل
آزادی حاصل ہے) اور یہ بنیاد شرعاً باطل ہے اور اس کی کئی وجوہات ہیں:

(الف) یہ اپنی رضامندی اور خوشی سے، بغیر کسی زبردستی کے ان گروہوں اور جماعتوں
کے کفریہ اور شرکیہ رجحانات کے شرعی ہونے کے اعتراف کو متضمن ہے۔ اور ان جماعتوں اور
پارٹیوں کا اپنے باطل، فساد اور کفر کا لوگوں اور شہروں میں پھیلانے کو جائز سمجھنے کا اقرار ہے اور یہ
بات ان [illegible] سے شرعی نصوص کے مخالف ومباین ہے جو یہ ثابت کرتی ہیں کہ کفر اور بُرائی سے
انکار، اور ان کو بدلنے کا معاملہ کیا جائے، ان کے شرعی ہونے کا اقرار اور اعتراف نہ کیا جائے۔
فرمانِ خداوندی ہے:﴿وقاتلوهم حتى لا تكون فتنة و يكون الدين كله لله﴾ ''اور

لڑوں ان سے یہاں تک کہ نہ رہے باقی فساد اور حکم رہے خدا تعالیٰ ہی کا''۔[توبۃ: ۱۹۳]۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''ہر وہ جماعت جو اسلام کے ظاہری متواتر ضوابط وقوانین کی پابندی کرنے سے احتراز کرے ان سے جہاد کرنا واجب ہے تاکہ دین تمام کا تمام صرف ایک اللہ کے لیے ہو جائے''۔(انتھی کلامہ)۔

(ب) اپنی رضامندی اور خوشی سے ان کافر جماعتوں کو شرعی سمجھنے کا اعتراف کرنا یہ رضا بالکفر (یعنی کفر پر راضی ہونا) کو متضمن ہے اگرچہ اپنے منہ سے اس کا اظہار نہ کرے۔ اور کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے۔ فرمانِ خداوندی ہے: ﴿وقد نزل علیکم فی الکتاب أن اذا سمعتم آیات اللّٰہ یکفر بھا ویستھزأ بھا فلا تقعدوا معھم حتی یخوضوا فی حدیث غیرہ انکم اذا مثلھم ان اللّٰہ جامع المنافقین والکافرین فی جھنم جمیعا﴾ ''اور حکم اتار چکا تم پر قرآن میں کہ جب سنو اللہ کی آیتوں پر انکار ہوتے اور ہنسی ہوتے تو نہ بیٹھو ان کے ساتھ یہاں تک کہ مشغول ہوں کسی دوسری بات میں نہیں تو تم بھی انہیں جیسے ہو گئے۔ اللہ اکٹھا کرے گا منافقوں کو اور کافروں کو دوزخ میں ایک جگہ''۔[النساء: ۱۴۰]۔

جمہوریت کی بنیاد اس بات پر ہے کہ اکثریت کے موقف کا اعتبار کیا جائے اور جس بات پر اکثریت جمع ہو جائے اس کو اختیار کیا جائے، اگرچہ اکثریت باطل، گمراہی، صریح کفر پر ہی کیوں نہ جمع ہوں۔ (پھر بھی اسی کو اختیار کیا جائے) پس جمہوریت کی نظر میں حق بات (جس پر کسی طرح کی گرفت کرنا، یا تنقید وتبصرہ کرنا جائز ہی نہیں) وہی ہے جس کو اکثریت طے کرے اور جس پر اکثریت جمع ہوں اس کے علاوہ نہیں۔

اور یہ بنیاد ہی باطل اور قطعی طور پر غلط ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اسلام کی نظر میں حق وہ ہے جو کتاب اللہ اور سنت کے موافق ہو۔ چاہے اس کے ماننے والے کم ہوں یا زیادہ۔ اور جو بات، جو قانون کتاب وسنت کے مخالف ہو وہ باطل ہے۔ اگرچہ روئے زمین کے تمام انسان ہی

اس کے حق میں کیوں نہ ہوں۔ فرمانِ خداوندی ہے: ﴿وان تطع أکثر من فی الأرض یضلوک عن سبیل اللّٰہ ان یتبعون الا الظن وان ھم الا یخرصون﴾ ''اور اگر تو کہنا مانے گا اکثر ان لوگوں کا جو دنیا میں ہیں تو تجھ کو بہکا دیں گے اللہ کی راہ سے، وہ سب تو چلتے ہیں اپنے خیال پر اور سب اٹکل ہی دوڑاتے ہیں''۔[انعام: ۱۱۶]۔

پس یہ آیت کریمہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ روئے زمین پر اکثریت کی اتباع وپیروی کرنا یہ اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ ہو جانا ہے۔ کیونکہ اکثریت تو گمراہی پر جمع ہے اور اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے الا یہ کہ اس کے ساتھ دوسرے خداؤں کو شریک گردانتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عمر بن میمون رحمہ اللہ سے فرمایا: ''لوگوں کی اکثریت نے ہی تو جماعت کو چھوڑا ہے اور جماعت (اہل السنۃ) تو وہی ہے جو حق کے موافق ہو اگرچہ اکیلے ایک شخص ہی (اس کی پیروی واتباع کرنے والے) ہو''۔

اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''تحقیق گزرے ہوئے لوگوں میں اہل سنت بہت قلیل تعداد میں تھے اور باقی رہ جانے والے لوگوں میں بھی وہ قلیل تعداد میں ہیں۔ اور وہ (اہلسنت) ایسے لوگ ہیں جو عیش پرست لوگوں کے ساتھ ان کے عیش وعشرت میں شریک نہ ہوں، اور نہ ہی بدعتی لوگوں کے ساتھ ان کی بدعات میں ساتھ دیں۔ اور انہوں نے سنتوں پر عمل کرنے پر صبر کیا یہاں تک کہ وہ اپنے رب سے جا ملے۔ پس تم بھی ان جیسے بن جاؤ۔

جس چیز پر نظریں اٹھتی ہیں اور جس چیز پر تعجب بڑھتا ہے وہ یہ ہے کہ جمہوریت کی آپس کی لڑائیوں نے اپنے برے اور نقصان دہ نتائج سے مسلمانوں کو اس نتیجے پر پہنچایا ہے کہ ان میں ضعف، اختلاف، تفرقہ، پھوٹ اور فرقہ بندی کو جنم دیا۔ اس طرح کہ ایک جماعت سے کئی جماعتیں ایک گروہ سے کئی گروہ میں بٹ گئے اور ایک تحریک سے کئی تحریکیں بن گئیں جو ساری آپس میں ایک دوسرے سے نفرت اور بغض رکھتی ہیں۔

دنیا میں اب بھی بہت اقوام جمہوریت کو خوشگوار محسوس کرتی ہیں اور اس کا دفاع کرتی ہیں۔گویا کہ وہ جمہوریت کے مالک اور اس کے بنانے والے ہیں۔ان کے دلوں میں جمہوریت کی محبت اس طرح پلائی گئی ہے جیسا اس سے پہلے بنو اسرائیل کے قلوب میں بچھڑے کی محبت پلائی گئی تھی۔پس ان کو ان کی سماعت نے کوئی فائدہ نہ پہنچایا کہ ان کو آیات قرآنیہ اور نصوص شرعیہ اس سے باز رکھتی، اور نہ ہی ان کی عقلوں اور بصارتوں نے ان کو کوئی فائدہ پہنچایا کہ وہ جمہوریت کے نتیجے میں واقع ہونے والی تلخ حقیقت کا ادراک کرسکیں۔اور بعض لوگ یہ عذر لنگ پیش کرتے ہیں کہ وہ ''مصلحت'' اور جمہوریت کی راہ سے اقتدار اعلی حاصل کرتے ہیں اور اس کو انہوں نے شرعی اور دینی مقاصد کے لیے راستہ بنایا ہوا ہے۔لیکن انہوں نے اللہ کے دین میں ان وسائل کی مشروعیت اور ان کے احکام کی طرف توجہ نہیں دی۔اور ''مصلحت'' اور ''مقصد'' کے نام پر مضبوط عقیدے اور صحیح نصاب سے سودا بازی اور تبادلہ کے سوراخ میں داخل ہوگئے ہیں۔

امام طبری رحمہ اللہ اپنی تفسیر میں روایت کرتے ہیں کہ ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل، اسود بن عبدالمطلب اور اُمیہ بن خلف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ: ''اے محمد (ﷺ) آؤ ہم بھی اسی کو پوجیں جس کو آپ پوجتے ہیں، اور آپ بھی اسی کو پوجیں جس کو ہم پوجتے ہیں اور ہم آپ کو اپنے تمام امور میں شریک کرلیں گے۔پس جو چیز آپ لائے ہیں اگر وہ اس چیز سے بہتر ہوئی جس پر ہم ہیں تو ہم آپ کے شریک ہیں اور آپ کی لائی ہوئی ہدایت سے اپنا حصہ وصل کرلیں گے۔اور اگر آپ کی لائی ہوئی ہدایت کے مقابلے میں وہ چیز بہتر ہوئی جو ہمارے پاس ہے تو آپ ہمارے شریک ہیں اور اپنا حصہ وصول کرلیں گے''۔تو اس پر یہ سورت نازل ہوئی، ﴿قل یا أیها الکافرون﴾۔

تحقیق اس واقعہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کہ آپ اسلام اپنی دعوت سے دست بردار ہوجائیں تو وہ اپنی بات سے دستبردار ہوجائیں گے تاکہ

دونوں فریق ایک ہی نقطہ پر متحد و متفق ہوجائیں۔کوئی کہہ سکتا ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی موافقت کرلیتے تو اچھا ہوتا اور ان سے مطالبہ کرلیتے کہ وہ پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت شروع کردیں۔کیونکہ مشرکین جب اسلام کو جان لیتے تو پھر ہرگز اس نہ پھرتے اور اس صورت میں اسلام کا بڑا فائدہ ہوتا اور اسلام کی مدد ہوجاتی۔اور مسلمان آزمائش میں مبتلا تھے ان سے بھی نجات مل جاتی۔

جواب اس کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس قضیے کا فیصلہ صادر فرمایا: ﴿لا أعبد ما تعبدون ولا أنتم عابدون ما أعبد﴾ ''میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو، اور نہ تم پوجو جس کو میں پوجوں''۔اور آخر میں فرمایا: ﴿لكم دينكم ولي دين﴾ ''تم کو تمہاری راہ اور مجھ کو میری راہ''۔

پس یہ بنیادی قضیہ ہے جو کسی قسم کی سودے بازی کو قبول نہیں کرتا، اور نہ ہی چیونٹی کے قدم کے فاصلے کے برابر دست برداری کو قبول کرتا ہے۔یہ عقائد کے مسائل میں سے ہے بلکہ یہ خود ہی ایک عقیدہ ہے۔اس قضیے پر غور وفکر کیجئے۔قرآن نے کیسے قطعی طور پر اس کا فیصلہ فرمایا ہے اور اس میں وہ اسباق ہیں جس کے ہم اس زمانے میں سخت محتاج ہیں۔بلکہ عصرِ حاضر اور مستقبل کے لیے ہمارے لیے وہ واضح روشن پروگرام ہے جس کے ذریعے ہم اعداءِ اسلام کا سامنا کرسکتے ہیں۔

پس اے مسلمان! اگر تم ان کافروں سے مصالحت بھی کرو تو وہ تم سے مصالحت نہیں کریں گے الا یہ کہ تم اپنے دین کو چھوڑ دو اور ان کے ناپاک جمہوری نظام کے ذریعے ان کی مدد کرنے اور اطاعت کرنے میں داخل ہوجاؤ۔اور خصوصاً جبکہ وہ زیادہ وقوت میں ہیں اور معرکہ کے قوی جانب میں ہیں۔اور اگر تمہیں یہ لالچ ہے کہ کفار بغیر ان کی اتباع کیے تم سے راضی ہو جائیں گے تو یہ آپ کا وہم ہے۔آپ کو چاہئے کہ آپ از سرِ نو قرآن پاک پڑھیں۔اور قریب

وبعید کی تاریخ کی مراجعت فرمائیں۔ تاکہ آپ عذر، بغض اور جرائم کے صفحات کا مطالعہ فرمائیں جوان کافروں نے اسلام اور مسلمانوں پر کیے اور ابھی تک کر رہے ہیں۔

پس اے مسلمان! اگر تم ان کافروں سے مصالحت بھی کرو تو وہ تم سے مصالحت نہیں کریں گے الا یہ کہ تم اپنے دین کو چھوڑ دو اور ان کے ناپاک جمہوری نظام کے ذریعے ان کی مدد کرنے اور اطاعت کرنے میں داخل ہو جاؤ۔ اور خصوصاً جبکہ وہ زیادہ وقوت میں ہیں اور معرکہ کے قوی جانب میں ہیں۔ اور اگر تمہیں یہ لالچ ہے کہ کفار بغیر ان کی اتباع کیے تم سے راضی ہو جائیں گے تو یہ آپ کا وہم ہے۔ آپ کو چاہئے کہ آپ از سرِ نو قرآن پاک پڑھیں۔ اور قریب وبعید کی تاریخ کی مراجعت فرمائیں۔ تاکہ آپ عذر، بغض اور جرائم کے صفحات کا مطالعہ فرمائیں جوان کافروں نے اسلام اور مسلمانوں پر کیے اور ابھی تک کر رہے ہیں، انتہی۔

دین اسلام، پیغمبر اسلام اور قرآن عظیم کی توہین بھی بالاجماع ارتداد اور کفر کا سبب ہے، آئندہ سطور میں اس کی تفصیل مع الادلہ ملحوظ ہو، یہ مضمون ''شیخ انور العولقی شہید'' رحمہ اللہ کے خطبہ سے مأخوذ ہے جس کا ترجمہ ''ام ہمام'' صاحبہ نے کیا ہے، اور اس کا نام رکھا ہے ''یہ غبار نہ چھٹنے پائے گا'':

کفار حضور ﷺ کی نبوت کا انکار کرنے کے لئے جواز پیش کرتے تھے ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو بنانا ہوتا مکہ یا مدینہ کے کسی بڑے رئیس یا سردار کو کیوں نہ بناتا، تاکہ لوگ اس بات کی توجہ سے سنتے اور اس کے اثر و رسوخ اور معاشرے میں ان کے مقام کی وجہ سے جلد اس کے مطیع ہو جاتے، ان کی اس بات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کچھ یوں ذکر کیا ہے:

﴿وقالو لولا نزل هذا القرآن علىٰ رجل من القريتين عظيم﴾

''اور کہتے ہیں کہ کیوں نہ اترا یہ قرآن کسی بڑے آدمی پر ان دو بستیوں میں سے''۔

(زخرف:۳۱)

یہ کفار کا قول ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں:

﴿الله أعلم حيث يجعل رسالته﴾

''اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ رسالت کہاں بھیجے اپنی''۔ (الانعام:۱۲۴)۔

کفار کی طرف سے بتائے گئے رسالت کے مجوزہ امیدواروں میں سے ایک عروہ بن مسعود ثقفی تھے۔ جن کا تعلق طائف سے تھا۔ برسوں بعد ایک مہم میں کفار مکہ نے عروہ بن مسعود ثقفی کو بطور ایلچی محمد ﷺ سے ملاقات کے لئے بھیجا تاکہ وہ ان سے معاہدے کے لئے مذاکرات کریں جو بعد میں معاہدۂ حدیبیہ کے نام سے معروف ہوا۔ (گوکہ وہ معاہدے کی شرائط طے کرنے میں ناکام رہے تھے اور معاہدہ بعد ازاں ایک اور ایلچی سہیل بن عمرو کے ساتھ طے کیا گیا) کفار کے نمائندے کی حیثیت سے جب عروہ بن مسعود حدیبیہ کے مقام پر مسلمانوں کے پڑاؤ میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کرنے آئے تو انہیں محسوس ہوا کہ گویا وہ کسی دوسری دنیا میں قدم رکھ رہے تھے۔

صحابہ کی وارفتگی کا عالم

عروہ بن مسعود ثقفی جب رسول اللہ ﷺ کی زیارت کے لئے آئے تو انہوں نے اپنی آنکھوں سے ایسے مناظر دیکھے جنہوں نے انہیں حیران وششدر کر کے رکھ دیا۔ جب رسول اللہ ﷺ وضو فرماتے تو صحابہ کرامؓ آگے بڑھ کر وضو کا پانی جو آپ ﷺ کے جسم اطہر سے ٹپکتا تھا، اپنے ہاتھوں میں لے کر اپنے چہرے میں مل لیتے تاکہ رسول اللہ ﷺ سے برکت حاصل کی جا سکے اور جب آپ ﷺ کا کوئی بال جسم اطہر سے گرتا تو بھی اس کو حاصل کرنے کا لپکتے۔ رسول اللہ ﷺ جب ان کو کوئی حکم دیتے تو وہ سرعت کے ساتھ اس کی تکمیل میں لگ جاتے۔

جب عروہ بن مسعود ثقفی رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کر رہے تھے تو وہاں ایک زرہ پوش

جوان بھی کھڑا تھا جب کبھی عروہ نبی ﷺ کی داڑھی مبارک کو تھامنے کے لئے ہاتھ آگے بڑھاتے تو یہ جوان جو حضور ﷺ کے پیچھے کھڑا تھا، عروہ بن مسعود ثقفی کو اپنی تلوار کے دستے سے ضرب لگاتا اور کہتا تھا۔ اپنے ہاتھ دور کھینچ لو اس سے پہلے کہ یہ تمہارے پاس واپس نہ لوٹ سکیں۔'' اس پر عروہ بن مسعود ثقفی نے کہا۔'' میرے خیال میں یہ شخص آپ لوگوں میں بڑا سخت اور درشت ہے۔ آخر کون ہے یہ؟'' نبی ﷺ مسکرائے اور فرمایا: '' یہ تمہارا بھتیجا ہے۔۔۔ مغیرہ بن شعبہ ثقفی ؓ۔۔۔'' یہ عروہ بن مسعود کے بھتیجے تھے لیکن اب چونکہ وہ مسلمان ہو چکے تھے اور نبی ﷺ سے محبت اور ان کی جانثاری کا جذبہ اس قدر تھا کہ انہوں نے اپنے چچا کو حضور اکرم ﷺ کی داڑھی چھونے کی بھی اجازت نہ دی۔ عروہ بن مسعود ثقفی کو اس بات سے لازمی طور پر صدمہ پہنچا۔

ذرا اپنے آپ کو اس معاشرے میں لے جایئے، خود کو ان کی جگہ تصور کیجئے اور سوچئے جیسے وہ سوچا کرتے تھے اور ان حالات کو سمجھنے کی کوشش کیجئے جوان لوگوں کے گرد تھے یہ ایک قبائلی معاشرہ تھا جہاں قبیلہ اور خاندانی رشتے ہی سب کچھ تھے اور عروہ بن مسعود ثقفی یہ دیکھ کر سخت حیران ہوئے کہ اسلام نے کس طرح ان کے بھتیجے کی کایا پلٹ دی اور وہ کیسے ان کے ساتھ پیش آرہا تھا۔۔!

عروہ بن مسعود ثقفی جب قریش کی طرف واپس لوٹے تو ان کو بتایا۔'' اے قریش کے لوگوں! میں نے دنیا کے بادشاہوں کی زیارت کی ہے، میں نے قیصر و کسریٰ سے ملاقاتیں کی ہیں اور میں نے کبھی کسی بادشاہ کے تابع فرمانوں کو اپنے لیڈر کے لئے اتنا فدا کار نہیں پایا جتنا صحابہ کرامؓ کو محمد ﷺ کے لئے جاں نثار کرنے کے جذبوں سے معمور پایا ہے اور میں نے کبھی کسی بادشاہ کے اطاعت گزاروں میں ایسی اطاعت نہیں دیکھی جیسی صحابہؓ کی اللہ کے رسول ﷺ کے لئے دیکھی۔ جب بھی وہ ان کو کوئی حکم دیتے تو وہ دوڑ کر اس کی تعمیل کرتے تھے اور جب بھی حضور اکرم ﷺ صحابہ سے مخاطب ہوتے تو وہ یوں خاموش ہو جاتے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے

ہوں جوان کے بولنے سے اڑ جائیں گے۔ جب رسول ﷺ وضو کرتے تو آپ ﷺ کے صحابہ دوڑ کر جسم اطہر سے گرنے والے پانی کو حاصل کرتے اور اگر آپ ﷺ کا کوئی بال گرتا تو سبھی اس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے۔۔۔ پس اے قریش کے لوگوں! محمد ﷺ نے تم لوگوں کو ایک پیشکش کی ہے اس کو قبول کر لو، کیونکہ میں نہیں سمجھتا کہ ان کے جانثار کبھی ان کا ساتھ چھوڑیں گے۔۔۔۔!!''

یہ وہ تاثر تھا جو کفار اہل ایمان کے بارے میں رکھتے تھے کہ وہ کبھی نبی ﷺ کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے اور کبھی ان کو دغا نہیں دیں گے اور نہ تنہا چھوڑیں گے بلکہ آخری آدمی تک نبی ﷺ کی حفاظت کے لئے جنگ کریں گے۔۔۔ مگر اب وقت تبدیل ہو چکا ہے! وہ رسول ﷺ کا وقت تھا اور عروہ بن مسعود کی گواہی تھی۔۔۔ جبکہ آج حالات یکسر مختلف ہیں۔

کچھ عرصہ قبل اللہ کی کتاب کو کچھ امریکی فوجیوں نے بطور مشق ہدف کے طور پر استعمال کیا اور یہ واقعہ کہاں پیش آیا؟ ایک مسلمان ملک میں جو اسلامی دنیا کے قلوب میں واقع ہے۔۔۔ پھر کیا ہوا؟؟؟ اسلامی دنیا کی طرف سے ردعمل خاموشی تھی۔۔!!

اس سے پہلے جب ڈنمارک میں کارٹونوں کی اشاعت کا قضیہ وقوع پذیر ہوا تو مسلم دنیا سخت غضب ناک ہوئی لیکن پھر جب سویڈن میں ایسا ہی واقعہ پیش آیا جو کہیں زیادہ بدتر تھا، رد عمل مقابلتاً کم تھا اور اب بتدریج ردعمل کم ہو رہا ہے۔ سو ہمارے دشمنوں نے ہمیں کامیابی کے ساتھ بے حس کر دیا ہے۔۔

جب یہ واقعہ پہلی دفعہ پیش آیا تو ہر کوئی اس کے بارے میں سوچ رہا تھا اور اس کی مذمت کر رہا تھا اور اس معاملے پر متاسف تھا مگر پھر آہستہ آہستہ ہم اس کے عادی ہی ہوتے چلے گئے یہاں تک کہ کفار گستاخی کی آخری حد تک پہنچ گئے ہیں۔۔۔ مگر ردعمل کیا ہے؟ بہت تھوڑا۔۔۔!!

آیئے ذرا ایک نظر اپنے درخشندہ ماضی پر ڈالتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ تب گستاخان کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا تھا؟ کیونکہ یہ وہ چیز ہے جو ہمارے قلوب واذہان کو منور کرنے کا سبب بنے گی، اور بالآخر ہمارے اندر یہ احساس بیدار ہوگا کہ گستاخان رسول کا انجام وہی ہونا چاہئے جو صحابہؓ نے کیا اور بے شک اس معاملے میں بھی ہمیں صحابہ کرامؓ ہی کی اتباع کرنی چاہئے۔

گستاخ کعب بن اشرف کا انجام

کعب بن اشرف ایک یہودی لیڈر اور بہت ہی فصیح شاعر تھا۔ جب غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی فتح کی خبر مدینہ پہنچائی گئی اور یہ خبر کعب بن اشرف کے کانوں تک پہنچی تو وہ بے اختیار بول پڑا:

''اگر یہ خبر سچی ہے تو ہمارے لئے زمین کے اوپر والے حصے میں ہونے کے بجائے نیچے والے حصے میں ہونا بہتر ہے (یعنی ہمارے لئے مرنا بہتر ہے)۔ قریش کی شکست کے بعد زندہ رہنے میں کیا خیر باقی ہے۔۔۔۔۔''

پھر اس نے شعر کہنے شروع کیے جس میں وہ مشرکین کے نقصان پر مرثیے کہتا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے خلاف ہرزہ سرائی کرتا اور اسی پر بس نہیں بلکہ اس نے تو مسلمان خواتین کو بھی نو چھوڑا اور ان کے خلاف بھی شعر کہنے لگا اور اپنی ان حرکتوں پر داد وصول کرنے اور مشرکین مکہ کو اپنی امداد اور تعاون کا یقین دلانے کی خاطر وہ گاہے بگاہے مکہ بھی جاتا۔ جب اس کی یہ حرکتیں حد سے بڑھنے لگیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کون ہے جو کعب بن اشرف سے نمٹے؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچائی ہے''۔

قبیلہ اوس سے تعلق رکھنے والے ایک صحابی محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا:'' اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ خدمت سرانجام دوں گا۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اس کو قتل کردوں؟''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''ہاں''۔ پس محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے وعدہ کرلیا کہ وہ گستاخ رسول کعب بن اشرف کو قتل کر کے رہیں گے۔ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے واپس گھر لوٹے اور اس معاملے پر غور و خوض شروع کیا تو انہیں احساس ہوا کہ یہ کام آسان نہیں، کیونکہ کعب بن اشرف ایک قلعے کے اندر یہودی بستی میں رہ رہا تھا۔ ان حالات میں اس کو قتل کرنا یقیناً ایک مشکل کام تھا۔ جاں نثار رسول محمد بن مسلمہ سخت متفکر ہوگئے، اس لئے نہیں کہ اس کام میں ان کی جان کو شدید خطرہ تھا کیونکہ وہ تو ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اپنا سب کچھ محض اللہ کی رضا کے حصول کے لئے نچھاور کرنے کا عزم کر رکھا تھا۔ انہیں اپنی جان کی تو کچھ فکر نہ تھی بلکہ فکر تھی تو اس بات کی کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہوا اپنا وعدہ پورا نہ کرسکیں۔ وعدہ پورا کیے بغیر مرنا بھی ان کو گوارا نہ تھا۔ ان کی اس فکر نے ان کو کھانے پینے سے بھی روک دیا۔ تین دن تک لگاتار صبح وشام آپ اپنے وعدے کی تکمیل کے بارے میں سوچتے رہے، جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھنے کے لئے آپ بمشکل تھوڑا بہت کھانا کھاتے اور ہر وقت اس فکر میں رہتے کہ کس طرح گستاخ رسول کو ٹھکانے لگایا جائے۔

اس بات کی خبر حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ان کا بلایا اور فرمایا: ''اے محمد بن مسلمہ! تمہارے ساتھ کیا مسئلہ پیش آیا ہے؟ کیا یہ بات صحیح ہے کہ تم نے کھانا پینا چھوڑ دیا ہے؟'' محمد بن مسلمہ نے جواب دیا:''ہاں! یا رسول اللہ۔'' رسول اللہ ﷺ نے وجہ پوچھی تو جواب دیا:''اے اللہ کے رسول ﷺ! میں نے آپ ﷺ کے ساتھ ایک وعدہ کیا ہے اور سوچتا ہوں کہ کیا میں کامیابی کے ساتھ اس کو پورا کرسکوں گا؟'' اس پر نبی ﷺ نے جواب دیا:'' تم پر اپنی استطاعت اور طاقت کے مطابق بھرپور کوشش کانا لازم ہے اور اس کوشش کا کیا نتیجہ نکلتا ہے یہ تم االلہ پر چھوڑ دو''۔

ذرا لمحہ بھر کو یہاں توقف کریں اور غور کریں کہ کیسا جاں نثارانہ جوش اور جذبہ تھا صحابہ

کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پاس۔۔۔۔۔کیسی شدید محبت تھی ان کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ کہ فکر تھی تو اپنی جان کی نہیں بلکہ اس بات کی کہ وعدہ کیسے پورا کیا جائے۔۔۔۔اور وہ (محمد بن مسلمہ) اس بات پر متفکر تھے کہ کھانا پینا چھوٹ گیا اور وہ اس قابل نہ رہے کہ معمولات زندگی کو معمول کے مطابق چلائیں کیونکہ ان کے لئے توہین رسالت بہت سنجیدہ معاملہ تھا۔۔۔وہ تو ان لوگوں میں سے تھے جو یہ بھی پسند نہیں کرتے تھے کی نبی ﷺ کو ایک کانٹا بھی چبھے اور وہ اپنے گھروں میں آرام سے بیٹھے رہیں اور آج۔۔۔۔نبی ﷺ کی ناموس کو کس طرح یکے بعد دیگرے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔۔۔۔توہین رسالت کا وہ کون سا طریقہ ہے جو ملعون کفا رنے چھوڑا۔۔ذرا دل پر ہاتھ رکھ کے بتائیں کہ کیا آپ کا دل تڑپ رہا ہے؟ ذرا بتائیں آپ کتنے متفکر ہیں؟ ہم کتنے متفکر ہیں ناموس رسالت کی حفاظت اور گستاخان رسول کو انجام بد تک پہنچانے کیلئے؟ ذرا موازنہ تو کریں اپنی فکر اور تڑپ کا صحابہؓ اور قرون اولیٰ کے مسلمانوں کو اس معاملے میں فکر اور تڑپ سے تو جب رسول ﷺ کے بلند بانگ دعووں کی قلعی کھل جاتی ہے !!۔۔اگر کوئی گستاخان رسول کو انجام بد تک پہنچانے میں سنجیدہ ہے تو اسے اصحاب رسول ﷺ کا طریقہ کار اپنانا پڑے گا۔ان جیسا جذبہ اور تڑپ پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

غرض یہ کہ جب محمد بن مسلمہؓ نے حضور ﷺ سے تسلی کے کچھ کلمات سنیں تو آپ کو کچھ اطمینان نصیب ہوا۔ بعد ازاں محمد بن مسلمہ نے حضور ﷺ کو اپنے منصوبے کے حوالے سے بتایا کی کعب بن اشرف کا قرب حاصل کرنے کے لئے انہیں مسلمانوں اور حضور ﷺ سے بیزاری کا اظہار کرنا پڑے گا، اور ان کے خلاف بولنا پڑے گا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''جو چاہتے ہو کہو۔'' (یعنی لڑائی کے حربے کے طور پر تم مسلمانوں کے خلاف بات کرو تو تم سے مواخذہ نہ ہوگا)۔اس طرح حضور ﷺ سے اجازت لے کر محمد بن مسلمہؓ اور قبیلہ اوس کے انصار کا ایک چھوٹا سا گروہ کعب بن اشرف سے ملاقات کو گیا تاکہ اس کا اعتماد حاصل کر سکیں اور اسے اپنے جال میں

پھانس سکیں۔ محمد بن مسلمہ کے ساتھیوں میں ایک ابو نائلہ بھی تھے جو کہ کعب بن اشرف کے رضاعی بھائی تھے۔ جب گفتگو کا آغاز ہوا تو انہوں نے کعب کو بتلایا: ''یہ شخص (محمد ﷺ) ہمارے لئے ایک آفت اور آزمائش بن گیا ہے اور مدینہ میں اس کی موجودگی ہمارے لئے ایک مسئلہ بن گئی ہے (معاذ اللہ) اور محض ان کی وجہ سے تمام عرب اہل مدینہ سے جنگ پر اتر آئے ہیں اور ان کو اپنا دشمن گردانتے ہیں۔

کعب نے کہا: ''میں نے تو پہلے ہی تم لوگوں کو بتایا تھا اور ابھی تو تم مزید برے وقت کا مشاہدہ کرو گے۔'' محمد بن مسلمہ نے کہا: ''خیر ہم انتظار کرنا چاہتے ہیں اور دیکھنا چاہتے ہیں کہ یہ معاملہ کیسے اختتام پذیر ہوگا۔ اے کعب اس شخص کی وجہ سے ہماری معاشی حالت بگڑ گئی ہے ہم تم سے کچھ ادھار لینا چاہتے ہیں اور ضمانت کے طور پر ہمیں کیا چیز تمہارے حوالے کرنا ہوگی؟ کعب نے کہا: ''اپنے بچے میرے پاس چھوڑ جاؤ۔'' یہ سن کر محمد بن مسلمہ اور اس کے ساتھیوں نے کہا: ''ہم اپنے بچے تمہارے پاس چھوڑ جائیں اور پھر زندگی بھر لوگ ان کو بتایا کریں گے کہ تمہارے والدین نے تھوڑے سے پیسوں کے لئے تمہیں گروی رکھوا دیا تھا اور یہ بات ساری زندگی ان کے لئے عار ہوگی''۔ اب کعب نے کہا: ''پھر اپنی خواتین کو میرے پاس بطور ضمانت چھوڑ جاؤ۔'' محمد بن مسلمہ اور ان کے ساتھیوں نے کہا: ''ہم اپنی خواتین تمہارے پاس کیسے چھوڑ جائیں جب کہ تم حسین مرد ہو، ہاں مگر ہم اپنے ہتھیار لا کر تمہارے پاس گروی رکھوا سکتے ہیں۔'' کعب نے یہ بات منظور کر لی اور ہتھیار گروی رکھوا کر ادھار لینے کے لئے اگلی ملاقات کا دن طے پا گیا۔اس طرح محمد بن مسلمہ نے ہتھیار بند ہو کر کعب بن اشرف کے ہاں آنے کی راہ ہموار کر لی۔

مقررہ روز رات گئے محمد بن مسلمہ اور ان کے ساتھی وہاں پہنچے اور اسے پکارا۔ کعب کی بیوی نے کہا کہ: ''میں اس پکار میں خون کی بو سونگھ سکتی ہوں''۔ کعب نے کہا: فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں یہ محمد بن مسلمہ ہے میرا دوست اور میرا بھائی ابو نائلہ ہے۔ (اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ

ان کے درمیان زمانہ جاہلیت میں دوستانہ تعلقات تھے) سو وہ قلعہ سے نیچے اتر گیا۔اس سے پہلے محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ یہ طے کر چکے تھے کہ جب تم لوگ مجھے اس کا سر تھامے ہوئے دیکھو تو اس پر جھپٹ پڑو اور اپنی تلوار سے اس کے ٹکڑے کر ڈالو۔پس جب کعب بن اشرف نیچے اترا تو انہوں نے اس سے کہا: ''کیا خیال ہے کیوں نہ شعب العجوز چل کر وہاں گپ شپ میں رات گزاریں؟'' کعب نے اس رائے کا خیر مقدم کیا اور ان کے ساتھ چل پڑا۔اس طرح جانثاران رسول ﷺ اس قابل ہوئے کہ کعب کو اس کی محفوظ پناہ گاہ اور اس کے ہم مذہب لوگوں کے درمیان سے نکال کر وہاں سے دور شعب العجوز لے جائیں۔کعب نے اپنے سر میں مشک یا کوئی اور خوشبو لگا رکھی تھی۔پس جب وہ ادھر پہونچے تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کعب سے کہا: ''اخاہ! یہ خوشبو جو تمہارے سر سے اٹھ رہی ہے کتنی پیاری ہے۔کیا میں اسے سونگھ سکتا ہوں؟ کعب نے کہا ''ہاں سونگھ لو'' سو محمد بن مسلمہ نے اس کا سر تھاما، اپنی طرف کھینچا اور سونگھا۔تھوڑی دیر بعد آپ نے کہا: ''یہ خوشبو تو بڑی شاندار ہے۔کیا میں اسے دوبارہ سونگھ سکتا ہوں؟ اس نے پھر اجازت دے دی تو محمد بن مسلمہ نے اس کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور ان کے ساتھیوں نے اس ملعون پر حملہ کر دیا۔اسی اثناء میں اس نے مدد کے لئے چلانا شروع کر دیا۔آس پاس کے قلعوں کی روشنیاں جل اٹھیں مگر اس سے پہلے کہ کوئی کعب بن اشرف کی مدد کے لئے نکلتا محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اپنا چاقو نکال کر کعب کے پیٹ میں گھونپ دیا یہاں تک کہ چاقو کا پھل اس کی ریڑھ کی ہڈی تک اتر گیا اس طرح اس کی موت کو یقینی بنا کر یہ گروہ انصار وہاں سے فرار ہو گیا۔اس طرح محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اور قبیلہ اوس سے تعلق رکھنے والے ان ساتھیوں نے ایک ایسے شخص کو اپنے منطقی انجام تک پہونچا کر دم لیا جس نے اللہ کے رسول ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کی تھی۔

کعب کے قتل کے نتائج

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ نے اس قصہ کا تذکرہ اپنی کتاب ''الصارم المسلول علی شاتم

الرسول'' (شاتم رسول پر سونتی ہوئی تلوار) میں کیا ہے اور انہوں نے چند چیزوں کا ذکر کیا ہے جن کو ہم یہاں دہرائیں گے۔

سب سے پہلے وہ سیرت کے علماء میں سے ایک عالم واقدی کا بیان پیش کرتے ہیں:

واقدی اس واقعہ کے نتائج پر بحث کرتے ہیں کیونکہ اپنے نتائج کے اعتبار سے یہ ایک بڑا اہم واقعہ تھا اس نے مدینہ میں رہنے والے مشرکین اور یہودیوں میں ہلچل پیدا کر دی تھی۔واقدی لکھتے ہیں کہ یہودی مشرکین کے ساتھ مل کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور شکایت کی کہ گزشتہ رات ان کے ایک معزز آدمی کو دھوکہ سے قتل کر دیا گیا۔(انہوں نے قتل کے لیے غلہ کا لفظ استعمال کیا جس کا مطلب ہے کسی کو چپکے سے بےخبری میں قتل کر دینا) انہوں نے کہا کہ اس کو بغیر کسی جرم کے قتل کر دیا گیا۔

کعب بن اشرف کو کیوں قتل کیا گیا؟ یہ تھا وہ سوال جسے لے کر وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔کیونکہ مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ایک امن معاہدہ موجود تھا معاہدے کے ہوتے ہوئے کعب کو کیوں قتل کیا گیا؟ آخر یہ واقعہ کیوں پیش آیا؟ کیا مسلمان اس معاہدے کو سبوتاژ کرنا چاہتے تھے؟ یہ تھے وہ سوالات جن کے جوابات یہود جاننا چاہتے تھے۔حضور نبی کریم ﷺ نے ان کے سوالات کے جوابات میں فرمایا: ''اگر وہ پرسکون رہتا ان لوگوں کی طرح جو اس کے ہم خیال ہیں اور اس جیسی رائے رکھتے ہیں تو وہ قتل نہ کیا جاتا۔مگر اس نے ہمیں نقصان پہونچایا اور اپنی شاعری سے ہماری ہجو کی ہے۔اگر تم میں سے کوئی اور بھی یہ کام کرے گا تو ہم اس کے ساتھ تلوار ہی سے نمٹیں گے''۔

ذرا حضور ﷺ کے جواب پر غور کیجئے: رسول اللہ ﷺ کہہ رہے ہیں کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو مسلمانوں اور رسول ﷺ کے لیے کعب بن اشرف جیسا بغض وعناد رکھتے ہیں، سو وہ اپنے کفر کی وجہ سے قتل نہیں کیا گیا تھا نہ ہی وہ اس وجہ سے قتل کیا گیا تھا کہ وہ اللہ کے رسول ﷺ

سے نفرت کرتا تھا یا مسلمانوں سے بغض وعناد رکھتا تھا۔ نہیں! یہ مرض تو بہت سے لوگوں کے دلوں میں موجود تھا جن سے کوئی تعرض نہ کیا گیا۔ پس اگر وہ پرسکون رہتا جیسے کہ اس جیسے باقی لوگ رہے تو اس کو بھی قتل نہ کیا جاتا۔ مگر کیونکہ اس نے زبان درازی کی اور نبی ﷺ کی ہجو بیان کی تو اس کی گردن ماردی گئی۔ اور پھر آپ ﷺ نے یہودیوں پر واضح کر دیا کہ اگر یہود یا مشرکین میں سے کسی نے آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کی اور اپنے دل میں چھپے ہوئے بغض وعناد کو ظاہر کر دیا تو ایسا کرنے والے سے اسی طرح نمٹا جائے گا جیسے کعب بن اشرف سے نمٹا گیا تھا۔

آپ ﷺ کے الفاظ کا مفہوم تھا: ''ہمارے اور تمہارے درمیان پھر تلوار کے علاوہ اور کچھ نہ ہوگا، کوئی مذاکرات نہ ہونگے اور نہ ہی کوئی معافی ہوگی۔ مفاہمت کی کوئی کوشش نہ کی جائے گی اور ہمارے اور تمہارے درمیان صرف تلوار ہوگی۔۔۔۔۔'' اور یہ بات آپ ﷺ نے ان پر روز روشن کی طرح واضح کردی تھی۔ پھر آپ ﷺ نے کفار کو بلایا اور ایک دستاویز پر دستخط کیے جس میں ان سب نے یہ عہد کیا کہ وہ حضور ﷺ کے خلاف نہیں بولیں گے اور اگر کوئی بولے گا تو اس کا فیصلہ تلوار کرے گی۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کہتے ہیں کہ: یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو اذیت پہونچانا ایک حجت ہے مسلمانوں کو ترغیب دلانے کے لئے کہ وہ قتل کریں ہر اس شخص کو جس نے یہ فعل کیا، چاہے ان کے مسلمانوں کے ساتھ معاہدے ہی کیوں نہ ہوں، حتیٰ کہ وہ ذمی ہی کیوں نہ ہوں۔

ابن تیمیہ نے اپنی کتاب میں اس حکم کے خلاف اٹھنے والے اعتراضات اور شکوک کا بھی جواب دیا ہے۔ انہوں نے اس قصے کو دلیل کے طور پر اعتراضات کا رد کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ کچھ لوگوں نے کوشش کی ہے کہ اس حدیث کے مطلب کو موڑیں اور کہیں کہ کعب کو اس لئے قتل کیا گیا کیونکہ وہ **کفار** کو محمد ﷺ **کے خلاف** لڑنے پر ابھار رہا تھا اور اسے اس کے

گستاخانہ الفاظ کی وجہ سے قتل نہیں کیا گیا۔ ابن تیمیہؒ کہتے ہیں: ''نہیں! وہ اپنی گستاخانہ شاعری کی بدولت قتل کیا گیا جو کہ اس کے سفر مکہ پر روانہ ہونے سے پہلے بھی موجود تھی۔ سو اس کا تعلق ہرگز مکہ جانے اور وہاں ان کو مسلمانوں کے خلاف لڑائی پر ابھارنے سے نہیں بلکہ اس کے قتل کا براہ راست تعلق اس کی گستاخانہ شاعری سے ہی تھا''۔

آگے چل کر وہ لکھتے ہیں: ''ابن اشرف نے جو بھی کیا وہ زبان سے تکلیف پہونچانے کی صورت میں تھا۔ کفار کے مرنے پر مرثیہ نگاری اور ان کو لڑائی پر ابھارنا، مسلمانوں کو گالیاں دینا اور نبی ﷺ کی شان میں گستاخی کرنا، دین اسلام کو نیچا دکھانا اور مشرکین کے دین کو ترجیح دینا، یہ سب کچھ زبان سے نکلے ہوئے الفاظ تھے۔ اس نے جسمانی طور پر مسلمانوں کے خلاف کوئی لڑائی شروع نہیں کردی تھی۔ جو کچھ اس نے کہا وہ یہ تھا کہ اس نے اہل ایمان کو اپنی زبان سے تکلیف پہونچائی اور یہ ایک حجت ہے ہر اس شخص کے خلاف جو ان معاملات میں بحث ومباحثہ کرتا ہے اور یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ہر اس شخص کا خون جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو اذیت دیتا ہے شاعری اور گستاخی کے ذریعے سے، کسی بھی صورت میں محفوظ نہیں ہے۔''

یہ تھا کعب بن اشرف کا قصہ جسے قبیلہ اوس کے چند جانبازوں نے جہنم واصل کر دیا تھا۔

ابورافع کا قتل

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے بیٹے کہتے ہیں: ''اوس اور خزرج رسول اللہ ﷺ کے حضور آپس میں دو گھوڑوں کی طرح مقابلہ کیا کرتے تھے۔ جب کبھی ان میں سے کوئی ایک قبیلہ کوئی ایسا کام کرتا جس سے رسول اللہ ﷺ خوش ہوتے تو دوسرا اس پر سبقت حاصل کرنے کی کوشش کرتا تھا۔

سو اب اہل خزرج جمع ہوئے اور انہوں نے باہم کہا کہ: ''اوس کے لوگ رسول اللہ ﷺ کے دشمنوں میں سے ایک کو قتل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں، ہمیں بھی اب کچھ ایسا ہی کرنا

پڑے گا تا کہ ہم سے بھی نبی ﷺ خوش ہوں۔ پس کعب بن اشرف کے بعد کون نبی ﷺ کا بدتر دشمن ہے؟ اس بات پر غور خوض کے بعد وہ اس نتیجے پر پہونچے کہ وہ بدترین دشمن ابو رافع ہے۔ انہوں نے اپنا منصوبہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کیا اور کہا کہ وہ ابو رافع کے ساتھ بھی ویسا ہی سلوک کرنا چاہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ان کا منصوبہ منظور کر لیا اور آگے بڑھ کر یہ کام انجام دینے کو کہا۔

پس خزرج کے کچھ لوگوں نے مل کر منصوبہ بندی کی اور پھر وہ ابو رافع کے قتل کے لیے نکل کھڑے ہوئے، رات کے اندھیرے میں عبداللہ بن عتیقؓ دھوکے سے قلعے میں داخل ہونے میں کامیاب ہوگئے اور ابو رافع کے کمرے کی چابی حاصل کر لی۔ پھر وہ ابو رافع کے کمرے میں داخل ہوگئے مگر ابو رافع کو دیکھ نہ پائے، کیونکہ کمرے میں تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ یہ جاننے کے لیے کہ گستاخ رسول ابو رافع کمرے میں کس سمت میں موجود ہے، انہوں نے ابو رافع کو پکارا۔

ذرا تصور تو کریں کہ آپ ایک شخص کو قتل کرنے کے ارادے سے نکلے اور نصف شب کے وقت اس کے کمرے میں گھس کر اسے پکار رہے ہیں۔۔۔۔! جبکہ آپ کو معلوم بھی نہیں کہ وہ کس طرف ہے؟ کس قدر خطرناک اقدام ہے یہ! یقیناً حضرت عبداللہ بن عتیقؓ بھی اس بات سے واقف تھے، لیکن ان کے نزدیک نبی ﷺ کی حرمت ان کی جان سے زیادہ قیمتی تھی۔ وہ اپنی جان سے کہیں زیادہ اپنے مقصد کو محبوب رکھتے تھے، کیونکہ وہ اس حقیقت سے بخوبی واقف تھے کہ اصل اور دائمی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے اور سب سے قیمتی تو بس اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی ہی ہے۔ وہ جانتے تھے کہ اللہ نے مومنین سے ان کی جانیں اور ان کے مال جنت کے بدلے خرید لئے ہیں۔ پس وہ اپنی جان کو حقیقی مالک کی طرف لوٹانے سے بھلا کیوں گھبراتے۔۔۔۔!

وہ سیدھا آگے بڑھے اور پکارا: ''ابو رافع تم کدھر ہو؟'' عبداللہ بن عتیقؓ کہتے ہیں کہ جب ملعون ابو رافع نے جواب دیا تو میں نے آواز کی سمت میں وار کیا جو اس کو لگا مگر اس ایک

ضرب سے وہ مرا نہیں اور مدد کے لیے پکارنے لگا۔ اب عبداللہ بن عتیقؓ جن کی قوت فیصلہ یقیناً قابل تعریف تھی، انہوں نے فوراً پینترا بدلا، پھر واپس آئے اور آواز بدل کر ایسے بولے جیسے کوئی مددگار ہو اور کہا: ''اے ابو رافع کیا تمہیں کسی چیز کی ضرورت ہے؟'' جواباً ابو رافع نے کہا: ''افسوس ہے تمہاری ماں پر یہاں پر کوئی ہے جو مجھے قتل کرنے کی کوشش کر رہا ہے'' عبداللہ بن عتیقؓ کہتے ہیں: ''میں نے پھر آواز کی سمت کا اندازہ کر کے وار کیا لیکن اس بار بھی وار زیادہ کارگر ثابت نہ ہوسکا اور وہ پھر مدد کے لیے چلایا'' اب کی بار عبداللہ بن عتیقؓ نے پھر اپنی جگہ تبدیل کی اور آواز بدل کر بولے اور پھر ابو رافع کے پاس آئے۔ اس دفعہ ابو رافع پہلے ہی پشت کے بل گرا ہوا تھا کیونکہ اس سے پہلے وہ دو ضربیں کھا چکا تھا۔ عبداللہ بن عتیقؓ کہتے ہیں: ''میں نے اس کے پیٹ میں اپنی تلوار گھونپ دی اور اسے اندر کی طرف دباتا ہی چلا گیا یہاں تک کہ میں نے ریڑھ کی ہڈی ٹوٹنے کی آواز سن لی'' ریڑھ کی ہڈی ٹوٹنے کا مطلب یہ تھا کہ تلوار اس کے پیٹ کے پار ہوگئی اور اس کی زندگی اختتام پذیر ہوگئی۔

دیکھئے! صحابہ کرامؓ کیسے اپنا کام پورا کرنا چاہتے تھے! انہوں نے اپنی ٹانگ تڑوالی اور دشمن خدا کی ریڑھ کی ہڈی توڑ ڈالی، لیکن پھر بھی وہ پیچھے رہ کر انتظار کرنا چاہتے تھے۔۔۔۔!

فجر کے وقت یہ خبر پھیل گئی کہ ابو رافع، حجاز کا مشہور تاجر قتل کیا جا چکا ہے۔ عبداللہ بن عتیقؓ نے کیا کہا؟ یہ کہ ہم اس دہشت گردی کی مزمت کرتے ہیں؟ اس شخص کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے تھا، یہ ایک غیر اسلامی کام ہے وغیرہ وغیرہ؟ نہیں! بلکہ انہوں نے کہا: ''جب میں نے ابو رافع کے قتل کی خبر سنی، جب میں نے وہ اعلان سنا، میں قسم کھاتا ہوں کہ ان الفاظ سے زیادہ میرے کانوں کے لیے کوئی شیریں الفاظ نہ تھے۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی ان الفاظ سے زیادہ میٹھے الفاظ نہیں سنے۔'' یہ ہے ان کا قول! اس طرح وہ اللہ کے رسول ﷺ سے محبت کرتے تھے۔ پھر وہ جلدی سے مدینہ کی طرف گئے اور جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں دیکھا تو فرمایا:

"أفلح الوجوه" تمہارا چہرہ کامیاب ہو۔

انہوں نے جواباً رسول اللہ ﷺ سے کہا: آپ کا چہرہ کامیاب ہو، اے اللہ کے رسول (ﷺ) وہ خوش تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی خوش تھے۔

ابن خطل کا قتل

تیسری مثال فتح مکہ کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ چاہتے تھے کہ یہ مقدس شہر بغیر کسی خون خرابے کے فتح ہو اور ان کا لشکر امن کے پروانے کے ساتھ شہر میں داخل ہو۔ وہ عاجزی کے ساتھ، اللہ کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اور اس کا شکر کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوئے۔ نہ کوئی جشن ہوا نہ گانے بجائے گئے، نہ کوئی قتل و غارت گری ہوئی، چہار جانب امن ہی امن تھا، اور یہ اعلان عام کر دیا تھا کہ: "اذھبوا فانتم طلقاء" جاؤ تم سب آزاد ہو۔

ہاں البتہ ایک فہرست ان لوگوں کے ناموں پر مشتمل تھی، جن کے بارے میں فرمایا کہ: "اگر چہ انہیں کعبہ کے غلاف سے لپٹا ہوا پاؤ تب بھی انہیں قتل کر دو" پوری دنیا میں سب سے زیادہ قابل احترام جگہ مکہ کو سمجھا جاتا تھا اور وہاں بھی خانہ کعبہ سب سے زیادہ محترم جگہ تھی، اگر کوئی حرم میں ہوتا تو چاہے وہ جانی دشمن ہی کیوں نہ ہو اسے چھوڑ دیتے تھے۔ جاہلیت کے زمانے میں بھی مشرکین کا یہی دستور تھا۔ لیکن رحمۃ للعالمین ﷺ نے فرمایا: "فاقتلوھم وان کانوا معلقین علی استار الکعبة" ان کو قتل کر دو چاہے وہ خانہ کعبہ کے غلاف سے لپٹے ہوئے ہوں۔

یہ لوگ کون تھے جن کے بارے میں اتنے سخت احکامات دیئے گئے؟

اس فہرست میں چند نام تھے اور انہی میں عبداللہ بن خطل، اس کی دو گانے والی لونڈیوں اور ابولہب کی لونڈی سارہ کا نام شامل تھا۔ عبداللہ بن خطل کی یہ لونڈیاں رسول اللہ ﷺ کے خلاف اشعار پڑھا کرتی تھیں اور مکہ میں آپ ﷺ کے خلاف گانے کی محفلیں سجایا کرتی تھیں۔

سب سے پہلے عبداللہ بن خطل کا ذکر کرتے ہیں، وہ کعبہ کے غلاف کو تھامے کھڑا تھا

کہ ایک صحابیؓ نے اس پر حملہ کر کے اسے اپنے انجام تک پہنچا دیا۔

اب ان خواتین کے دلچسپ ماجرے کو دیکھتے ہیں۔ پہلی بات میرے عزیز بھائیوں اور بہنوں! آپ سب جانتے ہی ہیں کہ عورتوں کو مارنا جائز نہیں۔ آپ ﷺ نے عورتوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے لیکن ان دونوں کا نام خصوصی طور پر لیا کہ ان کو قتل کر دو۔!

دوسری بات ہم جانتے ہیں کہ اگر خواتین مسلمانوں کے خلاف کسی فوج میں شامل ہوں تو انہیں قتل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ عورتیں لڑ نہیں رہی تھیں، نہ ہی انہوں نے کسی جنگ میں باقاعدہ حصہ لیا تھا۔ بلکہ انہوں نے تو مکمل طور پر ہتھیار ڈالے ہوئے تھے۔

تیسری بات یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے مکہ کے تمام لوگوں کو امن اور تحفظ دیا لیکن ان کو مستثنیٰ رکھا۔ اس پر مزید یہ کہ یہ تینوں آزاد عورتیں بھی نہیں تھیں۔ اور اسلامی حدود اور قوانین میں آزادی بہت اہم کردار ادا کرتی ہے اور غلاموں کی سزا ہلکی ہوتی ہے۔ یہ آپ ﷺ کے خلاف اشعار کہنے میں آزاد نہیں تھیں، ان کے مالک عبداللہ بن خطل اور ابولہب ان کو ایسا کرنے پر مجبور کرتے تھے۔ اس کے باوجود بھی ان لوگوں کے لیے سب سے مختلف حکم دیا گیا کہ ان کو ہر حال میں قتل کیا جائے۔

توہین رسالت سب سے بڑا جرم ہے

ابن تیمیہؒ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "یہ اس بات کا بالکل واضح ثبوت ہے کہ سب سے بڑا جرم رسول اللہ ﷺ کی توہین کرنا ہے۔ کیونکہ ان سب باتوں کے باوجود کہ آپ ﷺ نے مکہ کے لوگوں کو امن دیا تھا، یہ خواتین تھیں، لڑائی میں بھی شریک نہیں تھیں، اور لونڈیاں تھیں، آپ ﷺ نے سزا کے لیے علیحدہ سے ان کا نام لیا۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ جرم کتنا سنگین ہے۔۔۔!!

اس کے علاوہ ایک اور شخص الحویرث بن نقیذ تھا جس کا نام اس فہرست میں موجود تھا۔ وہ بھی

اپنی زبان سے نبی ﷺ کو ایذا پہنچایا کرتا تھا۔ فتح مکہ کے وقت وہ اپنے گھر میں چھپ کر بیٹھا تھا کہ حضرت علیؓ اس کو تلاش کرتے ہوئے اس کے گھر پہنچ گئے۔ لوگوں نے ان کو بتایا کہ وہ یہاں موجود نہیں ہے بلکہ بدیحہ یعنی مکہ سے باہر چلا گیا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے حویرث کو بھی خبردار کیا کہ علیؓ تمہیں ڈھونڈتے ہوئے یہاں آئے تھے۔ علیؓ جا کر گھر کے عقب میں چھپ کر بیٹھ گئے۔ جب حویرث کسی دوسرے گھر کی طرف بھاگنے کے لیے نکلا تو علیؓ نے اس پر حملہ کر کے اس کا قلع قمع کر دیا۔

اسی طرح کی ایک اور مثال کعب بن زہیر کی ہے۔ وہ خود بھی شاعر تھا، اس کا بھائی بھی شاعر تھا اور اس کا باپ زہیر بن ابی سلمہ بہت مشہور شاعر تھا۔ وہ ان شعراء میں سے تھا جن کی شاعری کعبہ کی دیوار پر لگائی جاتی تھی۔ یہ عربوں کے ہاں دستور تھا کہ شاعری کے بہترین نمونوں کو وہ کعبہ کی دیوار پر لگا دیا کرتے تھے۔ زہیر کے دونوں بیٹے کعب اور بوجیر شاعر تھے۔ بوجیر مسلمان تھے جبکہ کعب کافر تھا اور رسول اللہ ﷺ کے خلاف اشعار پڑھا کرتا تھا۔ جب مسلمان مکہ میں داخل ہوئے بوجیر نے اپنے بھائی کو خط لکھا کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے ان لوگوں کو ختم کر رہے ہیں جنہوں نے آپ ﷺ کے خلاف شاعری کی ہے۔ کعب اس وقت مکہ میں موجود نہیں تھا، تاہم اس کے بھائی نے اسے قبل از وقت خبردار کر دیا کہ آپ ﷺ نے ان سب لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے جنہوں نے آپ ﷺ کی شان میں گستاخانہ الفاظ کہے ہیں۔ اور جو لوگ بچ گئے ہیں مثلاً عبداللہ بن زبریہ اور مغیرہ بن ابی وہب وہ بھی بھاگنے کی کوشش کر رہے ہیں کیونکہ ایسے تمام لوگوں کے قتل کا حکم دیا جا چکا ہے۔

یہ جرم کی سنگینی کی ایک مثال تھی۔

جب گستاخ رسول کی التجائیں بیکار گئیں

رسول اللہ ﷺ تو انتہائی رحم دل تھے اور اپنے دشمنوں کو معاف کر دیا کرتے تھے۔ لیکن اس معاملے میں آپ ﷺ کا رویہ مختلف تھا۔

اس کے بعد ہمارے سامنے عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کا واقعہ آتا ہے۔ غزوہ بدر میں قریش کے ستر مشرک قیدی بنے۔ آپ ﷺ نے حکم دیا کہ تمام قیدیوں کو ان کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ فرداً فرداً ان سے بات کی جا سکے۔ انہی قیدیوں میں نضر بن حارث بھی شامل تھا۔ آپ ﷺ اس کو بہت غور سے دیکھ رہے تھے۔ نضر بن حارث نے یہ دیکھ کر اپنے ساتھ والے آدمی سے کہا: ''سنو مجھے قتل کر دیا جائے گا، میں رسول اللہ ﷺ کی آنکھوں میں اپنی موت دیکھ رہا ہوں۔''

وہ شخص بولا: ''نہیں تم ایسے ہی بول رہے ہو، تمہیں کچھ نہیں ہوگا، تمہیں دراصل ڈر لگا ہوا ہے۔''

نضر نے کہا: ''نہیں میں صحیح کہہ رہا ہوں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی آنکھوا میں اپنی موت دیکھی ہے۔''

پھر نضر بن حارث نے مصعب بن عمیرؓ کو بلایا جو اس کے رشتہ دار تھے اور ان سے کہا: ''رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر ان سے کہو کہ میرے ساتھ بھی باقی لوگوں والا معاملہ کریں، اور مجھ سے بھی اسی طرح برتاؤ کریں جس طرح میری قوم کے دیگر لوگوں سے کیا، اگر وہ ان کو مارنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو مجھے بھی مار دیں اور اگر ان کو معاف کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو مجھے بھی معاف کر دیں۔''

مصعب بن عمیرؓ نے جواب دیا: ''تم وہ ہو جس نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بہت کچھ کہا ہے اور تم تو وہ شخص ہو جو اللہ کی کتاب کے خلاف باتیں بنایا کرتے تھے!۔

نضر بن حارث رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقابلے کے لیے ان کے قریب حلقے بنا لیا کرتا تھا، وہ ایران جا کر قصے کہانیاں سیکھ کر آیا اور واپس آ کر مشرکین سے کہتا: محمد ﷺ تمہیں قصے ہی تو سنا رہے ہیں میرے پاس ان سے بہتر قصے ہیں، آؤ آ کر میرے قصے سنو!

اس نے مصعبؓ سے دوبارہ التجا کی کہ میرے لیے رسول اللہ ﷺ سے بات کرو۔ مصعب

بن عمیرؓ بولے: کیا تم وہی نہیں ہو جو رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کو اذیتیں دیا کرتے تھے؟

بعد ازاں رسول اللہ ﷺ نے نضر بن حارث کو بلایا اور حضرت علی بن ابی طالب کو اس کا سر قلم کرنے کا حکم دیا۔ یوں اس کے ساتھ تمام قیدیوں سے الگ سلوک کیا گیا۔ اس وقت مسلمان مدینہ واپس جا رہے تھے۔ ایک خاص مقام پر پہونچ کر نضر بن حارث کو قتل کیا گیا۔ جب ذرا اور آگے گئے تو آپ ﷺ نے عقبہ بن ابی معیط کو قتل کرنے کا حکم دیا۔

عقبہ بولا ہائے میری بربادی! صرف مجھے ہی کیوں قتل کیا جا رہا ہے؟ میرے ساتھ یہا [illegible] لوگ ہیں ان سب نے تمہارے ساتھ جنگ کی ہے، یہ سب قریش میرے ہی قبیلہ کے لوگ ہیں تو پھر صرف مجھے ہی قتل کیوں کیا جا رہا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "**لعداوتک للہ ورسولہ**" اللہ اور اس کے رسول سے تمہاری عداوت کی وجہ سے۔

اس نے کہا اے محمد (ﷺ) میرے ساتھ باقی قبیلہ والوں کی طرح ہی برتاؤ کیجیے۔ اگر ان کو قتل کریں تو مجھے بھی قتل کریں اور اگر انہیں چھوڑ دیں تو مجھے بھی چھوڑ دیں، اگر ان سے فدیہ لیں تو مجھ سے جو چاہیں لیں۔ اے محمد (ﷺ) میرے بچوں کا خیال کون رکھے گا۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "تم کتنے برے آدمی تھے۔ واللہ میں نے تم سے بڑھ کر اللہ، اس کی کتاب اور اس کے رسول کا انکاری نہیں دیکھا، تم نے اللہ کے نبی ﷺ کو ایذا دی، میں اللہ کی تعریف بیان کرتا ہوں جس نے تمہیں مارا اور تمہاری موت دکھا کر میری آنکھیں ٹھنڈی کیں۔

یہ بالکل واضح بات ہے کہ آپ ﷺ ان لوگوں کے ساتھ بہت مختلف طریقہ سے پیش آئے۔

نابینا صحابی نے گستاخ لونڈی کو قتل کر دیا

اس کے علاوہ ایک نابینا صحابیؓ کا واقعہ ہے جن کے پاس ایک لونڈی ام ولد تھی۔ اس سے دو بچے تھے۔ یہ عورت رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرتی تھی۔ وہ نابینا صحابیؓ اس کو منع

کرتے لیکن وہ پھر بھی باز نہ آتی۔ ایک رات وہ آپ ﷺ کو برا بھلا کہہ رہی تھی کہ اس صحابیؓ نے خنجر لے کر اس کے پیٹ میں گھونپ دیا اور اسے قتل کر دیا۔ صبح جب رسول اللہ ﷺ تک یہ خبر پہنچی تو آپ ﷺ نے لوگوں کو جمع کیا اور فرمایا: "میں اللہ کا نام لے کر کہتا ہوں کہ جس نے یہ کام کیا وہ کھڑا ہو جائے"۔

چنانچہ وہ نابینا صحابیؓ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے آ کر بیٹھ گئے۔ انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں نے اسے قتل کیا ہے، وہ آپ ﷺ کی توہین کرتی تھی اور منع کرنے پر رکتی نہیں تھی، میرے پاس اس سے دو بچے ہیں جو موتیوں کی طرح ہیں اور میری ذات کے لیے وہ بہت رحم دل تھی لیکن جب رات کو اس نے آپ ﷺ کو برا بھلا کہنا شروع کیا تو میں نے خنجر لے کر اسے قتل کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گواہ رہو اس کا خون رائیگاں ہو گیا ہے۔ یعنی اس کا کوئی خون بہا نہیں اور اس کے قاتل کے لیے کوئی سزا نہیں ہوگی۔

ذرا اس صحابیؓ کے الفاظ پر غور کریں، ان کے دو بچے تھے اور وہ انہیں موتیوں سے تشبیہ دے رہے تھے اور انہوں نے کہا کہ وہ عورت میرے لیے بہت رحم دل تھی، وہ نابینا تھے جنہیں ایسی رحم دل عورت کی ضرورت بھی تھی جو ان کے ساتھ حسن سلوک کرتی تھی، لیکن ہمیں رسول اللہ ﷺ سے اپنی ذات سے بڑھ کر محبت ہونی چاہیے، اپنے گھر والوں سے بڑھ کر، دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر رسول اللہ ﷺ سے محبت ہونی چاہیے اسی لیے انہوں نے اس کو قتل کر دیا۔ صرف اور صرف رسول اللہ ﷺ کی خاطر، ان کی محبت میں۔ درحقیقت ہر مسلمان کو آپ ﷺ کے معاملے میں اسی طرح ہونا چاہیے۔

نیز آپ ﷺ نے اس فعل کی مذمت نہیں کہ بلکہ اسے پسند کیا اور فرمایا: "گواہ رہو، اس کا خون رائیگاں ہو گیا ہے۔"

اسی طرح کی ایک اور صورتحال تب پیش آئی جب ایک صحابیؓ نے اپنے قبیلے کی کسی

عورت کو قتل کر دیا، اس پر رسول اللہ ﷺ کا ردعمل کیا تھا؟ کیا انہوں نے اسے سزا دی؟ نہیں! بلکہ فرمایا: ''اس پر تو دو بکریاں بھی آپس میں سینگ نہیں ماریں گی''۔

ہم اس واقعہ کو تفصیل سے دیکھتے ہیں۔ علامہ واقدیؒ نے اس واقعہ کا تذکرہ اپنی کتاب میں کیا ہے۔

گستاخ عورت کا قتل

اس عورت کا نام اسماء بنت مروان تھا۔ اس کا تعلق انصار سے تھا اور وہ بہت عمدہ شاعری کیا کرتی تھی۔ لیکن وہ آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کیا کرتی تھی اور اسلام کے خلاف باتیں بنا کر لوگوں میں فتنہ پھیلانے کی کوشش کرتی تھی۔ اس طرح کی باتیں کرتی تھی کہ یہ شخص یعنی محمد (ﷺ) ہمارے قبیلے کا نہیں ہے پھر کیوں ہم اس کی میزبانی کر رہے ہیں اور اس کی وجہ سے اپنے آپ کو مصیبت میں ڈال رہے ہیں، کیوں اس کو اپنے درمیان میں رہنے دے رہے ہیں، اس کو یہاں سے نکال دو!

انصار نے رسول اللہ ﷺ کی ہجرت کی وجہ سے بہت سی مشکلات برداشت کی تھیں۔ معاشی طور پر انہیں نقصان ہوا، ان کے بہت سارے لوگ مارے گئے، ان کے شہر کا محاصرہ کر لیا گیا، لیکن یہ سب کچھ وہ اللہ کی خاطر برداشت کر رہے تھے اور اسی لیے انہیں انصار کہا جاتا ہے یعنی وہ کہ جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی نصرت (مدد) کی۔

عمیرؓ بن عدی اس عورت کے گھرانے کے نابینا فرد تھے۔ انہوں نے کہا: ''اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ کے مدینہ لوٹنے کے بعد میں اسے قتل کر دونگا۔ (آپ ﷺ اس دوران بدر میں تھے) محمد ﷺ کے واپس آنے کے بعد عمیرؓ بن عدی آدھی رات میں اس کے گھر گئے اور سیدھا اس کے کمرے تک پہنچ گئے وہ اپنے بچوں کے درمیان سو رہی تھی اور ان میں سے ایک اپنی ماں کا دودھ پی رہا تھا، انہوں نے محسوس کیا کہ عورت نے بچے کو پکڑا ہوا ہے تو اس بچے کو اٹھا کر الگ رکھ

دیا اور اپنی تلوار سے اس کے سینے پر وار کر کے اس کا خاتمہ کر دیا۔

گستاخ رسول کے قتل پر تو دو بکریاں بھی اپنے سینگ نہیں ٹکرائیں گی

اس کے بعد انہوں نے فجر کی نماز آپ ﷺ کے ہمراہ پڑھی۔ جب آپ ﷺ نے نماز ختم کر لی تو عمیرؓ کی طرف دیکھ کر فرمایا: ''کیا تم نے مروان کی بیٹی کو قتل کیا ہے؟ جواباً عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔

عمیرؓ بن عدی کو یہ خدشہ تھا کہ کہیں میں نے کچھ غلط نہ کر دیا ہو، مجھے پہلے آپ ﷺ سے اجازت لے لینی چاہئے تھی، کیونکہ آپ ﷺ اولی الامر تھے۔ چنانچہ انہوں نے آپ ﷺ سے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ میں نے کچھ غلط تو نہیں کیا؟

اس پر آپ ﷺ کا جواب کیا تھا؟ کیا انہوں نے یہ کہا کہ ہاں اجازت لینی چاہئے تھی یا نہیں تم نے بہت غلط کیا؟ نہیں! بلکہ فرمایا: ''لا ینتطع فیھا عنزان'' اس پر دو بکریاں بھی آپس میں سینگ نہیں ماریں گی۔

یعنی یہ معاملہ اتنا واضح ہے کہ دو بکریوں کے درمیان بھی اس پر اختلاف نہیں ہوگا، جانوروں کی رائے بھی اس پر ایک دوسرے سے مختلف نہیں ہوگی۔ اور اب سبحان اللہ! ہم دیکھتے ہیں کہ اس معاملے میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ آپ ﷺ کہہ رہے ہیں کہ یہ بات تو جانوروں کی سمجھ میں بھی آتی ہے! وہ بھی اس پر نہیں جھگڑیں گے تو آخر ایسا کیوں ہے کہ اچھے خاصے سمجھدار لوگ اس پر اختلاف کر رہے ہیں۔ اتنی صاف اور سیدھی بات میں اختلاف کیونکر ہو سکتا ہے حالانکہ اس پر علماء کا اجماع ہے، جو ہم آگے چل کر بیان کریں گے انشاء اللہ۔

قاتل کے لئے رسول اللہ ﷺ کی بشارت

اس کے بعد آپ ﷺ نے اردگرد بیٹھے لوگوں کو دیکھ کر فرمایا: ''اذا احببتم ان تنظروا الی رجل نصر اللہ ورسولہ بالغیب فانظروا الی عمیر بن عدی'' اگر تم ایک ایسے

شخص کو دیکھنا چاہتے ہو جس نے اللہ اور اس کے رسول کی غیب میں مدد و نصرت کی ہو تو عمیر بن اعدی کو دیکھ لو"۔

عمر بن خطابؓ بولے: "اس نابینا شخص کو دیکھو جو رات کو اللہ کی اطاعت میں نکلا۔"

اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: "لا تقل الاعمی ولکنه بصیر" اس کو نابینا نہ کہو اس کے پاس تو بصارت ہے۔"

افسوس! آج بہت سے لوگ اندھے ہیں، بہت سے لوگ اندھے ہیں۔

جب عمیرؓ واپس پلٹے تو اس عورت کے بچے اپنے قبیلے کے کچھ لوگوں کے ساتھ مل کر اسے دفنا رہے تھے۔ وہ ان کے پاس آکر ان کو دھمکانے لگے "اے عمیر تم نے اس کو مارا ہے" ذہن میں رکھیں یہ انتہائی جنگجو قسم کے لوگ تھے، اوس اور خزرج نے اپنی آنکھیں ہی جنگوں میں کھولی تھیں۔

عمیرؓ نے جواب دیا: "ہاں، تم سب مقابلہ کے لیے آجاؤ! اگر تم میں سے کوئی اس جیسی بات کرے گا تو میں تم سب سے بھی لڑوں گا یہاں تک کہ تمہیں ختم کر دوں یا خود ختم ہو جاؤں۔"

اس عمل کا نتیجہ کیا نکلا؟ کیا لوگ اسلام سے دور بھاگ گئے؟ کیونکہ یہ تو ہجرت کے فورا بعد کا واقعہ ہے۔ غزوہ بدر کے فوراً بعد یہ واقعہ پیش آیا جبکہ تمام انصار مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ اس طرح کے فعل سے تو لوگوں کو اسلام سے دور ہو جانا چاہیے تھا نا! لیکن ہوا کیا۔۔۔۔؟ علامہ واقدیؒ کے مطابق اس کے بعد ان لوگوں میں اسلام رائج ہو گیا، کیونکہ جو لوگ مسلمان ہو چکے تھے اور اپنی قوم کے لوگوں کی وجہ سے اسے چھپائے بیٹھے تھے، جب انہوں نے اسلام کی یہ قوت اور شان دیکھی تو اپنے ایمان کو ظاہر کرنا شروع کر دیا۔

گستاخ رسول کے قتل کے لئے حاکم وقت کی اجازت کی ضرورت نہیں

اس واقعہ اور اس سے پہلے والے واقعہ سے ہم کیا سیکھ سکتے ہیں؟

ایک بات جو ملتی ہے وہ اجازت کے حوالے سے، کیونکہ آج کل حاکم وقت سے اجازت لینے کی بات بہت ہو رہی ہے اور یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔

میں آپ سے ایک سوال کرتا ہوں کہ اگر کوئی آپ کے گھر پر کوئی حملہ کرے اور آپ کو مارنا چاہے تو اس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟ حدیث میں آتا ہے کہ: "جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مرے وہ شہید ہے، جو اپنی جان کی حفاظت کرتے ہوئے مرے وہ شہید ہے، جو اپنے ایمان کی حفاظت کرتے ہوئے مرے وہ شہید ہے، جو اپنے اہل وعیال کی حفاظت کرتے ہوئے مرے وہ شہید ہے۔" (ابوداؤد، ترمذی) یقیناً آپ سب اس حدیث سے واقف ہوں گے۔ اب اگر کوئی شخص آپ کے گھر آجاتا ہے اور آپ کے سر پر پستول لے کر کھڑا ہے، اور آپ کو قتل کرنے لگا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ اس سے اپنا دفاع کریں جسے اسلامی فقہ میں دفع الصائل کہتے ہیں، تو کیا آپ کو حاکم وقت سے اجازت لینے کی ضرورت ہوگی؟

وہ آپ رر پستول تانے کھڑا ہے اور آپ صدارتی محل میں یا بادشاہ کے محل میں فون کرتے ہیں، اس کے سیکڑوں سیکریٹریوں سے گزرنے کے بعد بالآخر اس تک رسائی ہوتی ہے اور آپ پوچھتے ہیں: براہ مہربانی میں اپنا دفاع کر سکتا ہوں؟ یہاں کوئی مجھے مارنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس کی کوئی تک نہیں بنتی۔ اگر آپ کو اپنے دفاع کے لیے حاکم وقت سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے تو کیا رسول اللہ ﷺ کے دفاع کے لیے امام سے اجازت لینی پڑے گی؟

اس شخص نے جس نے بنی خطمہ کی عورت کو جا کر قتل کیا تھا، کیا اس نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لی تھی؟ جبکہ آپ ﷺ وہاں موجود تھے۔ نہیں! اور کیا ان نابینا صحابیؓ نے اجازت لی تھی؟ جنہوں نے اپنے بچوں کی ماں کو مارا تھا؟ نہیں! انہوں نے اپنا کام کر لیا اور آپ ﷺ نے ان کے عمل کو پسند کیا اور فرمایا اس پر تو دو بکریاں بھی آپس میں سینگ نہیں ماریں گی!

لہٰذا امام سے اجازت لینے کا یہ مسئلہ کوئی حیثیت نہیں رکھتا، آپ ﷺ کا منصب اور شان اس

سے بہت اونچا ہے۔ آپ ﷺ ہر امام سے بڑھ کر ہیں، آپ ﷺ کے معاملے میں کسی حاکم کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے! کسی حاکم کا اتنا مرتبہ نہیں کہ وہ اس معاملہ میں اپنی کوئی بات کہے۔

میرے عزیز بھائیوں اور بہنوں! یہ یاد رکھیے کہ ہم کس کی بات کر رہے ہیں، ہم رسول اللہ ﷺ کی بات کر رہے ہیں، وہ جن کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے ناموس کے دفاع کے لئے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ﷺ تو وہ ہیں جن پر اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ آپ ﷺ بہت خاص ہیں اور یہ بات واضح ہونی چاہیے کہ آپ ﷺ کی ذات اقدس سب سے الگ ہے اور ان کے لیے خاص احکام ہیں۔ یہ اجازت کے اصول ان کی ذات کے لئے نہیں ہیں۔

پھر ایک اور شاعر کا واقعہ ہے جس کا تعلق بنو بکر کے قبیلے سے تھا۔ بنو بکر قریش کے حلیف تھے اور ان کا یہ شاعر رسول اللہ ﷺ کے خلاف اشعار کہتا تھا۔ ایک دوسرا قبیلہ بنو خزاعہ کا بھی تھا یہ بھی مشرکین تھے لیکن صلح حدیبیہ کی رو سے یہ مسلمانوں کے حلیف تھے۔ قبیلہ خزاعہ کے ایک نوجوان نے اس شاعر کے سر پر حملہ کر دیا جس سے وہ مرا تو نہیں البتہ زخمی ہو گیا۔ پھر وہ لوگ ایک وفد کی شکل میں آپ ﷺ کو صورت حال سے آگاہ کرنے کے لئے حاضر ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس کا خون بہہ گیا ہے اسے قتل کر دو۔''

بعد ازاں جب مکہ فتح ہوا تو بنو بکر مسلمان ہو گئے اور نوفل بن معاویہ رسول اللہ ﷺ سے اس شاعر کی بابت گفتگو کے لئے آیا۔ یہ وہ شخص ہے جو رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں سے خیانت کا مرتکب ہوا تھا۔ اس نے خزاعہ کے لوگوں کو مسجد حرام میں قتل کیا اور جب اس کے ساتھیوں نے جو کافر تھے اس سے کہا کہ اللہ سے ڈرو، تم مسجد حرام میں لوگوں کو قتل کر رہے ہو! تو اس نے جواب دیا تھا: ''آج کوئی خدا نہیں، اپنا بدلہ لے لو، اللہ کو بھول جاؤ، اپنا بدلہ لے لو'' (معاذ اللہ)

کس کا جرم زیادہ بڑا ہے نوفل کا یا اس شاعر کا؟ نوفل نے جو کام کیا تھا وہ آفت انگیز

تھا، لیکن پھر بھی رسول اللہ ﷺ نے اسے معاف کر دیا اور پھر یہ شخص اس شاعر کی سفارش کرنے کے لیے آیا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ اب وہ توبہ کر کے مسلمان ہونا چاہتا ہے۔'' رسول اللہ ﷺ نے اس کی توبہ قبول کر لی۔

میں نے آپ کے سامنے اسلام کے اولین دور کے چند واقعات رکھے ہیں۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ علماء اس مسئلہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ البتہ اس مسئلہ پر دو کتابیں تفصیل سے موجود ہیں، اگر کوئی مزید پڑھنا چاہے تو ان کتب سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ ایک کتاب کا تذکرہ میں پہلے بھی کر چکا ہوں۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی کتاب ''الصارم المسلول علی شاتم الرسول'' (شاتم رسول کے خلاف ننگی تلوار)۔ یہ پوری کتاب توہین رسالت ﷺ کے موضوع پر لکھی گئی ہے۔ دوسری کتاب فقہ مالکی کے عالم قاضی عیاض کی ''الشفاء فی أحوال المصطفی'' ہے۔ یہ کتاب آپ ﷺ کی سیرت پر مشتمل ہے اور آخر میں توہین رسالت پر ایک باب موجود ہے۔

ائمہ کرام کے نزدیک گستاخ رسول کی سزا

ابن المنذرؒ لکھتے ہیں: ''ہمارے علماء کا اس پر اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی توہین کرنے والا واجب القتل ہے۔'' امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، اللیثؒ، امام احمدؒ، اسحاقؒ اور امام شافعیؒ کی بھی یہی رائے ہے۔

ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: ''جو کوئی بھی رسول اللہ ﷺ کی توہین کرے چاہے وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم ہو وہ واجب القتل ہے اور یہی تمام علماء کی رائے ہے۔''

الشفاء میں قاضی عیاضؒ لکھتے ہیں: ''امام مالکؒ کا مذہب یہ ہے کہ جو کوئی بھی رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرے اسے بغیر کسی تنبیہ کے قتل کر دینا چاہیے۔''

ابن عتابؒ کہتے ہیں: ''قرآن و سنت کا تقاضا یہ ہے کہ جو بھی رسول اللہ ﷺ کو نقصان

پہنچانا چاہے یا ان کی توہین کرے اس کو قتل کر دینا چاہیے، چاہے کتنی چھوٹی بات ہو۔

امام مالکؒ کا قول ہے: ''اگر کوئی یہ کہے کہ رسول اللہ ﷺ کا بٹن گندا ہے تو اسے بھی مار دینا چاہیے''۔ سبحان اللہ یعنی اتنی سی بات سے بھی اگر کوئی آپ ﷺ کی توہین کرے تو اسے بھی مار دینا چاہیے۔

اس کے بعد قاضی عیاضؒ لکھتے ہیں: ''اس کے علاوہ کوئی اختلافی رائے ہمارے علم میں نہیں، اس پر تمام علماء کا اجماع ہے۔

میرے بھائیوں اور بہنوں! اگر آپ میں سے کسی نے اصول الفقہ پڑھے ہوں تو اسے معلوم ہوگا کا اجماع حجت ہے۔ اگر علماء کا کسی بات پر اتفاق ہو جائے تو وہ قرآن وسنت کے بعد حجت ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''لا تجتمع أمتي على ضلالة'' میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔ (احمد)۔

الواقدی واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ خلیفہ ہارون الرشید نے امام مالکؒ سے کسی ایسے شخص کے بارے میں پوچھا جس نے آپ ﷺ کے خلاف زبان استعمال کی تھی۔ ہارون رشید نے امام مالکؒ سے کہا کہ عراق کے فقہاء نے اس شخص کو کوڑے مارنے کا فتوی دیا ہے۔ اس پر امام مالکؒ غصہ ہوئے اور کہا: ''اے امیر المؤمنین! امت زندہ کیسے رہ سکتی ہے جبکہ اس کے نبی کی توہین کی جا رہی ہو! جو کوئی انبیاء کی توہین کرے وہ واجب القتل ہے۔''

منافقین اور علماء سوء کا طرز عمل

میرے بھائیوں اور بہنوں! اس خطبے کے لیے تحقیق کرتے ہوئے مجھے بہت سے عجیب وغریب فتاویٰ ملے۔ اور یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ لوگ اللہ کے دشمنوں کو راضی کرنے کی کوشش میں کس قدر گر جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''فترى الذين في قلوبهم مرض يسارعون فيهم يقولون نخشى ان تصيبنا دائرة'' آپ

دیکھیں گے کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے وہ دوڑ دوڑ کر ان میں گھس رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں خطرہ ہے، ایسا نہ ہو کہ کوئی حادثہ ہم پر پڑ جائے۔'' (المائدة:۵۲)۔

یہ منافقین ہیں اور ان کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے، ان کو ڈر لگتا ہے کہ اگر ہم نے حق بات کہہ دی تو کہیں ہم پر کوئی مصیبت نہ آ جائے۔ یہ لوگ اللہ سے زیادہ اللہ کے دشمنوں سے ڈرتے ہیں۔

اسلامی معاشرے کے لوگ فطری ردعمل کی وجہ سے سڑکوں پر نکل آئے کیونکہ جو کچھ انہوں نے سنا اس پر وہ غم وغصے سے بھر گئے تھے۔ ان سادہ مسلمانوں کے دل حضور ﷺ کی محبت سے معمور ہیں۔ یہ محبت ان کی فطرت کا حصہ ہے۔ وہ کوئی عالم نہیں ہیں بلکہ بس سادہ سے مسلمان ہیں جنہیں اپنی نبی ﷺ سے محبت ہے اور یہی محبت انہیں احتجاج کے لیے کھینچ لائی۔ ممکن ہے، ہم ان جلوسوں سے اتفاق کرتے ہوں یا نہ کرتے ہوں، اس کے فوائد ونقصانات پر بات ایک الگ بحث ہے۔ لیکن اصل چیز جو دیکھنی چاہیے وہ جذبہ ہے جس کے تحت یہ سب کچھ ہوتا ہے۔ یہ ان مسلمانوں کی فطری محبت کا تقاضا ہے اسی لئے انہوں نے پرچم وغیرہ نذر آتش کئے۔ ان حالات میں علماء نے عوام کے سامنے ان کی اصل ذمہ داری اور شرعی حکم واضح نہیں کیا، حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد تو یہ ہے کہ: ''لتبيننه للناس ولا تكتمونه'' علماء کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے احکام چھپانے کے بجائے ان کو کھول کر بیان کریں۔ اس کے برعکس انہوں نے لوگوں کو مزید الجھن میں ڈال دیا اور بجائے اس کے کہ وہ عوام کو اللہ کے حکم سے آگاہ کرتے انہوں نے جلسے جلوسوں کی مذمت شروع کر دی، جھنڈے جلانے پر ان کی مذمت کی، سڑکوں پر نکل آنے پر ان کی مذمت کی، اور کچھ علماء تو اس حد تک بڑھ گئے کہ ڈینش مصنوعات کے بائیکاٹ کی بھی مذمت کر دی اور کہنے لگے ''یہ ہمارے اور ان کے درمیان اچھے تعلقات قائم کرنے میں مزاحم ہے اور ہمیں چاہیے کہ اپنے اختلافات مٹا کر ایک دوسرے کے قریب آ جائیں۔''

ان سارے بیانات میں اللہ کے حکم کا کیا بنا؟ آخر اس کے حوالے سے بات کیوں نہیں کی گئی اور اس کو کیوں نہیں واضح کیا گیا؟ اگر آپ حق بات نہیں کر سکتے تو کم از کم خاموش رہنا چاہئے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے: "من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا او ليصمت" جو اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہئے کہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے۔" (صحیح بخاری، مسلم)۔

آج یہ لوگ علم کی دستار پہن کر لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں اور ان کے افعال کی مذمت کر رہے ہیں کہ ایسا مت کرو، لوگوں نے بھی کیا کیا؟ گھروں سے احتجاج کے لیے نکلے اور ڈینش مصنوعات کا بائیکاٹ کیا۔ حالانکہ یہ طریقہ محمد ﷺ کے پیروکاروں کے بجائے گاندھی کے پیروکاروں کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ آپ ﷺ تو وہ ہیں جنہوں نے فرمایا تھا: "انا نبی المرحمة، انا نبی الملحمة" میں رحمت کا نبی ہوں، میں جنگ کا نبی ہوں۔ (بیہقی، ترمذی) آپ ﷺ نے تو فرمایا تھا: "بعثت بالسيف بين يدي الساعة حتى يعبد الله وحده" مجھے قیامت کے دن تک کے لئے تلوار کے ساتھ بھیجا گیا ہے، یہاں تک کہ اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کی جائے۔" (مسند احمد) اور فرمایا: "امرت ان اقاتل الناس" مجھے لوگوں سے قتال کا حکم دیا گیا ہے۔" (بخاری و مسلم) اور ایک مرتبہ قریش کے لوگوں سے آپ ﷺ نے فرمایا: "جئتكم بذبح" میں تمہارے پاس ذبح کا حکم لے کر آیا ہوں۔ (مسند احمد) ہم محمد ﷺ کے پیروکار اور امتی ہیں گاندھی کے نہیں! ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہم کون ہیں اور ہم کس کی بات کر رہے ہیں۔ یہاں معاملہ رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ یہ ہمارے پیارے رسول ﷺ کی توہین کا معاملہ ہے۔

اس کے بعد بات حد سے بڑھ گئی جب ایک سویڈش لارس ولز (LARCE WILLS) نے محمد ﷺ کے خاکے بنائے، نعوذ باللہ یہ الفاظ منہ سے نکالنا بھی مشکل لگتا ہے۔ اس

نے آپ ﷺ کو ایک کتے کی شکل میں دکھایا۔ (لعنۃ اللہ علیہ۔ اس پر اللہ کی لعنت ہو) اور اس پر یہ بدمعاش ان لوگوں کے خلاف فتویٰ جاری کرتے ہیں جنہوں نے اس کو دھمکایا تھا! اس کفر کے خلاف آواز اٹھانے اور لوگوں کے سامنے شرعی حکم رکھنے کے بجائے اگر زبان کھولی تو صرف مسلمانوں کی مذمت کے لیئے! علم کے اس منصب کا تقاضا کہاں پورا ہو رہا ہے؟

اس کردار کا حق ادا کرنا چاہئے، حق کو صاف صاف کھول کر بیان کریں اور اگر ایسا نہیں کر سکتے تو علم کی یہ دستار اتار کر گھر بیٹھ جائیں۔ یہاں بات محمد ﷺ کی توہین کی ہے۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا تھا کہ جب تم دیکھو کہ میں نے اس کا سر تھام لیا ہے تو اس پر اپنی تلواروں سے حملہ کر دینا۔ یہ تھے محمد بن مسلمہ۔ آپ ﷺ پر جانثاری کرنے والے۔ افسوس! آج ہم میں کوئی محمد بن مسلمہ نہیں۔ ہمیں اپنی جان، مال اور ہر چیز سے آپ ﷺ کا دفاع کرنا ہے۔ یہ ہمارا فرض ہے۔ ہم ان علماء کے بارے میں وہی بات کہہ سکتے ہیں جو قاضی عیاضؒ نے کہی تھی کہ: "ہو سکتا ہے کہ یہ وہ علماء ہوں جن کا علم معتبر نہ ہو یا جن کے فتاویٰ قابل اعتبار نہ ہوں یا وہ لوگ ہوں جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں"۔

ابن تیمیہؒ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی توہین کرنے والے کو قتل کرنا واجب ہے۔ اگر سیرت میں ہمیں اس کے برعکس کوئی واقعات ملتے ہیں تو اس لئے کہ ان لوگوں نے آپ ﷺ کے پاس آ کر توبہ کر لی اور مسلمان ہو گئے تھے اور اگر توبہ نہیں کی تھی تو ان کے لیے شرعی حکم یہی تھا۔"

اور وہ کہتے ہیں: "آپ ﷺ کو برا بھلا کہنا سب سے بڑا جرم ہے، اسی لیے اس کی سزا بھی دوسرے جرائم سے بڑھ کر ہے اور اگر ایسا کرنے والا حربی کافر ہو تو ہم پر آپ ﷺ کی نصرت کرنا واجب ہے۔ اس کا خون بہانا بہت افضل اعمال میں سے ہے اور ایک ایسا عمل ہے جس کا وجوب بہت زیادہ ہے۔ اس عمل میں بہت جلدی کرنی چاہئے۔ یہ جہاد فی سبیل اللہ کی اعلیٰ ترین صورتوں میں سے ایک ہے۔

یہ تھے ابن تیمیہؒ کے الفاظ!۔ ہمارے حق گو علماء کے الفاظ۔!

چند اعتراضات کا جائزہ

اب ہم چند اعتراضات کی بات کرتے ہیں جو اس ضمن میں پیش کیے جاتے ہیں۔ان میں سے ایک وہ واقعہ ہے جب کچھ یہود رسول اللہ ﷺ کے پاس ملاقات کے لیے آئے تو انہوں نے السلام علیکم کے بجائے السام علیکم کہا جس کے معنی ہیں تم پر موت آئے۔ جب حضرت عائشہؓ نے ان کو برا بھلا کہا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا: ''اللہ ہر چیز میں نرمی پسند کرتا ہے۔''

لہٰذا ان لوگوں کا کہنا ہے کہ ہمیں توہین رسالت کرنے والوں سے اسی طرح نرمی سے پیش آنا چاہیے۔ابن تیمیہؒ اور قاضی عیاضؒ نے یہاں بھی ہمیں خالی نہیں چھوڑا بلکہ اس اعتراض کا بھی جواب دیا ہے۔قاضی عیاضؒ کہتے ہیں: ''یہ حدیث اور اس طرح کی دیگر حدیث اسلام کے اوائل سے تعلق رکھتی ہیں۔اس کے بعد شریعت کا یہ حکم ہے کہ ایسے لوگوں کو معاف نہیں کرنا چاہیے۔''یعنی ان کا کہنا یہ ہے کہ یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے۔ابن تیمیہؒ کہتے ہیں: ''پہلی بات تو یہ کہ اس میں بالکل واضح طور پر آپ ﷺ کی توہین نہیں کی گئی ہے کیونکہ یہ ایسے الفاظ ہیں جنہیں سب نہیں سمجھ سکتے''۔

وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تو معاف کر سکتے تھے ہم نہیں کر سکتے۔

یہ آپ ﷺ کا حق ہے۔ان کی مرضی ہے وہ معاف کریں یا نہ کریں، کیونکہ ان کی توہین کی گئی ہے، لیکن ہمیں معاف کرنے کا کوئی حق نہیں۔مثلاً اگر کوئی مجھ سے پیسے چوری کرے اور آپ جا کر اسے معاف کر دیں۔۔۔۔ایسا ہو سکتا ہے؟! آپ کیسے اسے معاف کریں گے؟ میں کروں تو کروں۔۔آپ کون ہوتے ہیں؟ اسی طرح یہ آپ ﷺ کو تو اختیار ہے وہ معاف کر دیں لیکن ہمارے پاس نہیں۔

ابن تیمیہؒ کہتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ کے بعد اب ہم کسی کو معاف کرنے کے مجاز نہیں، جب لوگ ہمیں نقصان پہنچائیں تب تو ہم انہیں درگزر کر سکتے ہیں لیکن جب حضور ﷺ کو نقصان پہنچائیں تو نہیں معاف کر سکتے۔

ایک اور اعتراض جو پیش کیا جاتا ہے وہ یہ کہ کفار اللہ تعالیٰ کی توہین کرتے ہیں ں علیہ السلام کی بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ نعوذ باللہ اللہ کا کوئی بیٹا ہے۔یہ توہین رسالت سے بھی بڑی بات ہے۔

اس پر ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: ''جب وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ایسے کلمات کہتے ہیں تو ان کا مقصد اللہ تعالیٰ کی توہین کرنا نہیں ہوتا بلکہ یہ ان کا ایمان ہے اور وہ اس پر سچے دل سے یقین کرتے ہیں۔ان کی نیت توہین کی نہیں ہوتی البتہ جب وہ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بات کرتے ہیں تو ان کی نیت مسلمانوں کو ایذاء پہنچانے کی ہوتی ہے اور وہ اسلام کو نشانہ تضحیک بنانا چاہ رہے ہوتے ہیں، اسی لئے ان دونوں باتوں میں بڑا فرق ہے۔

خلاصہ کلام

پہلی بات یہ کہ آپ ﷺ کی توہین سے آپ ﷺ کی ذات کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا اور نہ آپ ﷺ کے مرتبے میں کوئی فرق آتا ہے۔آپ ﷺ تو سب سے زیادہ عزت والے ہیں۔ان کا نام ہی محمد ﷺ ہے یعنی وہ جس کی تعریف کی جائے۔دن کے ہر لمحے میں، دنیا کے مختلف حصوں میں، مختلف اوقات میں کوئی نہ کوئی مینار ایسا ضرور ہوتا ہے جہاں ''اشھد أن محمد رسول اللّٰہ'' کی پکار بلند کی جارہی ہوتی ہے۔اور کوئی لمحہ ایسا نہیں ہوتا جب فرشتے ''صلی اللّٰہ علی سیدنا محمد'' نہ کہہ رہے ہوں اور اللہ تعالیٰ بھی آپ پر اپنی رحمتیں نازل فرما رہے ہوتے ہیں۔

﴿ان اللّٰہ وملائکتہ یصلون علی النبی﴾

"بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں"۔

دنیا کے ہر کونے میں مؤمنین آپ ﷺ پر درود بھیج رہے ہوتے ہیں۔ اب یہ خبثاء آپ ﷺ کے بارے میں جو کچھ کہتے رہیں آپ کو اس سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ ہاں! لیکن ہمیں ضرور نقصان پہنچتا ہے، اگر ہم اسی طرح آپ ﷺ کی توہین ہوتے رہنے دیں تو ہمارے لیے یہ باعث گناہ ہوگا۔

فتح کی بشارت

دوسری بات: اگرچہ اس توہین سے ہمارے دل بہت مغموم ہوتے ہیں لیکن یہ اس بات کی نشانی ہے کہ کفار کی شکست اب بہت قریب ہے، انشاء اللہ۔ کیونکہ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: "بہت سے قابل اعتماد، تجربہ کار اور فقہی علم رکھنے والے مسلمان شام کے شہروں اور قلعوں کے محاصرے کے تجربات بیان کرتے ہیں جہاں انہوں نے عیسائیوں کا محاصرہ کیا تھا۔

وہ کہتے ہیں کہ ہم کسی قلعے یا شہر کو ایک مہینے یا اس سے زیادہ مدت تک کے لئے گھیرے رکھتے اور ہمارے محاصرے سے ان کو کچھ فرق نہیں پڑ رہا ہوتا تھا، بس ہم ہمت ہار کر ہٹنے ہی والے ہوتے لیکن پھر جب اس جگہ کے لوگ آپ ﷺ کی توہین کرتے تو ایک دن کے اندر اندر قلعہ فتح ہو جاتا تھا۔ اسی لئے جب کبھی ہم سنتے کہ وہ آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کر رہے ہیں تو ہم اسے فتح کی نوید سمجھتے۔ اگرچہ ہمارے دل نفرت سے بھرے ہوتے تھے لیکن ہم اسے بشارت کے طور پر لیتے تھے کہ یہ ہماری فتح کی نشانی ہے۔ سورہ کوثر کی آیت کا بھی یہی مطلب ہے: ﴿ان شانئک ھو الأبتر﴾ بے شک آپ کا دشمن ہی لاوارث اور بے نام ونشان ہے۔ (سورہ کوثر) یعنی اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے دشمنوں کو رسوا کردے گا۔

توہین رسالت کے حوالے سے آج کا دور ہماری تاریخ کا بدترین دور ہے۔ توہین رسالت کا یہ سلسلہ ڈنمارک کے ایک اخبار سے شروع ہوا اور پھر بہت سے حکومتوں اور اخبارات

نے آزادی رائے کے نعرے کے تحت ان سے اظہار یکجہتی کیا۔ یوں یہ خاکے ساری دنیا میں پھیل گئے۔ اس کے بعد سویڈن میں بننے والے خاکے ہیں جن کے اندر آپ ﷺ کو اس صورت میں دکھایا گیا ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی توہین آمیز چیز ہو ہی نہیں سکتی۔ اس کے علاوہ اللہ کی کتاب کے ساتھ جو سلوک کیا جا رہا ہے وہ ناقابل بیان ہے! اسے ٹوائلٹ پیپر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور کہیں اس پر نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ہے۔ جو کچھ ہو رہا ہے اور جس حد تک ہو رہا ہے، اگرچہ مسلمانوں کے دل اس پر رنجیدہ ہوتے ہیں، لیکن یہ اس بات کی بھی علامت ہے کہ ان کفار کا انجام نزدیک ہے۔

آخری بات میرے عزیز بھائیوں اور بہنوں! جو ہمیں بحیثیت امت اور بحیثیت مسلمان یاد رکھنی چاہئے کہ چھٹی صلیبی جنگ کے دوران جب صلیبیوں نے مصر کے شہر دمیاط پر 615ء میں حملہ کیا اور اس پر قبضہ کر لیا اس وقت ایوبی امیر محمد کامل، منصورہ میں ان سے جنگ کر رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ صلیبیوں میں سے ایک شخص تھا جو روزانہ باہر نکلتا اور حضور ﷺ کو برا بھلا کہتا تھا۔ مسلمانوں کے امیر محمد کامل کی دلی خواہش تھی کہ کسی طرح اس پر قابو پا کر اسے ختم کردے، انہوں نے اس کا چہرہ اچھی طرح ذہن نشین کر لیا۔

دس سال بعد صلیبی ہار کر لوٹ گئے لیکن وہ شخص مزید جنگ کے لئے شام کی طرف چلا گیا، جہاں وہ مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہو گیا۔ امیر محمد کامل کو وہ شخص دس سال بعد بھی یاد تھا۔ انہوں نے اسے مدینہ بھیج دیا اور وہاں کے امیر کو حکم دیا کہ اس کو آپ ﷺ کی قبر کے سامنے جمعہ کے دن ذبح کیا جائے۔ دس سال تک انہوں نے اس شاتم رسول کو اپنے ہدف پر رکھا ہوا تھا۔

میرے بھائیوں اور بہنوں! ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے درمیان ایسے مرد وخواتین پیدا کرے جن کی تعریف اللہ تعالیٰ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ: "لایخافون لومة لائم" وہ اللہ کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے۔ (سورہ المائدة ۵۴)

ایسے لوگ جو کفار کو یہ باور کرا سکیں کہ آپ ﷺ کی توہین کر کے دراصل انہوں نے بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈال دیا ہے اور یہ غبار اب کبھی نہیں چھٹے گا!! باذن اللہ۔

حدود کا بیان......حدود کے سلسلہ کی عمومی باتیں

باب اول کے اختتام پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حکیم الاسلام شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی مشہور کتاب ''حجۃ اللہ البالغۃ'' کا ایک اقتباس پیش کیا جائے، مولانا سعید احمد پالن پوری کے ترجمہ کے ساتھ، اس کا مقصد تبرک کے علاوہ مذکورہ بالا عربی عبارات کا خلاصہ اور لب لباب بھی بیان کرنا ہے۔

حدود شرعیہ کے ضروریات دین میں سے ہونے کے سلسلہ میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وہ جرائم جن میں سخت سزائیں ضروری ہیں

حدود: وہ سزائیں جو قرآن، حدیث یا اجماع سے ثابت ہیں، اور جو حق اللہ کے طور پر واجب ہوتی ہیں: عقوبۃ مقدّرۃ، وجبت حقاً للہ تعالیٰ (درمختار) اور ''حق اللہ'' کا مطلب یہ ہے کہ وہ سزائیں مفاد عامہ کے لئے مشروع کی گئی ہیں۔ یعنی لوگوں کے انساب، اموال، عقول اور اعراض (آبرو) کی حفاظت کے لئے مقرر کی گئی ہیں۔ یہ سزائیں گناہ سے پہلے گناہ سے روکنے والی، اور گناہ کے بعد سرزنش ہوتی ہیں۔ یہ نہ معاف کی جاسکتی ہیں، نہ ان میں سفارش کی گنجائش ہے۔ شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

چند جرائم ایسے ہیں جن کے لئے اللہ تعالیٰ نے سزائیں مقرر فرمائی ہیں۔ چنانچہ ان میں کسی قسم کی تبدیلی کا کسی کو حق نہیں۔ یہ وہ جرائم ہیں جن میں مختلف جہتوں سے مفاسد جمع ہیں۔ ان سے زمین میں بگاڑ پھیلتا ہے۔ مسلمانوں کا چین سکون غارت ہوتا ہے۔ ان جرائم کے

جذبات لوگوں کے دلوں میں برابر ابھرتے رہتے ہیں۔ وہ انسان پر حملہ کرتے ہیں۔ جب وہ دل میں رچ بس جاتے ہیں تو لوگ ان سے بچ نہیں سکتے۔ ان میں ایسا ضرر ہے کہ مظلوم اس کو اپنی ذات سے ہٹا نہیں سکتا۔ اور وہ جرائم کثیر الوقوع ہیں۔

اس قسم کے جرائم میں عذاب آخرت سے ڈرانا کافی نہیں۔ ان پر سخت ملامت اور دردناک سزا ضروری ہے۔ تاکہ وہ لوگوں کی نگاہوں کے سامنے رہے۔ اور وہ ان کو ارتکاب جرم سے باز رکھے۔

ایسے سنگین جرائم پانچ ہیں:

(۱) زنا ہے، یہ گناہ شہوت کی زیادتی اور عورتوں کی خوبصورتی میں دلچسپی سے صادر ہوتا ہے۔ بدکاروں کے دلوں میں اس کی آرزو ہوتی ہے۔ عورت کے خاندان کے لئے اس میں سخت عار ہے۔ اور کسی کی بیوی میں دوسرے کی دست درازی انسانی فطرت کے خلاف ہے۔ اس سے قتل وقتال اور جنگ وجدال کا دروازہ کھلتا ہے۔ اور زنا عام طور پر باہمی رضامندی اور تنہائی میں ہوتا ہے، جس سے عام طور پر لوگ واقف نہیں ہوسکتے کہ وہ روک ٹوک کریں۔ پس اگر اس کے لئے دردناک سزا مقرر نہیں کی جائے گی تو لوگ اس سے باز نہیں آئیں گے۔

(۲) چوری ہے۔ بارہا انسان اچھا پیشہ نہیں پاتا تو وہ چوری کا دھندا شروع کر دیتا ہے۔ اور یہ جذبہ بھی انسان پر حملہ کرتا ہے۔ اور چوری اس طرح مخفی طور پر ہوتی ہے کہ لوگ اس کو نہیں دیکھتے کہ روکیں۔ اس لئے اس جرم کی بھی سخت سزا ضروری ہے، تاکہ لوگوں کے اموال محفوظ رہیں۔

چوری اور غصب میں فرق: غصب ایسی دلیل اور بوگس حجت کی بنیاد پر ہوتا ہے جس کو شریعت تسلیم نہیں کرتی۔ اور غصب: فریقین کے درمیان معاملات کے ضمن میں ہوتا ہے۔ اور لوگوں کی نگاہوں کے سامنے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو منجملۂ معاملات قرار دیا گیا ہے۔ اور اس کے لئے کوئی حد مقرر نہیں کی گئی۔ غاصب پر تاوان لازم کیا گیا ہے۔ اور اس کو مناسب سزا دی

جائے گی۔اور چوری مخفی طور پر ہوتی ہے۔اس لئے اس کی روک تھام ممکن نہیں،اس لئے اس کی سخت سزا مقرر کی گئی ہے۔

(۳) راہ زنی ہے۔راہ زنی میں مظلوم راہ زن کو اپنی ذات اور اپنے مال سے ہٹا نہیں سکتا۔کیونکہ راہ زنی مسلمانوں کے شہروں میں اور ان دبدبہ والے علاقوں میں نہیں ہوتی کہ پولیس مدد کرے۔اس لئے ڈاکہ زنی کے لئے چوری سے بھی بھاری سزا ضروری ہے۔

(۴) شراب نوشی ہے۔شرابی: شراب نوشی کا رسیا ہوتا ہے۔اس سے زمین میں بگاڑ پھیلتا ہے۔اور لوگوں کی عقلیں از کار رفتہ ہوجاتی ہیں، جبکہ عقل ہی پر دنیا و آخرت کی صلاح موقوف ہے۔اس لئے یہ جرم بھی قابل سزا ہے۔

(۵) زنا کی تہمت لگانا ہے۔کیونکہ جس پر زنا کی تہمت لگائی جاتی ہے: اس کو سخت اذیت پہنچتی ہے۔اور وہ تہمت لگانے والے کو دفع کرنے پر قادر نہیں۔کیونکہ اگر وہ اس کو قتل کرے گا تو قصاصاً مارا جائے گا۔اور ضرب وحرب کرے گا تو ترکی بہ ترکی جواب دیا جائے گا۔پس اس جرم کے لئے بھی سخت سزا ضروری ہے۔

فائدہ: شراب نوشی کی سزا حدیثوں سے ثابت ہے۔باقی حدود قرآن کریم میں مذکور ہیں۔اور یہی چند جرائم ہیں جن کی سزائیں ''حدود'' کہلاتی ہیں۔باقی چھوٹے بڑے جرائم کی سزائیں ''تعزیرات'' کہلاتی ہیں۔جو قاضی کی صوابدید پر موقوف ہیں۔اور قصاص میں چونکہ معاف کرنے کا اختیار ہے،اس لئے وہ ''حدود'' میں شامل نہیں۔

مرتب کہتا ہے:

''چونکہ یہ حدود نصوص قطعیہ سے ثابت ہے تواتر کے ساتھ لہٰذا ان سب کا ضروریات دین میں سے ہونا قطعی ہے،لہٰذا ان میں کسی قسم کی تاویل وتصرف وغیرہ یقیناً کفر ہے''۔

باب دوم

اس باب میں سب سے پہلے علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کے ضوابط تکفیر اور اہل حق کے اصولِ اکفار درج کئے جاتے ہیں:

ضروریات دین:

جیسا کہ عقائد وکلام کی کتابوں میں مشہور ہے''ضروریات دین'' سے وہ تمام قطعی اور یقینی امور دین مراد ہیں جن کا دین رسول اللہ ﷺ سے ہونا قطعی طور پر معلوم ہے اور حدِ تواتر و شہرتِ عام تک پہنچ چکا ہے۔حتی کہ عوام بھی ان کو دینِ رسول اللہ ﷺ جانتے اور مانتے ہیں۔مثلاً توحید، نبوت، خاتم الانبیاء پر نبوت کا ختم ہونا، آپ ﷺ کے بعد نبوت کا سلسلہ منقطع ہوجانا، حیات بعد الموت (مرکر دوبارہ زندہ ہونا) جزاء وسزا اعمال، نماز وزکوٰۃ کا فرض ہونا، شراب اور سود کا حرام ہونا وغیرہ وغیرہ۔

شہرت کے متعلق حاشیہ ''اکفار الملحدین'' کے حوالہ سے مترجم فرماتے ہیں:

حضرت مصنفؒ حاشیہ میں فرماتے ہیں کہ شہرتِ عام کا معیار یہ ہے کہ عوام کے ہر ہر طبقہ میں اس کا علم پہنچ جانا چاہیے، ہر ہر فردِ عوام کا جاننا ضروری نہیں ہے۔اسی طرح عوام کے اس طبقہ کا جاننا بھی ضروری نہیں ہے جو دین اور دینی امور سے کوئی سروکار نہیں رکھتا، بلکہ عوام کے ان

تمام طبقوں تک اس امر ضروری کا علم پہنچ جانا چاہیے جو دین سے علاقہ رکھتے ہیں "خواہ اہل علم ہوں خواہ غیر اہل علم" اس زمانہ کے لحاظ سے حضرت مصنفؒ کی یہ تنقیح نہایت ضروری ہے۔ مترجم

ضروریات دین کی وجہ تسمیہ:

ایسے تمام عقائد واعمال کو ضروری اس لیے کہا جاتا ہے کہ ہر خاص و عام شخص قطعی اور یقینی طور پر ان کو دین سمجھتا اور جانتا ہے کہ مثلاً فلاں عقیدہ رسول اللہ ﷺ کا دین ہے (یعنی "ضروری" اس اصطلاح میں قطعی اور ناقابل انکار یقینی امر کے معنی میں استعمال ہوا ہے) یہ معنی معروف بدیہی معنی کے قریب قریب ہیں۔

ایمان:

حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ:

ایمان ایک عمل قلبی ہے جیسا کہ امام بخاریؒ نے صحیح بخاری جلد ۱ صفحہ ۷ پر وان المعرفۃ فعل القلب کے الفاظ سے اشارہ فرمایا ہے۔ دین کے ہر ہر حکم کو قبول کرنا اور اس پر عمل کرنے کا پختہ قصد، یہ ایمان کے لیے لازم ہے (بالفاظ دیگر محض کسی چیز کا یقینی علم اور معرفت ہی ایمان نہیں ہے بلکہ دل سے اس کو مان لینا اور اس پر عمل کرنے کا مصمم ارادہ کرنا بھی ایمان میں داخل ہے)

مومن ہونے کے لیے تمام احکام شریعت کی پابندی کا عہد کرنا ضروری ہے:

حافظ ابن حجرؒ فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۷۴ پر تصریح فرماتے ہیں کہ التزام احکام شریعت صحت ایمان کے لیے ضروری ہے، وہ فرماتے ہیں۔

"اہل نجران کے واقعہ سے جو احکام شریعہ مستنبط ہوتے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کسی کافر کا صرف نبوت کا اقرار کر لینا اس کے مسلمان ہونے کے لیے کافی نہیں ہے جب تک کہ وہ تمام احکام اسلام پر عمل کرنے کا التزام نہ کرے (مسلمان نہ ہوگا)"۔

حافظ ابن قیمؒ نے زاد المعاد میں اس کی بہت اچھی طرح وضاحت کی ہے مراجعت کیجئے۔

حقیقت ایمان:

لہٰذا اب ایمان کی حقیقت یہ ہوئی:

(۱) ان تمام عقائد واحکام کی تصدیق کرنا اور ان کو دل سے ماننا جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہیں۔

(۲) آپ کے لائے ہوئے تمام احکام شریعت کی پابندی اپنے ذمہ لینا اور قبول کرنا۔

(۳) آپ کے دین کے علاوہ باقی تمام مذاہب اور ادیان سے بے تعلقی کا اعلان کرنا۔

بہر کیف ایمان عمل قلب ہے اور دین کے ہر ہر حکم پر عمل کرنے کا پختہ قصد اور التزام ایمان کے لیے لازم ہے۔ یہ قصد و ارادہ بھی تمام احکام دین پر محیط ایک "بسیط حقیقت" ہے۔ اس میں بھی کسی کمی بیشی یا تجزیہ کا کوئی امکان نہیں۔ لہٰذا جو شخص ضروریات دین میں سے کسی ایک چیز کا بھی انکار کرتا ہے وہ کافر ہے اور "ان لوگوں میں سے ہے جو کتاب اللہ کے کسی حکم کو مانتے ہیں اور کسی حکم کا انکار کرتے ہیں" ظاہر ہے کہ ایسے لوگ باتفاق امت قطعاً کافر ہیں۔ اگر چہ یہ لوگ اپنے ایمان، دین داری اور خدمتِ اسلام کا ڈھنڈورا پیٹتے پیٹتے مشرق و مغرب کے قلابے ملا دیں، اور یورپ وایشیاء کو ہلا ڈالیں۔ بقول شاعر:

وکل یدعی حبا للیلیٰ ۔ ولیلیٰ لا تقر لھم بذا کا

لیلیٰ کی محبت کا دعویٰ تو ہر شخص کرتا ہے ۔ مگر لیلیٰ کسی کی محبت کو تسلیم نہیں کرتی

یہی وہ نکتہ ہے جس پر آغازِ عہدِ خلافت میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف رائے پیدا ہوا۔ چنانچہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ہر اس شخص سے جنگ کرنے کا اعلان کر دیا جو نماز اور زکوٰۃ میں تفریق کرتا ہے (یعنی نماز کو مانتا ہے اور زکوٰۃ کو نہیں مانتا) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مقصد یہی تھا کہ جو

شخص پورے دین کو ماننے کے لیے تیار نہیں وہ مومن نہیں (کافر ہے اور مباح الدم یعنی واجب القتل ہے)

شیخین رضی اللہ عنہما کا اتفاق رائے اور تمام صحابہ کرام کا اجماع:

آخر اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو بھی شرح صدر عطا فرمایا اور یہ حقیقت ان کی سمجھ میں آگئی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے رائے سے متفق ہو گئے۔

پورے دین پر ایمان لانا ضروری ہے:

چنانچہ اس سلسلے میں امام مسلمؒ صحیح مسلم میں جلد ۱ صفحہ ۳۷ پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ:

۱۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اس وقت تک لوگوں سے جنگ جاری رکھنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک وہ لا الہ الا اللہ کی شہادت نہ دیں اور مجھ پر اور جو دین میں لے کر آیا ہوں اس پر ایمان نہ لے آئیں۔ جب وہ اس کو اختیار کرلیں گے تو ان کو (مسلمانوں کی طرح) احکام شریعت کے مطابق جان و مال کی امان حاصل ہو جائے گی، بجز اسلامی حقوق کے، باقی ان کے دلوں کا معاملہ اللہ کے پاس ہے (کہ وہ دل سے ایمان لائے ہیں یا کسی خوف اور طمع سے)

۲۔ صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۸۶ پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت کے الفاظ یہ ہیں:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضے میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ اس امت کا جو شخص بھی خواہ یہودی ہو خواہ نصرانی میری بعثت کی خبر سن کر میری نبوت اور اس دین پر ایمان نہ لائے گا وہ جہنم میں جائے گا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا یہ ارشاد سن کر میں دل میں کہنے لگا کہ قرآن کریم کی کس آیت سے اس کی تصدیق ہوتی ہے تو آخر آیت ذیل میرے ذہن میں آئی۔

﴿ومن يكفر به من الأحزاب فالنار موعده﴾ (الآية).

ترجمہ: اقوام و ملل میں سے جو کوئی بھی (اس دین کا) انکار کرے گا اس کی وعدہ گاہ (ٹھکانہ) جہنم ہے۔

اس آیت کریمہ کے لفظ 'احزاب' میں دنیا کے تمام ادیان و مذاہب اور اقوام و ملل آ گئے اور رسول اللہ ﷺ کے قول کی تصدیق ہو گئی۔

مزید تحقیق کے لیے لفظ 'مرجئہ' کے تحت دائرۃ المعارف کی مراجعت کیجئے۔

تواتر اور اس کی چند قسمیں

۱۔ تواتر سند

(کسی حدیث کے روایت کرنے والے ہر زمانہ میں (شروع سے آخر تک) اتنے لوگ رہے ہوں کہ کسی زمانے میں بھی ان سب کا کسی بے اصل حدیث کی روایت کرنے پر آپس میں اتفاق کر لینا عادۃً محال ہو) مثلاً حدیث "من كذب علي متعمداً فليتبوأ مقعده من النار" کہ حافظ ابن حجرؒ فتح الباری شرح صحیح بخاری میں جلد ۱ صفحہ ۱۸۱ پر بیان کرتے ہیں کہ یہ حدیث تیس مختلف صحابیوں سے مختلف صحیح اور حسن سندوں کے ساتھ بے شمار راویوں نے روایت کی ہے۔

حدیثِ ختم نبوت از روئے سند 'متواتر' ہے:

اسی طرح ہمارے اصحاب میں سے مولوی (مفتی) محمد شفیع صاحب دیوبندی نے (ایک رسالہ میں) احادیث ختم نبوت جمع کی ہیں، ان کی تعداد پچاس سے زائد پہنچ گئی ہے۔ ان میں تقریباً تیس روایتیں تو صحاح ستہ کی ہیں اور باقی دوسری کتب کی۔

۲۔ تواتر طبقہ

ہر عہد کے لوگ اپنے سے پہلے عہد کے لوگوں سے کسی روایت یا عقیدہ یا عمل کو سنتے اور نقل کرتے چلے آئے ہوں مثلاً قرآن کریم کا تواتر کہ مشرق سے مغرب تک تمام روئے زمین پر ہر زمانہ

اور ہر عہد کے مسلمان اپنے سے پہلے عہد اور زمانہ کے مسلمانوں سے بعینہ اسی قرآن کو نقل کرتے پڑھتے، پڑھاتے اور حفظ وتلاوت کرتے چلے آئے ہیں، تم عہد بعہد پڑھتے اور بڑھتے چلے جاؤ، جناب رسالت مآب ﷺ تک پہنچ جاؤ گے۔ نہ کسی سند کی ضرورت ہے نہ کسی راوی کا نام لینے کی۔

باقی ہر عہد کے لوگوں کا دوسرے عہد کے لوگوں سے یہ نقل کرنا اور اس پر یقین کرنا کہ یہ قرآن بعینہ وہی کتاب ہے جو رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی، اس میں تو سب مسلمان ہی شریک ہیں چاہے انہوں نے قرآن پڑھا ہو چاہے نہیں (اس لیے کہ اس یقین کے بغیر تو کوئی مسلمان ہو ہی نہیں سکتا)

۳۔ تواترِ عمل یا توارث

ہر زمانہ میں لوگ جن امور دین پر عمل کرتے چلے آئے ہوں اور وہ ان میں جاری وساری رہے ہوں، وہ سب امور و احکام 'متواتر' ہیں (مثلاً وضوء، وضوء میں مسواک کرنا، کلی کرنا، ناک میں پانی ڈالنا، اذان واقامت اور نماز با جماعت وغیرہ)

فائدہ نمبر۱:

بعض احکام میں تینوں قسم کا تواتر جمع ہوجاتا ہے۔ مثلاً وضوء میں مسواک کرنا، ناک میں پانی ڈالنا اور کلی کرنا، کہ یہ تینوں احکام ایسے ہیں جن میں تینوں قسم کی تواتر جمع ہوگئی۔

فائدہ نمبر۲:

بعض لوگ (تواتر کی تینوں قسموں کو پیش نظر نہ رکھنے کی وجہ سے) یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ 'متواتر' احادیث واحکام بہت کم ہیں۔ حالانکہ فی الواقع ہماری شریعت میں متواترات اتنے بے شمار ہیں کہ انسان ان کے گننے اور فہرست بنانے سے عاجز ہے۔

فائدہ نمبر۳:

بہت سے ایسے احکام ومسائل ہیں کہ ہم ان کے 'تواتر' سے غافل اور بے خبر ہوتے ہیں

لیکن جب توجہ اور تجسس کرتے ہیں تو کسی نہ کسی اعتبار سے وہ متواتر نظر آتے ہیں۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے بسا اوقات انسان 'نظری' مسائل سمجھنے اور محفوظ کرنے میں ایسا منہمک ہوجاتا ہے کہ 'بدیہیات' اس کی نگاہ سے بالکل اوجھل ہوجاتے ہیں (اور جب توجہ کرتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ تو بدیہی ہے)

ضروریات دین میں سے کسی متواتر 'امر مسنون' کا انکار کرنے سے بھی انسان کافر ہوجاتا ہے

ضروریات دین اور متواترات کی اس تشریح وتحقیق کے بعد اب ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مثلاً:

۱۔ نماز پڑھنا فرض ہے اور اس کے فرض ہونے کا اعتقاد بھی فرض ہے۔ نماز سیکھنا بھی فرض ہے اور نماز سے انکار یعنی اس کو نہ ماننا یا نہ جاننا کفر ہے۔

۲۔ مسواک کرنا سنت ہے مگر اس کے سنت ہونے کا اعتقاد فرض ہے اور اس کی سنیت کا انکار کفر ہے۔ لیکن اس پر عمل کرنا اور علم حاصل کرنا سنت ہے اور اس کے علم سے ناواقف رہنا حرمان ثواب کا سبب ہے اور اس پر عمل نہ کرنا (رسول اللہ ﷺ کے عتاب) یا (ترک سنت کے) عذاب کا موجب ہے۔

(دیکھا آپ نے کہ ایک سنت کی سنیت کے انکار سے بھی انسان کافر ہوجاتا ہے)

ضروریات دین میں تاویل کرنا بھی کفر ہے:

ہم آنے والی فصلوں میں زیادہ تفصیل اور تحقیق کے ساتھ ثابت کریں گے کہ ارباب حل وعقد علماء کا اس پر اجماع ہوچکا ہے کہ 'ضروریات دین' میں کوئی ایسی تاویل کرنا بھی کفر ہے جس سے اس کی وہ صورت باقی نہ رہے جو تواتر سے ثابت ہے، اور جو اب تک ہر زمانہ کے خاص وعام مسلمان سمجھتے سمجھاتے چلے آئے ہیں اور جس پر امت کا تعامل رہا ہے۔

علماءِ احناف کے نزدیک تو کسی بھی 'قطعی' امر کا انکار کفر ہے:

علماء احناف تو اس پر اور اضافہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کسی بھی 'قطعی' اور 'یقینی' حکم شرعی یا عقیدہ کا انکار کفر ہے۔اگر چہ وہ ضروریات دین کے تحت نہ آتا ہو۔چنانچہ شیخ ابن ہمامؒ نے مسایرہ میں ۲۰۸ پر اس کی تصریح فرمائی ہے اور دلائل کے اعتبار سے علماء احناف کی یہ رائے غایت درجہ قوی ہے (صفحہ ۲۰۸ طبع جدید مصر)

حاصل یہ ہے کہ ہر وہ 'قطعی' اور 'یقینی' امر شرعی جو اس قدر واضح ہو کہ اس کے تعبیر کرنے والے الفاظ اور ان کے معنی کو ہر اعلی، ادنیٰ اور متوسط درجہ کا آدمی بآسانی جانتا اور سمجھتا ہو اور ان کی مراد بھی اتنی واضح ہو کہ اس کے متعین کرنے کے دلائل اور براہین کی کھینچ تان کی ضرورت نہ ہو ایسا 'امر شرعی' جب صاحب شریعت علیہ السلام سے بطور 'تواتر' ثابت ہو تو اس پر بعینہ اور ہو بہو اسی ظاہری صورت میں بغیر کسی تاویل وتصرف کے ایمان لانا فرض ہے اور اس کا انکار یا اس میں کوئی 'تاویل وتصرف' کرنا کفر ہے۔

اب اس باب دوم میں مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن اور علامہ محمد یوسف بنوری رحمہم اللہ کے مضامین کا اقتباس مزید وضاحت اور تائید کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

حضرت مفتی صاحبؒ نے منکر حدیث غلام احمد پرویز کے چند نظریاتِ فاسدہ کا ذکر فرمایا پھر ان کی تردید بالترتیب نہایت ہی محققانہ انداز سے فرمائی ہے۔ایسے اصول ذکر فرماتے ہیں کہ جن سے ہر کفریہ عقیدہ اور اعمال فاسدہ اور اقوال کاسدہ کا رد ثابت ہوتا ہے، اور یہی طریقہ کار علامہ یوسف بنوریؒ نے اپنے عربی استفتاء اور فتویٰ میں بھی اختیار فرمایا ہے، مفتی ولی حسن صاحبؒ کی عبارت ملاحظہ ہو، پہلے نظریاتِ باطلہ:

(۱) قرآن کریم میں جہاں بھی ''اللہ اور رسول'' کا نام آیا ہے اس سے مراد ''مرکز ملت'' ہے۔

(۲) جہاں اللہ اور رسول کی اطاعت کا ذکر ہے اس سے مراد ''مرکزی حکومت کی

اطاعت'' ہے۔

(۳) قرآن کریم میں ''اُولی الأمر'' سے مراد افسرانِ ماتحت ہیں۔

(۴) رسول کو قطعاً یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی سے اپنی اطاعت کرائے۔

(۵) رسول کی حیثیت صرف اتنی ہے کہ وہ اس قانون کو انسانوں تک پہونچانے والا ہے۔

(۶) رسول اللہ ﷺ جب موجود تھے تو بہ حیثیت ''مرکز ملت'' آپ کی اطاعت فرض تھی آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی اطاعت کا حکم نہیں کیونکہ اطاعت کے معنی ہی کسی زندہ کے احکام کی تابعداری کرنا ہے۔

(۷) ختم نبوت کا مطلب یہ ہے کہ انسانوں کو اپنے معاملات کے فیصلے آپ کرنے ہوں گے۔

(۸) قرآن کریم کے احکام وراثت، قرضہ، لین دین، صدقہ خیرات و زکوٰۃ وغیرہ سب عبوری دور سے متعلق ہیں۔

(۹) شریعت محمدیہ صرف آنحضرت ﷺ کے عہد مبارکہ کے لیے تھی نہ کہ ہر زمانے کے لیے بلکہ ہر زمانے کی ''شریعت'' وہ ہے جس کو اس عہد کا مرکز ملت اور اس کی مجلس شوریٰ مرتب و مدون کرے۔

(۱۰) مرکز ملت کو اختیار ہے کہ وہ عبادات، نماز، روزہ، معاملات، اخلاق غرض جس چیز میں چاہے ردو بدل کردے۔

(۱۱) ''مرکز ملت'' اپنے زمانے کے کسی تقاضے کے ماتحت نماز کی کسی جزئی شکل میں ردو بدل کرسکتا ہے۔

غلام احمد پرویز کے خیالات کا رد

مذکورہ بالا اقوال سے قارئین کو اندازہ ہوگیا ہوگا کہ غلام احمد پرویز کا مقصد حاکمیت

الٰہیہ سے انکار اور نبی اکرم ﷺ کے احکامات اور ان کے طریقہ کو کالعدم قرار دینا ہے اور اس کی جگہ پارلیمنٹ کی حاکمیت اور ان کے ماتحت وزراء اور آفیسران کی حاکمیت ثابت کرنی ہے۔ اور قانون سازی کا حق ان کو دینا ہے، اور یہی ہر ملک کے بددین حکمرانوں کا مقصد ہے تاکہ اسلامی نظام کی جگہ اشتراکیت یا سرمایہ دارانہ کافرانہ نظام قائم و نافذ ہو اور جمہوریت ملعونہ کے تحت ملک کا سیاسی نظام چلتا رہے، ان خرافات کے جواب میں حضرت مفتی ولی حسن رحمہ اللہ نے مندرجہ ذیل واضح طریقہ سے رد فرمایا ہے:

(۱) قرآن کریم میں جہاں بھی ''اللہ ورسول'' کا نام آیا ہے اس سے مراد مرکز ملت ہے

یہ کھلی ہوئی تحریف والحاد ہے اور دلالت الفاظ کے قطعاً خلاف ہے واضح رہے کہ لفظ ''اللہ'' کی دلالت اپنے معنی پر ظاہر و قطعی ہے اور اسی طرح لفظ ''رسول'' کی دلالت بھی، اور الفاظ شرعیہ کے معنی ظاہری و قطعی کو چھوڑ کر کوئی دوسرے معنی مراد لینا الحاد و زندقہ کے سوا کچھ نہیں۔

لفظ کی دلالت اپنے معنی پر یا لغوی ہوتی ہے یا عرفی یا اصطلاحی اور ''اللہ ورسول'' کی دلالت ''مرکز ملت'' پر ان تینوں دلالتوں میں سے کوئی سی بھی نہیں، عربی زبان کی مستند لغات میں سے کسی لغت میں بھی اللہ ورسول کے معنی مرکز ملت کے نہیں اور نہ کسی علم کی اصطلاح میں اس کے یہ معنی ہیں۔ بلکہ ایک عامی بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ ورسول سے مراد مرکز ملت ہے، قرآن کریم اسی زبان میں نازل ہوا ہے جو عرب میں بولی اور سمجھی جاتی تھی، یہ زبان آج بھی زندہ ہے، اللہ ورسول کے الفاظ اس میں قدیم سے مستعمل چلے آتے ہیں۔ عربی زبان کے اشعار و محاورات محفوظ ہیں۔ پرویز نے اللہ ورسول کا جو مفہوم اپنے ذہن سے متعین کیا ہے اس کے ثبوت میں عربی زبان کا نہ تو کوئی محاورہ پیش کیا جاسکتا ہے اور نہ کوئی شعر۔

قرآن کریم جس ذات گرامی پر نازل ہوا ہے اس نے اللہ ورسول کے معنی مرکز ملت کے نہیں بتلائے اور نہ جن نفوس قدسیہ کو قرآن کریم کا اولین مخاطب بنایا گیا تھا ان میں سے کسی نے اس کے یہ معنی سمجھے پھر قرآن کریم کی بے شمار آیات میں اللہ ورسول کا ذکر آیا ہے اگر اس سے مرکز ملت مراد تھا تو کسی آیت میں اس کی وضاحت کیوں نہیں کی گئی؟ مزید برآں قرآن کریم میں اللہ ورسول پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے، کیا مرکز ملت پر بھی اسی طرح ایمان لانا ضروری ہوگا؟ اللہ اور رسول پر ایمان نہ لانا کفر ہے، کیا مرکز ملت پر بھی ایمان نہ لانے کا نتیجہ کفر ہوگا؟ اللہ اور رسول کے خلاف ذرا بھی عقیدت میں فتور آجائے تو کفر ہے کیا مرکز ملت کا بھی یہی حکم ہوگا؟ اللہ تعالیٰ کی صفات جلیلہ جو قرآن کریم میں ذکر ہوئی ہیں کیا یہی صفات مرکز ملت کی ہوں گی؟

الغرض اللہ ورسول سے مراد مرکز ملت ہرگز نہیں ہوسکتا۔ یہ صراحتاً الحاد و زندقہ ہے اور الفاظ قرآن کو باطنی مفاہیم پہنانے کی بدترین کوشش، قرآن کریم نے اس عمل کو الحاد سے تعبیر کیا ہے۔ ارشاد ہے:

﴿ان الذين يلحدون في آياتنا لا يخفون علينا افمن يلقى في النار خير أم من يأتي آمنا يوم القيامة ، اعملوا ما شئتم انه بما تعملون بصير﴾

ترجمہ: بلاشبہ وہ لوگ جو ہماری آیات میں الحاد (کجروی) کی راہیں نکالتے ہیں وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں بھلا جو آگ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا جو آئے گا قیامت کے دن امن سے، کیے جاؤ جو چاہو، بے شک جو تم کرتے ہو وہ دیکھتا ہے۔

آیت کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی آیات کو سن کر جو لوگ کجروی سے باز نہیں آتے اور سیدھی سیدھی باتوں میں واہی تباہی شبہات پیدا کر کے ٹیڑھ نکالتے ہیں یا خواہ مخواہ توڑ مروڑ کر ان کا مطلب غلط لیتے ہیں ممکن ہے وہ لوگ اپنی چالاکیوں پر مغرور ہوں، مگر اللہ تعالیٰ سے ان کا حال پوشیدہ نہیں۔ جس وقت اس کے سامنے جائیں گے خود دیکھ لیں گے۔ فی

الحال اس نے ڈھیل دے رکھی ہے۔ وہ مجرم کو ایک دم نہیں پکڑتا اس لئے آگے فرمایا ﴿اعملوا ما شئتم انہ بما تعملون بصیر﴾ یعنی اچھا جو تمہاری سمجھ میں آئے کیے جاؤ مگر یاد رہے کہ تمہاری سب حرکات اس کی نظر میں ہیں، ایک دن ان کا پورا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

(۲) ''جہاں اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کا ذکر ہے اس سے مراد مرکزی حکومت کی اطاعت ہے''

یہ بھی تحریف معنوی اور الحاد و زندقہ کی بدترین مثال ہے اور لفظ کی قطعی وظاہری دلالت سے صریح انحراف، یہاں بھی وہی سوالات ہوں گے جو اس سے پہلی تنقیح کے ذیل میں کیے گئے تھے۔ مزید برآں ایک سوال یہ بھی ہے کہ اگر کسی جگہ نظام حکومت نہ ہو تو وہاں اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی کیا شکل ہوگی؟

یہ واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اسلام کی اساس اولین ہے۔ سارے دین کی عمارت اسی پر قائم ہے، اسی لیے قرآن کریم میں اس کا جگہ جگہ ذکر آیا ہے اور نہایت تاکید کے ساتھ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے ایک جگہ ارشاد ہے:

﴿قل أطيعوا الله والرسول فان تولوا فان الله لا يحب الكفرين﴾ [آل عمران: رکوع ۴].

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے کہ اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی اطاعت کرو پس اگر تم اس سے اعراض کرو تو (یاد رکھو) کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔

(۳) ''قرآن کریم میں ''أولی الأمر'' سے مراد افسران ماتحت ہیں''

یہ قرآن مجید کی کھلی ہوئی تحریف ہے، یاد رہے کہ آیت کریمہ ﴿أطيعوا الله وأطيعوا الرسول وأولي الأمر منكم﴾ کی جو تعبیر وتشریح پرویز کی عبارت میں کی گئی ہے وہ قطعاً کفر ہے اور امت محمدیہ کے قطعی فیصلے کے خلاف ہے ''اللہ کی اطاعت'' سے مراد وہ اوامر الٰہیہ ہیں جو

قرآن کی صورت میں امت کو دیئے گئے ہیں۔ اور ''اطاعت رسول'' سے مراد وہ احکام نبویہ ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں نافذ فرمائے تھے اور ان کا تمام تر ذخیرہ کتب حدیث میں محفوظ و منضبط ہے، اور ''أولی الأمر'' سے مراد وہ با اقتدار طبقہ ہے جو تفقہ فی الدین کے وصف سے متصف ہو اور اعلاء کلمۃ اللہ اور اجراء احکام شریعت میں دل و جان سے ساعی ہو، نیز وہ علماء ربانی کہ جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے رہتے ہیں، ان ہی کو حق ہے کہ اللہ و رسول اللہ ﷺ کے کلام کی ضرورت کے وقت تعبیر وتشریح کریں اور ان ہی کی اطاعت امت پر فرض ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ''ترجمان قرآن'' اور ''خیر امت'' کے لقب سے عہد صحابہ میں مشہور ہوئے ہیں ان سے ''أولی الأمر'' کی جو تفسیر الدر المنثور میں بروایت ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم اور حاکم سے منقول ہے وہ یہ ہے:

"يعني أهل الفقه والدين وأهل طاعة الله الذين يعلمون الناس معاني دينهم ويأمرونهم بالمعروف وينهونهم عن المنكر فأوجب الله طاعتهم على العباد". (ج ۲ ص ۱۷۶).

(ترجمہ) یعنی وہ حضرات جو فقہ و دین کے حامل ہوں اور اللہ کی اطاعت میں سرگرم ہوں اور لوگوں کو دین کے معانی سمجھاتے ہوں، نیکی کا حکم دیتے ہوں اور برائی سے روکتے ہوں اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کی اطاعت اپنے بندوں پر فرض کی ہے۔

یہی تفسیر جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ اور حضرت مجاہدؒ سے بھی منقول ہے (ملاحظہ ہو الدر المنثور، ج ۲ ص ۱۷۶)

ظاہر ہے کہ امت کی جن ہستیوں کی زندگی قرآن وسنت کی مزاولت میں گزری ہو اور جو سرتاپا شریعت مقدسہ سے آراستہ و پیراستہ ہوں وہی اللہ اور اس کے رسول کے دین کی تعبیر و

تشریح کے اہل ہیں اور ضرورت کے وقت ان ہی کی اطاعت کو واجب قرار دیا جاسکتا ہے۔ جاہل، بے دین یا فاسق اور بدعقیدہ افسران ماتحت اور حکامِ وقت جنہوں نے انگریز کی اطاعت وخدمت گزاری میں اپنی زندگیاں گنوائی ہوں اور جنہیں قرآن کریم پڑھنا بھی نہ آتا ہو ان کو دین کی تعبیر و تشریح کا حق کیسے دیا جاسکتا ہے۔ اسی وجہ سے بعض روایات میں "أولو الأمر" کی تفسیر کے سلسلے میں بطور مثال حضرات ابوبکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم جیسے اکابر وفقہاء صحابہ کے نام منقول ہیں، اور بعض روایات میں صرف صحابہ کرام کو "أولي الأمر" کا مصداق قرار دیا ہے۔ ان تشریحات کی روشنی میں ہر مسلمان فیصلہ کرسکتا ہے کہ "أولـي الامـر" سے افسران ماتحت اور اللہ ورسول سے مرکز ملت یا نظام حکومت مراد لینا صریح کفر والحاد نہیں تو اور کیا ہے۔

(۴) ''رسول کو قطعاً یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی سے اپنی اطاعت کرائے''

ایسا کہنا قطعاً کفر ہے، اطاعتِ رسولؐ دین کے مسلمات میں سے ہے۔ امت محمدیہ علی صاحبہا التحیات والتسلیمات نے اطاعت رسول کو ہمیشہ دین کا جزو لاینفک سمجھا ہے۔ رسول پر ایمان لانے کا مطلب ہی اس کی اطاعت وفرمانبرداری ہے، اور نہ صرف یہ کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ضروری ہے بلکہ ہر رسول مطاع ہوتا تھا اور ہر امت پر اپنے رسول کی اطاعت فرض ولازم تھی۔ دیکھئے قرآن کریم کس طرح حصر کے ساتھ بیان کر رہا ہے:

﴿وما أرسلنا من رسول الا ليطاع باذن الله﴾ [النساء ع ۹ پ ۵].

ترجمہ: ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لیے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے اذن سے۔

پھر صرف رسول کی اطاعت کا حکم دینے پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس کی اطاعت کو خود اللہ تعالیٰ کی اطاعت فرمایا گیا۔ ارشاد ہے:

﴿من يطع الرسول فقد أطاع الله﴾ [النساء ع ۱ پ ۵].

ترجمہ: جو رسول کی اطاعت کرے اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

اور محبت الٰہی کے دعویداروں سے صاف کہہ دیا گیا کہ تمہارے اس دعوے کی سچائی اسی وقت ظاہر وعیاں ہوگی جب کہ تم رسول کی اتباع واطاعت میں سرگرم ہوگے معلوم ہوا کہ اتباع رسول کے بغیر محبت الٰہی اور اتباع قرآن کا دعویٰ سراسر لغو اور باطل ہے۔ ارشاد ہے:

﴿قـل ان كـنـتـم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله ويغفر لكم ذنوبكم والله غفور رحيم﴾ [آل عمران ع ۴].

(ترجمہ) آپ فرمادیں اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری راہ پر چلو تا کہ تم سے اللہ محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اطاعت رسول کی اہمیت کی پیش نظر قرآن کریم میں اس کا بار بار حکم دیا گیا ہے چنانچہ چند آیات درج ذیل ہیں:

﴿قل أطيعوا الله والرسول فان تولوا فان الله لا يحب الكٰفرين﴾
[آل عمران ع ۴ پ ۳].

(ترجمہ) آپ کہہ دیں اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی پھر اگر اعراض کریں تو (سنا دیجئے) کہ اللہ کو کافروں سے محبت نہیں۔

﴿وأطيعوا الله والرسول لعلكم ترحمٌون﴾ [آل عمران ع ۱۴ پ ۴].

ترجمہ. اور اطاعت کرو اللہ کی اور رسول کی تا کہ تم پر رحم ہو۔

﴿يا أيها الـذين آمـنوا أطيعوا الله ورسوله ولا تولوا عنه وأنتم تسمعون﴾
[الأنفال ع ۶ پ ۱۰].

(ترجمہ) اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی اور اس سے مت پھرو سن کر۔

﴿وأطيعوا الله ورسوله ولا تنازعوا فتفشلوا و تذهب ريحكم﴾ [الأنفال ع ۶ پ ۱۰].

ترجمہ: اور اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی اور آپس میں
نہ جھگڑو پس نامرد ہو جاؤ گے اور جاتی رہے گی تمہاری ہوا۔

﴿ومن يطع الله ورسوله ويخش الله ويتقه فاولٰئک هم الفائزون﴾ [النور ع۷ پ ۱۰].

ترجمہ: اور جو کوئی اطاعت کرے اللہ کی اور اس کے رسول کی اور ڈرتا رہے اللہ سے اور تقوی اختیار
کرے سو وہی لوگ ہیں کامیاب ہونے والے۔

﴿قل أطيعوا الله والرسول فان تولوا فانما عليه ما حمل وعليكم ما حملتم وان تطيعوه تهتدوا وما على الرسول الا البلاغ المبين﴾ [النور ع۷].

(ترجمہ) آپ کہہ دیجئے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور رسول کی پھر اگر تم اعراض کرو گے تو اس کا ذمہ ہے جو بوجھ اس پر رکھا اور تمہارا ذمہ ہے جو بوجھ تم پر رکھا اگر اس (رسول کی) اطاعت کرو گے تو ہدایت پا جاؤ گے اور پیغام لانے والے کے ذمہ نہیں مگر پہونچا دینا کھول کر۔

﴿وأقيموا الصلوٰة وآتوا الزكوٰة وأطيعوا الرسول لعلكم ترحمون﴾ [النور ع۷ پ ۱۸].

ترجمہ: قائم رکھو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ اور اطاعت کرو رسول کی تاکہ تم پر رحم ہو۔

﴿يا أيها الذين آمنوا أطيعوا الله وأطيعوا الرسول ولا تبطلوا أعمالكم﴾ [محمد ع۴ پ ۲۶].

(ترجمہ) اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اپنے اعمال کو باطل مت کرو۔

پھر اطاعت رسول کا بار بار تاکیدی حکم دینے کے ساتھ ساتھ یہ بھی واضح کیا گیا کہ جب تک لوگ اپنے تمام باہمی جھگڑوں اور زندگی کے فیصلوں میں رسول اللہ ﷺ کو حَکَم نہ بنائیں گے ان کا ایمان کالعدم ہے، اور یہ بھی صاف کہہ دیا گیا کہ رسول برحق (ﷺ) کے فیصلوں کو دل کی کشادگی اور زبان و قلب کی ہم آہنگی کے ساتھ قبول کر لینا ضروری ہے، ارشاد ہے:

﴿فلا وربک لا يؤمنون حتى يحكموک فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا في أنفسهم حرجا مما قضيت ويسلموا تسليما﴾ [النساء ع۹ پ ۵].

(ترجمہ) سو قسم ہے تیرے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے یہاں تک کہ تجھ کو ہی منصف

جانیں اس جھگڑے میں جو ان میں اٹھے، پھر نہ پاویں اپنے جی میں کسی قسم کی تنگی تیرے فیصلے سے اور قبول کریں خوشی سے۔

یہ آیت کریمہ جس حقیقت کبریٰ کو بیان کر رہی ہے اس پر غور کرنے کے بعد کسی مومن کو اطاعت رسول کے بارے میں شک وشبہ نہیں رہ سکتا۔ آیت میں جو حکم بیان کیا جا رہا ہے وہ قرآن کے مخاطبین اولین کے ساتھ مختص نہیں بلکہ پوری امت محمد یہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام قیامت تک اس کے ماننے کی مکلف ہے۔

غرض اللہ اور اس کے رسول کے فیصلہ کے بعد کسی مومن کو یہ اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ اس سے انحراف کر سکے۔ ارشاد ہے:

﴿وما كان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضى الله و رسوله أمراً أن يكون لهم الخيرة من أمرهم ومن يعص الله ورسوله فقد ضل ضلالا مبيناً﴾
[الأحزاب، ع ۵، پاره ۲۲].

ترجمہ: اور کسی ایماندار مرد کو یا عورت کو یہ حق حاصل نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی بات کا فیصلہ کر دے تو ان کو رہے اختیار اپنے کام کا اور جس نے نافرمانی کی اللہ اور اس کے رسول کی تو وہ صریح اور صاف گمراہی میں پڑ گیا۔

آیت بالا واضح طور پر بتا رہی ہے کہ رسول کے فیصلے کے مقابلے میں کسی مومن کو فیصلہ کرنے کا حق نہیں بلکہ اسکے لیے سعادت وسلامتی کی راہ یہی ہے کہ وہ رسول کے فیصلوں کے سامنے اپنا سر جھکا دے، ورنہ بصورت دیگر اسکے حصہ میں ضلال و گمراہی کے سوا کچھ نہیں، علامہ آلوسیؒ رقم طراز ہیں:

"أى أن يختاروا من أمرهم ماشاؤا بل يجب عليهم ان يجعلوا رأيهم تبعاً لرأيه عليه الصلوٰة والسلام واختيارهم تلواً لاختياره". (روح المعانى ج۲۲ ص۲۲).

ترجمہ: یعنی ان کو یہ حق نہیں کہ اپنے امور کے متعلق جو چاہیں فیصلہ کریں بلکہ ان پر

لازم ہے کہ اپنی آراء کو جناب رسول اللہ ﷺ کی رائے مبارک کے تابع رکھیں اور اپنی پسند کو آپ کی پسند کا پابند بنائیں۔

اور یہی نہیں کہ رسول کی اطاعت کا تاکیدی حکم دیا گیا بلکہ رسول کی مخالفت کرنے والوں کو عذاب الیم سے ڈرایا بھی گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فليحذر الذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة اويصيبهم عذاب اليم﴾
[النور : ع ٩ پاره ١٨] .

ترجمہ: سوڈرتے رہیں وہ لوگ جو خلاف کرتے ہیں اس کے حکم کا اس سے کہ آپڑے ان پر کچھ خرابی یا پہنچے ان کو دردناک عذاب۔

اور دوسری جگہ فرمایا ہے:

﴿ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدىٰ ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولىٰ ونصله جهنم وساء ت مصيراً﴾ [النساء ع٧ پاره ٥] .

ترجمہ: اور جو کوئی مخالفت کرے رسول کی جبکہ کھل چکی اس پر سیدھی راہ اور چلے سب مسلمانوں کے راستہ کے خلاف تو ہم اس کو حوالہ کریں گے وہی طرف جو اس نے اختیار کی اور ڈالیں گے ہم اس کو دوزخ میں اور وہ بہت بری جگہ ہے۔

یعنی جب کسی کو یہ حق بات واضح ہو چکے پھر اس کے بعد بھی رسول کے حکم کی مخالفت کرے اور سب مسلمانوں کو چھوڑ کر اپنے لیے جدا راہ اختیار کرے تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہے، (العیاذ باللہ)۔

ان آیات کے بعد ہم ان احادیث کی طرف آتے ہیں جس میں جناب رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کو امت پر فرض ولازم قرار دیا گیا ہے تو وہ اس کثرت سے ملتی ہیں کہ ان کا شمار بھی دشوار ہے چنانچہ اس سلسلے میں چند احادیث ہدیہ قارئین ہیں۔

عن أبي هريرة قال قال رسول الله ﷺ كل أمتي يدخلون الجنة الا من أبى قيل من أبى قال من اطاعني دخل الجنة ومن عصاني فقد أبى . (رواه البخاري) .

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری ساری امت جنت میں جائے گی سوائے ان لوگوں کے جو انکار کریں، عرض کیا گیا یہ کون لوگ ہیں فرمایا جس نے میری اطاعت کی جنت میں داخل ہوا اور جس نے نافرمانی کی تو اس نے انکار کیا۔

عن جابر في حديث طويل . في آخره .
"فمن اطاع محمدا فقد أطاع الله ومن عصى محمدا فقد عصى الله ومحمد فرق بين الناس" . (ر واه البخاري) .

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ایک طویل حدیث مروی ہے جس کے آخر میں آتا ہے کہ جس نے محمد ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے محمد ﷺ کی نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور محمد ﷺ خط امتیاز کھینچنے والے ہیں مومن اور کافر کے درمیان۔

عن مالك بن أنس مرسلاً قال قال رسول الله ﷺ تركت فيكم أمرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما كتاب الله وسنة رسوله . (مؤطا) .

جناب رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں میں نے تمہارے پاس دو چیزیں چھوڑی ہیں جب تک تم اس پر عمل کرتے رہو گے گمراہ نہیں ہوگے اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت۔

عن جابر قال قال رسول الله ﷺ : والذى نفس محمد بيده لو بداكم موسى فاتبعتموه تركتموني لضللتم عن سواء السبيل ولو كان حياً وادرك نبوتي لا تبعني . (دارمي)

ترجمہ: جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے اگر تمہارے سامنے موسیٰ علیہ السلام تشریف لے آئیں اور تم ان کا اتباع کرو اور مجھ کو چھوڑ دو تو یقیناً گمراہ ہو جاؤ اور اگر وہ بھی بقید حیات ہوتے اور میری نبوت کو پاتے تو میری ہی اتباع

کرتے۔

پرویز کے کفر وضلال کا نقطہ اولین اطاعت رسول کا انکار ہے اسی لیے علماء امت نے اطاعت رسول کو اصل دین قرار دیا تھا اور اس سے سر مو تجاوز کو زیغ وضلال کا سرچشمہ۔ امام اہل سنت امام احمد بن حنبل الشیبانیؒ کے الفاظ پڑھیے پرویز پر یہ الفاظ کس طرح صادق آتے ہیں۔

قال الامام احمد فی روایة الفضل ابن زیاد . نظرت فی المصحف وجدت طاعة الرسول ﷺ فی ثلاثة و ثلاثین موضعاً ثم جعل یتلو فلیحذر الذین یخالفون عن أمره أن تصیبهم فتنة . الآیة وجعل یکررها ویقول وما الفتنة الشرک لعله اذا رد بعض قوله ان یقع فی قلبه شیء من الزیغ فیزیغ قلبه فیهلکه وجعل یتلو هذه الآیة (فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینهم) . (الصارم المسلول علیٰ شاتم الرسول ص ۵۵)

(ترجمہ) امام احمدؒ نے فرمایا (جیسا کہ فضل بن زیاد کی روایت ہے) کہ میں نے قرآن کریم میں غور کیا تو تینتیس مقامات پر جناب رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کا حکم موجود پایا پھر آپ اس آیت کی تلاوت فرمانے لگے فلیحذر الذین۔۔الخ (چاہیے کہ ڈریں وہ لوگ جو رسول ﷺ کی حکم کی مخالفت کرتے ہیں اس بات سے کہ ان کو کوئی فتنہ نہ پہنچ جائے) امام ممدوح اس آیت کو بار بار پڑھتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ فتنہ کیا ہے؟ شرک ہے۔ ہوگا یہ کہ جب کوئی شخص آپ کے کسی قول کو رد کرے گا تو اس کے دل میں کجی سی پیدا ہوگی اور پھر جب اس کا دل کجی میں مبتلا ہو جائے گا تو اس کو ہلاک کردے گا۔ اور پھر آپ یہ آیت پڑھنے لگے فلا وربک الخ (تیرے رب کی قسم وہ ایمان نہیں لائیں گے تاوقتیکہ وہ اپنے اختلافات میں آپ کو حکم قرار نہ دیں)

اطاعت رسول کا انکار درحقیقت رسول اللہ ﷺ سے برأت اور بیزاری ہے جو سراسر کفر ہے۔

علامہ شامیؒ شفاء قاضی عیاض سے ناقل ہیں کہ:

قال ابو حنیفة وأصحابه من بریء محمد ﷺ أو کذب به فهو مرتد . (رد

المختار ص ۴۰۱) .

ترجمہ: امام ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب نے فرمایا جو شخص جناب رسول اللہ ﷺ سے بیزاری کا اظہار کرے یا آپ کو جھٹلائے وہ مرتد ہے۔ رسول کے فیصلوں سے انکار درحقیقت رسالت سے انکار ہے اور رسالت سے انکار کفر ہے۔ آیت کریمہ ﴿**وما أرسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللّٰه**﴾ کی تفسیر کے سلسلہ میں علامہ شہاب خفاجیؒ لکھتے ہیں:

ای الا لیطیعه من بعث الیه ویرضی بحکمه فمن لم یرض به لم یرض برسالته فهو تارک لما یجب علیه الکافر ..... قال القاضی کانه ای اللّٰه احتج بذلک علی ان الذی لم یرض بحکمه وان أظهر الاسلام کافر وقیل فی توجیهه ان لم یرض بحکمه لم یرض بحکم اللّٰه تعالی ومن لم یرض بحکم اللّٰه تعالیٰ فهو کافر . (نسیم الریاض ، ج۳ . ص ۳۵۲) .

یعنی جن لوگوں کی طرف نبی کو بھیجا گیا ہے وہ اس کی اطاعت کریں اور اس کے فیصلوں پر رضامندی کا اظہار کریں لہٰذا جو شخص اس کے فیصلوں پر راضی نہیں وہ اس کی رسالت سے بھی راضی نہیں اور وہ اپنے فرض کا تارک اور کافر ہے قاضی (عیاض) نے فرمایا گویا اللہ تعالیٰ نے اس امر کو بطور دلیل بیان فرمایا ہے کہ جو شخص رسول کے فیصلوں سے رضامند نہ ہو اگرچہ وہ اسلام کا اظہار کرے وہ کافر ہے۔ آیت کی توجیہ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص رسول کے فیصلوں پر راضی نہیں تو وہ اللہ کے فیصلوں پر بھی راضی نہیں اور جو اللہ کے فیصلوں پر راضی نہیں وہ کافر ہے۔

ان آیات قرآنی کے بموجب آنحضرت ﷺ معلم، مربی، شارح کتاب الٰہی، امت کے تمام معاملات اور فیصلوں میں قاضی، تمام نزاعات اور جھگڑوں میں حکم اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تشریعی اختیارات کے حامل ہیں یہی وجہ ہے جس کی بناء پر آپ ﷺ کی زندگی کو قابل تقلید نمونہ اور آپ ﷺ کی اطاعت کو سب مسلمانوں پر فرض کیا گیا ہے اور ہدایت آپ ﷺ کی ہی اطاعت سے وابستہ کی گئی ہے۔ امور مذکورہ بالا کو ذہن نشین کرنے کے لیے آیات ذیل پر نظر ڈالیے:

﴿ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم آیاتک ویعلمھم الکتاب والحکمۃ ویزکیھم﴾ . [البقرۃ ع ۱۳ پارہ ۱] .

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ان لوگوں میں خود انہی کے اندر سے ایک رسول مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات کو پڑھ کر سنائے اور ان کو کتاب وحکمت کی ''تعلیم'' دے اور ان کا ''تزکیہ'' کرے۔

اس آیت میں آنحضرت ﷺ کے تین اوصاف بالترتیب مذکور ہیں:

۱۔ لوگوں کو قرآن پڑھ کر سنانا۔
۲۔ انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دینا۔
۳۔ ان کا تزکیہ وتربیت کرنا۔

﴿وأنزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم﴾ . [النحل ع ۶ پ ۱۴] .

ترجمہ: اور (اے نبی) یہ یادداشت (قرآن حکیم) ہم نے تمہاری طرف اس لیے نازل کی ہے تا کہ تم لوگوں کو واضح کر دو وہ چیز جو ان کی طرف اتاری گئی ہے۔

یعنی آنحضرت ﷺ کا کام ہی یہ ہے کہ ''کتاب اللہ'' کے مضامین کو خوب کھول کر لوگوں کے سامنے بیان فرمائیں، اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کا مطلب وہی معتبر ہے جو احادیث رسول ﷺ کے مطابق ہو۔

﴿انا أنزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما أراک اللہ﴾ [النساء ع ۱۶ پارہ ۵] .

ترجمہ: بے شک ہم نے یہ کتاب تمہاری طرف حق کے ساتھ نازل کی ہے تا کہ تم لوگوں کے درمیان جو کچھ اللہ تمہیں سمجھائے اس سے فیصلہ کرو۔

آیت کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ اے رسول اللہ ﷺ ہم نے اپنی سچی کتاب آپ پر اس لیے اتاری کہ ہمارے سمجھانے اور بتلانے کے موافق آپ لوگوں کے درمیان فیصلہ کریں گویا

آپ کو مسلمانوں کی زندگی کے معاملات کا حکم اور قاضی مقرر کیا جا رہا ہے لہٰذا مسلمانوں کی سعادت اسی میں ہے کہ آپ ﷺ کے فیصلوں سے سرمو تجاوز نہ کریں اور آپ ﷺ کے فیصلوں کے سامنے گردنیں جھکا دیں۔

﴿یامرھم بالمعروف وینھاھم عن المنکر ویحل لھم الطیبات ویحرم علیھم الخبائث ویضع عنھم اصرھم والأغلال التی کانت علیھم﴾ . [الأعراف ع ۱۹ پارہ ۹] .

ترجمہ: وہ ان کو معروف کا حکم دیتا ہے اور منکر سے ان کو روکتا ہے اور ان کے لیے پاک چیزوں کو حلال کرتا ہے اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام کرتا ہے اور ان پر سے وہ بوجھ اور بندھن اتار دیتا ہے جو ان پر چڑھے ہوئے تھے۔

اس آیت شریفہ میں آنحضرت ﷺ کو ذیل کے تشریعی اختیارات تفویض کئے جا رہے ہیں:

(۱) نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔
(۲) پاکیزہ چیزوں کو حلال اور ناپاک چیزوں کو حرام کرنا۔
(۳) لوگوں کے اوپر سے وہ بوجھ اور قیدیں اتار دینا جن میں پچھلی امتیں مبتلا تھیں۔

اب ظاہر ہے کہ ان آیات میں آنحضرت ﷺ کی جن حیثیات کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے ان میں سے کسی ایک حیثیت کا انکار بھی قرآن کا انکار ہے۔

(۶) ''رسول اللہ ﷺ جب تک موجود تھے تو بحیثیت ''مرکز ملت'' آپ کی اطاعت فرض تھی، آپ ﷺ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کی اطاعت کا حکم نہیں کیونکہ اطاعت کے معنی ہی کسی زندہ کے احکام کی تابعداری ہے''۔

یہ بات بھی کفر ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ کی ذات مبارکہ قیامت تک کے لئے واجب

الاطاعت ہے اور آپ ﷺ کی مذکورہ بالا حیثیات رسول و نبی کی ہیں جب آپ ﷺ کی رسالت ونبوت باقی ہے تو آپ ﷺ کی حیثیات بھی باقی رہیں گی۔اس لیے آنحضرت ﷺ کی اطاعت کا انکار آپ کی رسالت ونبوت کا انکار ہے اور یہ کہنا کہ 'اطاعت کے معنی ہی کسی زندہ کے احکام کی تابعداری ہے' قطعاً غلط ہے۔

(۷) ''ختم نبوت کا مطلب یہ ہے کہ انسانوں کو اپنے معاملات کے فیصلے آپ کرنے ہوں گے''۔

یہ صریح الحاد وزندقہ ہے ختم نبوت کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ پر نبوت ورسالت ختم ہوگئی اور اب کوئی رسول یا نبی نہیں آئے گا لہٰذا قیامت تک کے لیے ہدایت وسعادت آپ کی اطاعت میں منحصر ہے۔

واضح رہے کہ یہ عقیدہ ''کہ انسانوں کو اپنے معاملات کے فیصلے آپ کرنے ہوں گے'' رسول کی رسالت کے انکار کے مترادف ہے، آج ہر مسلمان کلمہ طیبہ میں رسول کی رسالت کا اقرار کرتا ہے اور تمام عالم اسلام کے گوشہ گوشہ سے اذان میں آپ کی رسالت کا اعلان کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کی رسالت صرف اس بنا پر تھی کہ خدا کی طرف سے قرآن کریم آپ ﷺ نے ہمیں دیا اور بس اس سے آگے کچھ نہیں نہ آپ ہمارے لیے مطاع تھے نہ آمر نہ حاکم نہ قاضی اور نہ شارع تو پھر آپ کی رسالت العیاذ باللہ اس زمانہ میں عملاً ختم ہو چکی اور کلمہ طیبہ میں رسالت محمدی کا اقرار وایمان بے معنی ٹھہرا۔

یاد رہے کہ ہر زمانے میں جس طرح قرآن مجید پر ایمان لانا ضروری ہے اسی طرح صاحب قرآن پر بھی۔ بلکہ درحقیقت صاحب قرآن پر ایمان لانے کے بعد ہی قرآن پر ایمان مکمل ہوتا ہے کیونکہ جب تک صاحب قرآن پر ایمان نہیں ہوگا قرآن پر ایمان کا دعویٰ سچا نہیں

ہوسکتا، اگر رسول کی رسالت کو درمیان سے ہٹا دیا جائے تو قرآن کی کوئی اہمیت نہیں رہتی یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے ہر زمانے میں اطاعت رسول کا با تاکید حکم دیا ہے اور امت مسلمہ نے اطاعت رسول کو ہر زمانے کے لیے سند وحجت مانا اور اس سے انحراف کو کفر والحاد سمجھا ہے۔

آخر حضرات ابوبکر وعمر ودیگر خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کا طریقہ اور طرز عمل آپ ﷺ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کی احادیث وارشادات کے ساتھ کیسا رہا؟ اسلام کی پوری تاریخ شاہد ہے کہ خلفائے راشدین کے سامنے جب کوئی مسئلہ درپیش ہوا اور کسی نے اس کے بارے میں آنحضرت ﷺ کا کوئی ارشاد گرامی سنایا فوراً اس پر عمل درآمد شروع ہوگیا اور کسی نے یہ آواز نہیں اٹھائی کہ اب تو نبوت ختم ہو چکی اس لیے لوگوں کو اپنے معاملات کے فیصلے آپ کرنا ہوں گے۔

۹۔شریعت محمدیہ ﷺ صرف آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک کے لیے تھی نہ کہ ہر زمانے کے لیے بلکہ ہر زمانے کی شریعت وہ ہے جس کو اس عہد کا مرکز ملت اور اس کی مجلس شوریٰ مرتب ومدون کرے

یہ صریح کفر ہے اور ختم نبوت کا انکار۔شریعت محمدیہ ﷺ قیامت تک آنے والی امت کے لیے ہے۔ظاہر ہے کہ ایک نبی کی شریعت کو دوسرا نبی ہی منسوخ کرسکتا ہے اور جب آپ خاتم النبیین ہیں اور آپ ﷺ کی ذات ستودہ صفات پر نبوت ورسالت ختم ہوگئی تو آپ کی شریعت بھی آخری شریعت ٹھہری، پھر کسی مرکز ملت اور اس کی مجلس شوریٰ کو شریعت جدیدہ مرتب ومدون کرنے کا حق کس طرح مل گیا۔پھر اطاعت رسول یا اتباع رسول جس کا قرآن کریم میں بار بار ذکر آیا ہے وقتی اور عارضی حکم نہیں بلکہ دائمی ہے اور ہر زمانے کے لیے ہے۔قرآن کریم میں اشارۃً یا کنایۃً بھی یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی اطاعت واتباع کا حکم آپ کی حیات تک محدود ہے اس کے بعد جدید شریعت مدون کر لی جائے بلکہ اس کے برخلاف صراحت کے ساتھ

اس امر کی وضاحت موجود ہے کہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کے دین وشریعت سے نہ پھرنا بلکہ اسی پر قائم ودائم رہنا۔ یہ آیت کریمہ ملاحظہ ہو:

﴿وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات أو قتل انقلبتم علىٰ أعقابكم ومن ينقلب علىٰ عقبيه فلن يضر الله شيئا وسيجزى الله الشاكرين﴾ [آل عمران ع۱۵ پارہ۴].

ترجمہ: اور محمد ﷺ تو ایک رسول ہیں گذر چکے آپ سے پہلے بہت سے رسول، پھر کیا اگر وہ وفات پا جائیں یا شہید کردیے جائیں تو کیا تم پھر جاؤ گے الٹے پاؤں اور جو کوئی پھر جائے گا الٹے پاؤں تو ہرگز کچھ نہیں بگاڑے گا اللہ کا اور اللہ ثواب دے گا شکرگزاروں کو۔

اسی طرح جب یہ فرمایا گیا کہ:

﴿لقد كان لكم فى رسول الله أسوة حسنة لمن كان يرجوا الله واليوم الآخر﴾ [الأحزاب ع۳ پارہ ۲۱].

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے رسول ﷺ کی ذات میں عمدہ نمونہ عمل ہے اس شخص کے لیے جو اللہ اور روز آخرت سے آس لگائے ہو۔

تو اس سے مقصد یہ نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی صرف آپ ﷺ کے عہد کے لیے نمونہ تھی بعد میں آنے والے زمانے کے لیے نہیں بلکہ آیت کریمہ تمام مسلمانوں کو بلا استثنا کسی زمان ومکان کے یہ ہدایت دے رہی ہے کہ ہر سچے مومن کے لیے جناب رسول اللہ ﷺ نمونہ کامل ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اسی آیت سے آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد سنت کے واجب العمل ہونے پر احتجاج کرتے تھے۔

اخرج ابن ماجة وابن ابى حاتم عن حفص بن عاصم قال قلت لعبد الله بن عمر رضى الله عنهما رأيتك فى السفر لا تصلى قبل الصلاة ولا بعدها فقال يا ابن

اخى صحبت رسول الله ﷺ كذا و كذا فلم اره يصلى قبل الصلوٰة ولا بعدها ويقول الله تعالىٰ لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة

واخرج عبدالرزاق فى المصنف عن قتادة قال هم عمر بن الخطاب رضى الله عنه ان ينهى عن الحبرة فقال رجل اليس قد رأيت رسول الله ﷺ يلبسها قال عمر بلى قال الرجل الم يقل الله تعالىٰ لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة

واخرج الشيخان وغيرهما عن ابن عباس قال اذا حرم الرجل امرأته فهو يمين يكفرها وقال لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة الىٰ غير ذلك من الاخبار (روح المعانى ج ۲۱ ص ۱۶۸)

ترجمہ: ابن ماجہ اور ابن ابی حاتم نے حفص ابن عامر سے روایت کی ہے کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا' میں نے آپ کو سفر میں دیکھا ہے کہ آپ نہ فرض نماز سے پہلے سنن ونوافل پڑھتے ہیں اور نہ اس کے بعد اس پر آپ نے فرمایا برادرزادے میں جناب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کافی عرصہ رہا ہوں لیکن میں نے آپ کو سفر میں نہ فرض سے پہلے نماز پڑھتے دیکھا ہے اور نہ اس کے بعد اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔

محدث کبیر عبدالرزاق مصنف میں بروایت قتادہ نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سرخ دھاری کے کپڑے پہننے سے منع کرنا چاہا اس پر ایک شخص نے کہا کہ آپ نے جناب رسول اللہ ﷺ کو اس قسم کا کپڑا پہنے ہوئے نہیں دیکھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیوں نہیں، اس پر اس شخص نے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا: "لقد كان لكم فى رسول الله أسوة حسنة"۔

بخاری ومسلم میں روایت ہے کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کوئی شخص اپنے پر اپنی بیوی حرام کرلے تو وہ قسم ہے جس کا کفارہ دینا ضروری ہے اور پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: "لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة"۔

مزید برآں ہر زمانے کے مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ رسول جس امر کا حکم دیں اس کی تعمیل کرو اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو۔

﴿مآ اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنه فانتھوا﴾ [حشر ع ا پ ۲۸] .

ترجمہ: اور جو دے تم کو رسول سو لے لو اور جس سے منع کرے سو چھوڑ دو۔

اس آیت پر منکرین حدیث کی طرف سے یہ شبہ کیا جاتا ہے کہ آیت کریمہ فیٔ اور غنائم کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے اس کا جواب واضح ہے کہ لفظ کا عموم معتبر ہے نہ کہ خصوص سبب، آیت کریمہ کے الفاظ عام ہیں۔ علامہ شہاب خفاجی فرماتے ہیں:

ھذا محمول علی العموم فی جمیع اوامرہ ونواھیه لانه لا یأمر الا بصلاح ولا ینھیٰ الا عن فساد وان کانت الأیة نزلت فی الفیٔ و الغنائم اذا العبرۃ لعموم اللفظ لا لخصوص السبب.

ترجمہ: یہ حکم جناب رسول اللہ ﷺ کے تمام اوامر ونواہی کے لیے عام ہے کیونکہ آپ کسی خوبی ہی کی بنا پر حکم دیتے اور کسی خرابی ہی کی بنا پر ممانعت فرماتے ہیں اور گو یہ آیت فیٔ اور غنائم کے بارے میں اتری ہے تاہم اعتبار لفظ کے عموم کا ہوتا ہے نہ کہ خصوصی سبب کا۔

علاوہ ازیں آیت ذیل میں شریعت محمدیہ کے واجب الاتباع ہونے کی صاف تصریح موجود ہے اور جناب رسول اللہ ﷺ کی وساطت سے ساری امت کو اس کی اتباع کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

﴿ثم جعلناک علی شریعة من الأمر فاتبعھا ولا تتبع اھواء الذین لا یعلمون﴾ [الجاثیة ع۲ پ ۲۵] .

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کو دین کی ایک خاص شریعت پر لگا دیا ہے تو اسی پر چلیے اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کیجئے جو کچھ علم نہیں رکھتے۔

پھر ساری امت دور رسالت سے لے کر آج تک اس پر متفق اللسان ہے کہ شریعت محمدیہ ہی نجات کی راہ ہے اور اسی پر چل کر امت دنیا و آخرت میں سعادت و کامرانی حاصل کر سکتی

ہے اور سورۃ الجمعہ میں تو صاف تصریح ہے کہ آنحضرت ﷺ کی بعثت صرف اس عہد کے ساتھ ہی مخصوص نہیں بلکہ تمام آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے ہے۔ ارشاد ہے

﴿وآخرین منھم یلحقوا بھم﴾ .

اور اس رسول کو مبعوث کیا دوسرے لوگوں کے واسطے بھی جو ابھی ان میں شامل نہیں ہوئے۔

پھر یہ کہنا کہ شریعت محمدیہ صرف اس عہد کے لئے خاص تھی کتنا بڑا کفر صریح ہے۔

۱۰، ۱۱۔ مرکز ملت کو یہ اختیار دینا کہ وہ عبادات، نماز، روزہ، معاملات، اخلاق میں ردوبدل کر سکتا ہے یا مرکز ملت اپنے زمانے کے تقاضے کے ماتحت نماز کی کسی جزئی شکل میں ردوبدل کر سکتا ہے۔

صریح الحاد و زندقہ اور کفر ہے یہ خیال باطل دراصل دو لغو نظریوں پر مبنی ہے:

۱۔ اللہ و رسول سے مراد مرکز ملت ہے۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت بحیثیت مرکز ملت تھی اور اب آپ کی اطاعت نہیں ہو سکتی اور ان دونوں باتوں کا خلاف اسلام ہونا واضح ہو چکا ہے۔

مقام غور یہ ہے کہ جب خود قرآن کریم نے صاف غیر مبہم الفاظ میں دین اسلام کے ابدی ہونے اور خاتم الانبیاء حضرت محمد ﷺ کے آخری نبی ہونے کا اعلان فرمایا اور یہ بات صاف ہوگئی کہ قرآن کریم آخری آسمانی کتاب ہے جو قیامت تک کے لئے قانون الٰہی ہے اب اور کوئی وحی آسمانی نازل ہوگی اور نہ دین شریعت میں کسی قسم کی تبدیلی ہوگی چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا﴾ [المائدہ ع ا پ ٦] .

ترجمہ: آج میں تمہارے لئے دین پورا کر چکا اور تم پر اپنی نعمت مکمل کر دی اور تمہارے واسطے اسلام کو میں نے دین کے لیے پسند کیا۔

﴿ومن يبتغ غير الاسلام دينا فلن يقبل منه وهو في الأخرة من الخاسرين﴾ [آل عمران ع ۹].

ترجمہ: اور جو کوئی دین اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں خسارے والوں سے ہے۔

پھر اس صاف وصریح اعلان کے بعد کیسے اس کا امکان باقی رہ سکتا ہے کہ قرآن کریم کے احکام عارضی اور عبوری دور کے لئے ہیں جب وحی آسمانی کا دروازہ بند کردیا گیا تو خالق کے قطعی قانون کو مخلوق کے مشوروں سے کس طرح ختم کیا جاسکتا ہے، آخر جہالت کی بھی کوئی انتہا ہوتی ہے! لیکن درحقیقت مقصد یہ ہے کہ قرآن کریم قابل قبول نہیں اس لئے جدید دین کی ضرورت ہے اور یہ دین وہ ہے جس کی تشکیل پرویز کر رہا ہے یا کوئی نام کی اصطلاحی حکومت اس کے مشورہ سے کرے اس سے بڑھ کر اور صریح کفر کیا ہوگا؟ گو وحی آسمانی کی جوابدی اور قطعی ہے چند دہریئے اور ملحد اکھٹے ہو کر ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں، اس جرأت اور ڈھٹائی کے ساتھ شاید ہی تاریخ اسلام میں کسی نے ایسی صریح کفر کی بات کی ہو۔

پرویز کی کفریات میں اور کچھ نہ بھی ہوتا تو اس کی تکفیر کے لیے بس ایک یہ بات ہی کافی تھی، پرویز جو کچھ کہہ رہا ہے اس کا خلاصہ صاف صاف لفظوں میں یہ ہے کہ دین اسلام صرف عہد نبوت تک کے لیے تھا اب ختم ہوگیا اور اب تو ہر ایک نام کی اسلامی حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اسلام کا جدید ایڈیشن تیار کرلے اور جو کچھ الٹا سیدھا وہ قانون بنا دیں بس وہی دین اسلام ہے اور وہی اس زمانے کے شریعت ہے۔ بتلایئے کفر کی ایسی صریح دعوت آج تک کسی باطنی زندیق اور ملحد نے بھی دی ہے۔ اسلام کے نام پر اسلام کو ختم کرنے کی اس سے زیادہ اور کیا موثر تدبیر ہوسکتی ہے؟

امام محمد بن ادریس الشافعی المطلبی نے اپنی کتاب 'الرسالہ' میں اطاعت رسول اور سنت کی حجیت پر بڑی سیر حاصل بحث کی ہے اسی سلسلہ میں وہ ایک جگہ فرماتے ہیں:

فذكر الله الكتاب وهو القرآن وذكر الحكمة فسمعت من ارضى به من اهل العلم

بالقرآن يقول الحكمة سنة رسول الله ﷺ وذلك انها مقرونة مع كتاب الله وان الله افترض طاعة رسوله وحتم على الناس اتباع امره فلا يجوز ان يقال لقول فرض الا لكتاب الله ثم سنة رسوله لما وصفنا من ان الله جعل الايمان برسوله مقرونا بالايمان به (ص ۷۸)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے الکتاب کا ذکر کیا جس سے مراد قرآن کریم ہے اور الحکمۃ کا ذکر کیا ہے جس کے بارے میں میں نے قرآن کے ان علماء سے جو میرے نزدیک پسندیدہ ہیں یہ کہتے سنا کہ اس سے مراد سنت رسول اللہ ہے اور یہ اس لئے کہ وہ کتاب اللہ سے ملی ہوئی ہے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی اطاعت فرض کی ہے اور اتباع رسول کو لوگوں پر حتمی قرار دیا ہے لہٰذا کسی امر کو کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ کے بغیر فرض نہیں کہہ سکتے کیونکہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پر ایمان لانے کے ساتھ اپنے رسول پر بھی ایمان لانے کا ذکر کیا ہے۔

﴿وانزلنا اليك الذكر لتبين للناس ما نزل اليهم﴾ [النحل ع ٦ پ ١٤].

ترجمہ: اور اے نبی یہ ذکر (قرآن) ہم نے آپ کی طرف اس لئے نازل کیا ہے تاکہ آپ واضح کردیں لوگوں کے لئے اس کو جو ان کی طرف نازل کیا گیا ہے۔

اس آیت سے بوضاحت معلوم ہو رہا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے ذمہ یہ خدمت سپرد کی گئی تھی کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے جو احکام اور ہدایتیں دی ہیں آپ ان کی تبیین فرمائیں، تبیین کا معنی ہے کسی چیز کو کھول کر بیان کرنا جس کے لیے ہم اپنی زبان میں تشریح کا لفظ استعمال کرتے ہیں اور یہ ہر شخص جانتا ہے کہ تشریح اور وضاحت اصل عبارت سے الگ ہوا کرتی ہے بس قرآن کریم کی اسی تبیین وتشریح کا نام حدیث ہے۔ قرآن کریم کے جو معانی ومطالب رسول اللہ ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمائے ہیں وہ احادیث قولیہ ہیں اور جن کی آپ ﷺ نے اپنے عمل سے تشریح فرمائی ہے وہ 'احادیث فعلیہ' یا 'تقریریہ' ہیں مثلاً قرآن کریم میں 'اقیموا الصلوٰۃ' وارد ہے آنحضرت ﷺ نے اس کی تبیین وتشریح کے سلسلہ میں فرمایا:

صلوا كما رأيتموني أصلي

ترجمہ: تم بھی اسی طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔

یا جب قرآن پاک میں ’آتوا الزکوٰۃ‘ کا حکم نازل ہوا تو آنحضرت ﷺ نے اس کی تبیین وتشریح کے سلسلہ میں مقادیر زکوٰۃ اور وجوب زکوٰۃ کے احکام بتادیے، یا چور کی سزا کے متعلق قرآن میں حکم آیا ہے کہ:

والسارق والسارقة فاقطعوا ايديهما جزاء بما كسب نكالا من الله [المائده ع ٦ پ ٦].

ترجمہ: اور چوری کرنے والا مرد اور چوری کرنے والی عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ ڈالوان کی کمائی کی سزا میں (یہ) تنبیہ ہے اللہ کی طرف سے۔

تو آپ ﷺ نے بتلادیا کہ ہاتھ کلائی سے کاٹا جائے گا اور یہ سب بیان وتوضیح بھی وحی ہی تھی جو قرآن کے علاوہ ہے۔ امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں:

”لولا سنة ما فهم احد منا القرآن“ (ميزان شعرانی ص ٢٥)

ترجمہ: اگر سنت نہ ہوتی تو ہم میں سے کوئی شخص قرآن نہیں سمجھ سکتا تھا۔

امام شافعیؒ ’الرسالۃ‘ میں فرماتے ہیں:

”وسنة رسول الله مبينة عن الله معنىٰ ما اراد دليلا على خاصه وعامه ثم قرن الحكمة به فاتبعها اياه ولم يجعل هذه الاحد من غير خلقه غير رسوله“ (الرسالة ص ٧٩)

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ کی سنت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے اس کی مراد کو بیان کرنے والی ہے اور قرآن کے الفاظ عموم وخصوص کی دلالت کرنے والی ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حکمت کو قرآن کے پہلو بہ پہلو ذکر کیا ہے اور رسول اللہ ﷺ کے علاوہ مخلوق میں سے کسی اور شخص کو اللہ تعالیٰ نے یہ مقام عطا نہیں فرمایا۔

امام غزالیؒ ’مستصفی‘ میں رقم طراز ہیں:

وقول رسول الله ﷺ حجة لدلالة المعجزة على صدقه ولامر الله تعالىٰ ايانا باتباعه ولانه لاينطق عن الهوىٰ ان هو الا وحي يوحى لكن بعض الوحي يتلى

فسمى كتابا وبعضه لا يتلى وهو السنة وقول رسول الله ﷺ حجة على من سمعه شفاها فاما نحن فلا تبلغنا قوله الا بلسان المخبرين اما على السبيل التواتر واما بطريق الاحاد (مستصفى ص ٨٣).

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات حجت ہیں کیونکہ معجزات آپ کی صداقت پر دلیل ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ کی تابعداری کا حکم دیا ہے نیز یہ کہ آپ ہی کے حق میں وارد ہے لاینطق عن الھویٰ (الایۃ) یعنی آپ اپنی خواہش سے نہیں بولتے جو کچھ فرماتے ہیں وحی کے ماتحت فرماتے ہیں، لیکن وحی کی ایک قسم وہ ہے جس کی تلاوت کی جاتی ہے یہ کتاب اللہ سے موسوم ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس کی تلاوت نہیں کی جاتی یہ سنت ہے اور رسول اللہ ﷺ کا قول اس شخص کے لئے ہے جس نے آپ سے روبرو سنا ہو حجت قطعی ہے البتہ ہم لوگوں کی طرف آپ ﷺ کے اقوال راویوں ہی کی زبانی پہونچتے ہیں تواتر کی صورت میں یا خبر واحد کے ذریعے۔ قاضی شوکانی ارشاد الفحول میں لکھتے ہیں:

اعلم انه اتفق من يعتد به من اهل العلم على ان السنة المطهرة مستقلة بتشريع الاحكام وانها كالقرآن فى تحليل الحلال وتحريم الحرام وقد ثبت عنه ﷺ انه قال لا وانى اوتيت القرآن ومثله معه، والحاصل ان ثبوت حجية السنة المطهرة واستقلالها بتشريع الاحكام ضرورية دينية ولا يخالف فى ذلك الا من لاحظ له فى دين الاسلام (ص ٢٩)

ترجمہ: جاننا چاہیے کہ تمام معتبر علماء اس امر پر متفق ہیں کہ سنت مطہر تشریع احکام کا مستقل ماخذ ہے اور سنت کسی چیز کے حلال اور حرام کرنے میں قرآن کے مثل ہے، صحیح حدیث میں وارد ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ’مجھے قرآن دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ اس کا مثل۔ الغرض سنت کا حجت ہونا اور احکام اسلامی کا ماخذ ہونا ضروریات دین میں سے ہے اس کی مخالفت صرف وہی شخص کرسکتا ہے جس کا دین اسلام سے کوئی واسطہ نہ ہو۔

اور علامہ محقق ابن الہمام ’التحریر‘ میں فرماتے ہیں:

حجية السنة ضرورية دينية (ج ۲ ص ۲۲۵) .

ترجمہ: سنت کا حجت ہونا ضروریات دین میں داخل ہے۔

وكذلك يقطع بتكفير كل من قال قولا صدر عنه يتوصل به لاتضليل الامة اى كونهم فى ضلال عن الدين والصراط المستقيم (ج ۴ ص ۵۴۹) .

ترجمہ: اور اسی طرح یقینی طور پر اس شخص کی تکفیر کی جائے گی جس نے کوئی ایسی بات کہی جس سے پوری امت کا گمراہ ہونا یعنی دین اور صحیح راہ سے ہٹا ہوا ہونا لازم آئے۔

مذکورہ بالا امور کا خلاصہ اور لب لباب امام العصر حضرت علامہ محمد انور شاہ کشمیریؒ کے الفاظ میں یہ ہے:

اجماع الامة علىٰ تكفير من خالف الدين المعلوم بالضرورة والحكم بردته (اكفار الملحدين ص ۶۵ ،منقول از ايثار الحق از محمد بن ابراهيم وزيريمانى)

ترجمہ: جو شخص کہ ضروریات دین کی مخالفت کرے اس کے کفر اور ارتداد پر اجماع امت ہے۔

واعلم ان اصل الكفر هو التكذيب المعتمد لشيء من كتب الله المعلومة اولاحد من رسله عليهم الصلوٰة والسلام اولشيء مما جاؤا به اذا كان ذلك الامر المكذب به معلوما بالضرورة من الدين ولا خلاف ان هذا القدر كفر وصدر عنه فهو كافر. (اكفار الملحدين ص ۶۵ ،منقول از ايثار الحق از محمد بن ابراهيم وزيريمانى).

ترجمہ: واضح رہے کہ اصل کفر یہی ہے کہ کتب الٰہیہ کی یا کسی رسول کی لائی ہوئی کسی چیز کی عمداً تکذیب کی جائے جبکہ وہ ضروریات دین میں سے ہو اور اس امر پر سب کا اتفاق ہے کہ جس سے یہ تکذیب سرزد ہو بلاشبہ وہ کافر ہے۔

مرتب کتاب ''نورالہدیٰ عفا اللہ عنہ'' کہتا ہے کہ:

''یہی ہے معیار تکفیر اہل حق کا، اور یہی ہے معیار اکفار مجاہدین کا، اور یہی تحقیق ہے علماء دیوبند کی اور اشاعرہ، ماتوردیہ اور سلفیہ کا اسی پر اجماع ہے اور یہی ہے حق، ''وماذا بعد الحق الا الضلال''.

باب سوم

اس باب میں کفار سے موالات کی حرمت اور کفار سے برأت کا وجوب ثابت کیا جائیگا:

کفار سے موالات حرام اور براء واجب ہے
نیز جملہ کفار بالخصوص امریکیوں کی مدد کرنے والے کے کفر میں
علامة المحقق ناصر بن حمد الفهد کی تحقیق اور اس
کی کتاب کا ایک اہم اقتباس سہل اور سلیس ترجمہ کے ساتھ

علامہ ناصر لکھتے ہیں کہ کتاب اللہ میں بہت ساری آیات موضوع رسالہ پر دلالت کرتی ہیں، میں ان میں سے بعض آیات ذکر کروں گا۔

کتاب اللہ سے دلائل:

﴿یا أیها الذین آمنوا لا تتخذوا الیهود والنصاریٰ أولیآء بعضهم أولیاء بعض، ومن یتولهم منکم فانه منهم ان الله لا یهدی القوم الظالمین﴾ [المائدة : ۵۱].

''اے ایمان والو! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ، یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان کو دوست بنائے گا یقیناً وہ بھی انہی میں سے ہوگا، بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا''۔

بلاشبہ یہ آیہ مبارک ہر ایسے شخص کے کفر پر جو کفار کی مدد کرے، تین وجوہات کی بنیاد پر دلالت

کرتی ہے:

(1) ''بعضهم أولیاء بعض'' یعنی کفار کا ایک دوسرے کا دوست، مددگار بنانا اور مسلمانوں کی دوستی سے برأت کرنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جس نے بھی انہیں دوست بنایا پس وہ ''بعضهم'' میں داخل ہے اور یہ قولُ اللہ سے اسی وصف (کفر) سے متصف کرتا ہے۔ ابن جریرؒ نے فرمایا:

جہاں تک قولُ اللہ ''بعضهم أولیاء بعض'' کا مفہوم ہے تو یقیناً بات یہ ہے کہ یہود ونصاریٰ مومنین کی جمعیت کے خلاف، ان کے دین وملت سے بغض ومخالفت (جو کہ ان کے مابین مومنین کے خلاف قدر مشترک ہے) رکھنے کی وجہ سے ید واحد کی مانند ہیں۔ اللہ کے مومن بندے اس بات کی معرفت کے ساتھ یہ بھی جان لیں کہ بے شک کسی کا ان میں سے بعض یا سب کے ساتھ دوستی رکھنا انہی مومنین کے دین وملت کی مخالفت کے زمرے میں شمار کیا جائیگا اور جیسے یہود ونصاریٰ مسلمانوں سے بھڑنے والے ہیں اسی طرح یہ بھی بھڑکانے والے کے حکم میں ہوگا۔ پس اللہ تعالیٰ نے مومنین کو حکم دیا کہ تم بھی آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہو جاؤ جس طرح وہ تم سے ٹکراتے ہیں۔ پس ان سے دوستی گانٹھنے والے نے اہل ایمان سے ٹکراؤ اور برأت کا اعلان کرنے کے ساتھ ساتھ ان (یہود ونصاریٰ) سے قطع تعلقی کا انکار کیا۔

(2) آیہ مبارکہ میں ''ومن یتولهم منکم فانه منهم'' سے انہی کی مثل کافر ہونا مراد ہے، ابن جریر نے فرمایا: ''اس کا مطلب یہ ہے کہ جو مومنین کو چھوڑ کر یہود ونصاریٰ کو دوست پکڑے گا تو بے شک وہ انہی میں سے ہے۔'' پھر فرمایا: ''جس نے مومنین کے مقابلے پر انہیں دوست پکڑا اور ان کی مدد کی تو وہ انہی کے دین وملت پر ہے، بے شک مومنین کو چھوڑ کر دوسرے سے دوستی کا مرتکب اپنے دوست، اس کے دین اور جو کچھ اس سے متعلق ہے اس پر راضی برضاء ہے اور جب اس نے (اس عمل سے) اپنے دوست اور اس کے دین پر رضاء کا اظہار کر دیا یعنی

اس کے دین کی مخالفت نہ کی اور اس پر غضب ناک نہ ہوا تو اس (کافر) اور اس (بزعم خود مسلمان) کا ایک ہی حکم ہے''۔

سلیمان بن عبداللہ بھی ''الدرر'' میں لکھتے ہیں ''اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو یہود ونصاریٰ کی دوستی سے منع فرمایا ہے اور انہیں خبر دی کہ مسلمانوں میں سے جو کوئی انہیں دوست بنائے گا تو وہ انہی میں سے ہے اور اسی طرح جس نے کفار میں سے مجوسیوں اور بت پرستوں کو دوست بنایا تو وہ بھی انہی میں سے ہے''۔

(3) ''ان اللہ لا یھدی القوم الظالمین'' میں ظلم سے مراد ''الظلم الأکبر'' ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''والکافرون ھم الظالمون'' یہ اس آیت اور آئندہ آیات بطور دلیل ۲ سے ۴ تک میں بھی دلالت کرتی ہے۔ ابن جریرؒ فرماتے ہیں ''اللہ تعالیٰ نے واضح ذکر کر دیا ہے کہ جس نے مومنین کو چھوڑ کر یہود ونصاریٰ سے ان کی اللہ، اور اس کے رسول ﷺ اور مومنین سے کھلی دشمنی کے باوجود دوستی گھڑی اور ان کا معاون ومددگار بن گیا تو اللہ تعالیٰ اس کی ہرگز حمایت نہ کرے گا کیونکہ جس نے انہیں دوست بنایا اس نے اللہ، اس کے رسول ﷺ اور مومنین سے ٹکر لی''۔

اسی آیہ مبارکہ کی تفسیر میں ابن جریرؒ لکھتے ہیں: ''بہر حال صحیح بات ہمارے نزدیک اس معاملے میں یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب مسلمانوں کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور اہل ایمان پر یہود ونصاریٰ کو دوست اور حلیف بنانے سے منع فرما کر انہیں خبر دی ہے کہ جس نے اللہ، اور اس کے رسول ﷺ اور مومنین کو چھوڑ کر، ان سے بغاوت کرتے ہوئے یہود ونصاریٰ کو دوست، حلیف یا مددگار بنایا تو یقیناً اللہ اور اس کے رسول ﷺ دونوں اس سے بری ہیں''۔ محولہ بالا سورہ مائدہ کی آیت کے بعد دوسری آیت میں ان صفات کو منافقین کی طرف منسوب کیا گیا ہے جیسا کہ اصحاب تفسیر نے ان آیات کا شان نزول بیان کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا:

﴿فتری الذین فی قلوبھم مرض یسارعون فیھم یقولون نخشیٰ ان تصیبنا دائرة ، فعسی اللہ أن یأتی بالفتح أو أمر من عندہ فیصبحوا علی ما أسروا فی أنفسھم نادمین﴾ .

''تم دیکھتے ہو جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے وہ انہی میں دوڑ دھوپ کرتے پھرتے ہیں کہتے ہیں کہ ہمیں ڈر لگتا ہے کہ ہم کسی مصیبت کے چکر میں نہ پھنس جائیں۔ مگر بعید نہیں کہ اللہ جب تمہیں فیصلہ کن فتح بخشے یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے گا تو یہ لوگ اپنے اس نفاق پر جسے یہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں نادم ہوں گے''۔

آیت میں کفار سے دوستی منافقین کی صفت بتائی گئی ہے۔ حافظ ابن کثیر نے مرض کا معنی شک وشبہ سے اور نفاق کیا ہے۔ ''یسارعون فیھم'' یعنی ظاہر وباطن میں ان سے تعلقات بہتر بنانے کی دوڑ دھوپ کرتے ہیں۔ اپنی اس سے دوستی اور مودت کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ کافروں کا مسلمانوں پر غلبہ ہونے پر قوی امکان ہے، اس لئے ان کے ساتھ تعلقات بنا کر رکھے جائیں تا کہ ہمیں (مسلمانوں کے) بعد کوئی بڑا نقصان نہ اٹھانا پڑے اور ان تعلقات کے فوائد حاصل کئے جائیں۔

سورہ مائدہ کی مندرجہ ذیل آیات ۵۳ تا ۵۶ اسی موضوع سے متعلقہ ہیں:

﴿ویقول الذین آمنوا أھؤلاء الذین أقسموا باللہ جھد أیمانھم انھم لمعکم ، حبطت أعمالھم فأصبحوا خاسرین ، یا أیھا الذین آمنوا من یرتد منکم عن دینہ فسوف یأتی اللہ بقوم یحبھم ویحبونہ أذلة علی المؤمنین أعزة علی الکافرین یجاھدون فی سبیل اللہ ولا یخافون لومة لآئم ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشآء ، واللہ واسع علیم ، انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلوة ویؤتون الزکوة وھم راکعون ، ومن یتول اللہ ورسولہ والذین آمنوا فان حزب اللہ ھم الغالبون﴾ .

''اور (اس مصیبت کے وقت) مسلمان (تعجب سے) کہیں گے کہ یہ وہی ہیں جو اللہ

کی سخت سخت قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں، ان کے عمل اکارت گئے اور وہ خسارے میں پڑ گئے۔ اے ایمان والو! اگر کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ ایسے لوگ پیدا کر دے گا جس کو وہ دوست رکھے اور جسے وہ دوست رکھیں اور جو مومنوں کے حق میں نرمی کریں اور کافروں سے سختی سے پیش آئیں، اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں، یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے، اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) جاننے والا ہے، تمہارے دوست تو اللہ اور اس کے پیغمبر اور مومن لوگ ہی ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور زکوۃ دیتے اور (اللہ کے آگے) جھکتے ہیں، اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر اور مومنوں سے دوستی کرے گا (وہ تو اللہ کی جماعت میں داخل ہوگا اور) یقیناً اللہ کی جماعت ہی غلبہ پانیوالی ہے"۔

محولہ بالا چاروں آیات یہود و نصاریٰ سے "تولی" کے متعلق ارشاد فرمائیں ہیں اور اس تولی سے مرتد ہونے کی درج ذیل وجوہات ہیں۔ آیت میں کہا گیا ہے کہ وہ حلفیہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ تمہارے ساتھ ہیں لیکن قرآن نے انہیں کفار سے دوستی گانٹھنے کی وجہ سے جھوٹا کہا ہے حالانکہ وہ اپنی زبانوں سے مسلمانوں کے ساتھ ہونے کا اقرار کرتے ہیں۔

امام ابن جریرؒ اس آیت کی تفسیر میں کہتے ہیں: "مومن انتہائی تعجب سے کہتے ہیں واللہ! یہ تو بڑے جھوٹے منافق اور اللہ کا نام لے کر جھوٹی قسمیں کھانے والے ہیں (ہم ان پر بھروسہ کرتے رہے) حالانکہ یہ تو اپنی قسموں میں جھوٹے تھے"۔

قرآن نے ان کے لئے "حبطت أعمالهم" استعمال کیا ہے اعمال کی بربادی ہمیشہ کفر کی وجہ سے ہوتی ہے قرآن میں دوسری جگہ ارشاد ہوا ہے:

﴿والذين كذبوا بآيتنا ولقآء الآخرة حبطت أعمالهم هل يجزون الا ما كانوا يعملون﴾ [الأعراف]

"اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے، یہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی ان کو بدلہ ملے گا"۔

اور اسی طرح سورہ توبہ آیت ۱۷، المائدہ آیت ۵۱، سورہ زمر آیت ۶۵ میں بھی ارتکاب کفر کے ساتھ "حبطت أعمالهم" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

کتاب "صارم مسلول" میں امام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں "اعمال کی بربادی کفر کی وجہ سے ہوتی ہے اور کفر کے علاوہ اور کسی گناہ سے سارے اعمال کے ضائع ہونے کا ثبوت نہیں ملتا۔ کیونکہ جو ایمان پر مرے گا وہ ایک دن ضرور جنت میں داخل ہوگا، اگر اس کے تمام اعمال ضائع ہو چکے ہوں گے تو پھر وہ کس عمل کی بناء پر جنت میں جا سکے گا، اعمال کو وہی چیز گرانے والی ہے جو ایمان کی ضد ہو اور وہ کفر ہے۔ اصول شریعت کا یہ ایک مسلمہ قاعدہ ہے"۔

کفار سے دوستی کرنے والوں کے لئے قرآن نے "فاصبحوا خاسرين" کا لفظ استعمال کیا ہے، پورے اعمال ضائع ہونے کے بعد اس خسارے سے دنیا اور آخرت کا خسارہ مراد ہے۔ سورہ بقرہ کی آیت ۲۱۷ میں ارشاد ہوا۔

﴿ومن يرتدد منكم عن دينه فيمت وهو كافر فاولئك حبطت اعمالهم في الدنيا والآخرة﴾۔

"تم میں سے جو کوئی اس دین سے پھرے گا اور کفر کی حالت میں جان دے گا اس کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں ضائع ہو جائیں گے"۔

مرتد ہونے کی ایک اور دلیل قرآن کے یہ الفاظ ہیں "ومن يرتدد منكم عن دينه" اور یہ آیت واضح سیاق کفار سے تولی کے متعلق ہے۔

امام ابن تیمیہؒ فتاویٰ میں لکھتے ہیں: "اسلام میں جب بھی کبھی کسی گروہ نے ارتداد کیا تو اللہ تعالیٰ ضرور ایسے گروہ پیدا کرتا رہتا ہے جن سے وہ محبت کرتا ہے، وہ اللہ کی طرف سے جہاد کرتے ہیں اور یہی طائفہ منصورہ ہوا کرتا ہے جو تا قیامت اپنا یہی فریضہ انجام دیتا رہے گا" ان

آیات کی تفسیر کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں کہ اس (البقرہ۱۴۷) میں پچھلی آیات کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو دین اسلام سے ارتداد کریں اور ارتداد سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ وہ یہود ونصاریٰ سے دوستی نہ رکھیں۔ آیات کے مخاطبین صرف وہ لوگ نہیں ہیں جو نزول قرآن کے وقت موجود تھے بلکہ ہمیشہ ان آیات کے مخاطبین انہی صفات کے حامل رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ وہ یہود ونصاریٰ سے دوستی لگا کر مرتد ہونے کے بعد دین اسلام کو ذرہ برابر بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے بلکہ اللہ اپنے فضل سے ایک اور گروہ اٹھائے گا جسے وہ پسند کرتا ہوگا اور وہ اللہ کو پسند کرتے ہوں گے۔ اور مومنین سے دوستی گانٹھیں گے اور یہود ونصاریٰ اور کفار سے دوستی نہیں کریں گے اور اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے ہوں گے اور اللہ تا قیامت اپنے دین کی نصرت کرتا رہے گا‘‘۔

کفار سے تولی ایک ارتداد کا فعل ہے اس کی دلیل آیات کا سباق ہے جو عربی قاعدے کی رو سے حصر کے صیغے میں ہے اور تفسیر کا علم رکھنے والے حصر کے صیغے کی دلالت جانتے ہیں، آیت میں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور وہ لوگ جو ایمان لائے ان سے محبت رکھنے والوں کو حزب اللہ کہا گیا ہے جس کے مفہوم میں اس کا متضاد یعنی کفار سے محبت رکھنا حزب الشیطان میں ہونا شامل ہے۔ سورہ مجادلہ کی آخری آیت میں یہ متضاد مفہوم پوری طرح صریح الفاظ میں موجود ہے:

﴿أولئک حزب الشیطان ألا ان حزب الشیطان هم الخاسرون﴾

’’یہ شیطانی لشکر ہے کوئی شک نہیں کہ شیطانی لشکر ہی خسارہ پانے والا ہے‘‘۔

اس سورت کی آیت نمبر ۵۷ میں شیخ عبد اللطیف آل شیخ ’’الدرر‘‘ میں لکھتے ہیں ’’واتقوا اللہ ان کنتم مومنین‘‘ میں لفظ ’’ان‘‘ شرطیہ ہے، جس کا مطلب ہے اہل کتاب سے دوستی رکھنے سے ایمان کی نفی مراد ہے اور ایسا شخص پھر مومن نہیں رہتا‘‘۔

سورہ آل عمران آیت نمبر ۲۸ میں فرمایا:

﴿لا یتخذ المؤمنون الکافرین أولیآء من دون المؤمنین ومن یفعل ذلک فلیس من اللہ فی شیء الا أن تتقوا منهم تقة، ویحذرکم اللہ نفسه، والی اللہ المصیر﴾.

’’مومنین اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا رفیق اور دوست ہرگز نہ بنائیں، جو ایسا کرے گا اس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں، ہاں یہ معاف ہے کہ تم ان کے ظلم سے بچنے کے لئے بظاہر ایسا طرز عمل اختیار کر جاؤ مگر اللہ تمہیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے اور تمہیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے‘‘۔

اس آیت میں ’’ومن یفعل ذلک فلیس من اللہ فی شیء‘‘ کا صیغہ استعمال ہوا ہے جس کی تفسیر میں امام ابن جریرؒ لکھتے ہیں ’’یہود ونصاریٰ کو اپنی پشت پناہ اور دوست مت بناؤ وہ اپنے دین پر ہوں، اور تم ان سے دوستی نہ لگاؤ نہ مسلمانوں کے خلاف ان کی پشت پناہی کرو، نہ مسلمانوں کی جاسوسی کر کے ان کی کمزوریاں ان پر عیاں کرو، جس نے ایسا کیا ’’ومن یفعل ذلک فلیس من اللہ فی شیء‘‘ میں شمار ہوگا۔ یعنی اللہ اس سے لاتعلق ہوا اور وہ خود اللہ سے لاتعلق ہوگیا، کیونکہ وہ اپنے دین سے مرتد ہوگیا اور کفر میں داخل ہوگیا۔ ہاں اگر تم پر ان کا تسلط ہے اور تمہیں اپنی جان جانے کا خطرہ ہو تو محض زبانی دوستی کا اظہار کر سکتے ہو لیکن باطن میں عداوت رکھنا واجب ہوگا، ان کے کفر میں ان کا ساتھ پھر بھی حرام ہے اور نہ کسی مسلمان کے خلاف ان کی مدد کرو‘‘۔

سورہ نساء آیت نمبر ۱۳۹ میں فرمایا:

﴿الذین یتخذون الکافرین أولیآء من دون المؤمنین، أیبتغون عندهم العزة فان العزة للہ جمیعا﴾

’’جو لوگ مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں کیا یہ لوگ عزت کی طلب میں ان (کفار) کے پاس جاتے ہیں حالانکہ عزت تو ساری کی ساری اللہ ہی کے لئے ہے‘‘۔

مومنوں کو چھوڑ کر کفار کو اپنا دوست بنانا آیت میں منافقین کا طرز عمل بتلایا گیا ہے، امام ابن جریرؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں ’’اے نبی ﷺ منافقوں کو بشارت دے دو جنہوں نے مومنوں کو چھوڑ کر اہل کفر کو اپنا دوست بنا رکھا ہے اور میرے دین سے الحاد کر لیا ہے۔ کیا وہ ان سے دوستی لگا کر طاقت اور قوت حاصل کرنے کے خواہ ہیں دراصل یہی ذلیل اور کمزور ہیں۔ کیا انہیں

مومنین سے دوستی لگا کر قوت پانے کا یقین نہیں ہے حالانکہ اللہ کے پاس ایسی طاقت ہے کہ جسے چاہے عزت اور سرفرازی سے نوازے اور جسے چاہے ذلیل وخوار کر کے رکھ دے"۔

سورہ حشر آیت نمبر ۱۱ میں فرمایا:

﴿ألم تر الى الذين نافقوا يقولون لاخوانهم الذين كفروا من أهل الكتاب لئن أخرجتم لنخرجن معكم ولا نطيع فيكم أحداً أبداً، وان قوتلتم لننصرنكم، والله يشهد انهم لكاذبون﴾ .

کیا تو نے منافقوں کو نہ دیکھا، اپنے اہل کتاب کافر بھائیوں سے کہتے ہیں کہ اگر تم جلاوطن کئے گئے تو ضرور بالضرور ہم بھی تمہارے ساتھ نکل کھڑے ہوں گے اور تمہارے بارے میں ہم کبھی کسی کی بات نہ مانیں گے اور اگر تم سے جنگ کی جائے گی تو بخدا ہم تمہاری مدد کریں گے لیکن اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ یہ پکے جھوٹے ہیں"۔

یہ آیت بھی مفسرین نے سابقہ آیت کے سیاق میں بیان کی ہے۔ شیخ سلیمان بن عبداللہ "الدرر" میں لکھتے ہیں: مشرکوں سے خفیہ طور پر مدد اور نصرت کا وعدہ کرنا نفاق اور کفر سے تعبیر کیا گیا ہے حالانکہ منافقین کا مشرکوں کے ساتھ یہ جھوٹا معاہدہ تھا اور وہ فی الواقع ایسا کرنے کا عزم نہیں رکھتے تھے پھر جو اس مدد اور نصرت کے معاہدے برسرعام اور اعلانیہ کریں ان کا حکم کا سنگین تر ہے"۔

سورہ مائدہ میں فرمایا:

﴿لعن الذين كفروا من بنى اسرائيل على لسان داؤد وعيسى ابن مريم ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون، كانوا لا يتناهون عن منكر فعلوه لبئس ما كانوا يفعلون، ترى كثيرا منهم يتولون الذين كفروا لبئس ما قدمت لهم أنفسهم أن سخط الله عليهم وفى العذاب هم خالدون، ولو كانوا يؤمنون بالله والنبى وما أنزل اليه ما اتخذوهم أولياء ولكن كثير منهم فاسقون﴾ .

"بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ان پر داؤد اور عیسیٰ بن مریم

کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور حد سے تجاوز کرنے لگے تھے، انہوں نے ایک دوسرے کو برے افعال کے ارتکاب سے (بھی) روکنا چھوڑ دیا تھا جو انہوں نے اختیار کئے، بلاشبہ وہ بہت برا کرتے تھے، آج تم ان میں سے بکثرت ایسے لوگ دیکھتے ہو جو (اہل ایمان کے مقابلہ میں) کفار کی حمایت اور رفاقت کرتے ہیں۔ یقیناً بہت برا انجام ہے جس کی تیاری ان کے نفسوں نے ان کے لئے کی ہے، اللہ ان پر غضبناک ہو گیا ہے اور وہ دائمی عذاب میں مبتلا ہونے والے ہیں۔ اگر فی الواقع یہ لوگ اللہ اور پیغمبر اور اس چیز کو ماننے والے ہوتے جو پیغمبر پر نازل ہوئی تو کبھی (اہل ایمان کے مقابلہ میں) کافروں کو اپنا رفیق نہ بناتے، مگر ان میں تو بیشتر لوگ اللہ کی اطاعت سے نکل چکے ہیں"۔

(الف): آیات میں بنی اسرائیل کے جن اشخاص پر حضرت داؤدؑ اور عیسی ابن مریمؑ کے ذریعے لعنت کرنے کا ذکر ہے، وہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفار سے دوستی (بمعنی تولی) لگائی تھی۔

(ب): ان کے بارے میں "وفى العذاب هم خلدون" ہمیشہ کے عذاب کا ذکر ہوا ہے اور ہیشگی کے عذاب کا کافر مستحق ہوا کرتا ہے، شیخ سلیمانؒ بن عبداللہ کہتے ہیں: "کفار سے دوستی اللہ کی ناراضی اور عذاب میں ہمیشہ مبتلا رہنے کا سبب ہے سوائے ایسے شخص کے جسے بصورت دیگر اپنی جان کے ہلاکت کا قوی خوف ہو"۔

(ج): امام ابن تیمیہؒ کہتے ہیں آیت کہ ان الفاظ میں: ولو كانوا يؤمنون بالله والنبى وما أنزل اليه ما اتخذوهم أولياء ولكن كثير منهم فاسقون لفظ "لو" کی وجہ سے یہ جملہ شرطیہ ہے جس سے مراد ہے کہ ایمان کے ساتھ کفار سے دوستی نہیں ہو سکتی اور ایمان اور کفار سے دوستی، ایک دل میں دو متضاد صفات اکٹھی نہیں ہو سکتی۔

شیخ سلیمان بن عبداللہؒ کہتے ہیں: "کفار کی دوستی، اللہ پر اس کے رسول پر اور جو اس پر نازل ہوا ہے، اس کی نفی کر دیتی ہے اور یہ بہت سے افراد کے فاسق ہونے کا سبب ہے اور اس

میں یہ فرق نہیں رکھا گیا کہ کیا واقعی وہ مصائب سے دوچار ہو جانے کا اندیشہ رکھتے تھے یا نہیں، یہی مرتدین کے بیشتر افراد کی کیفیت ہوا کرتی ہے"۔

مصنفؒ نے مذکورہ بالا دلائل کے علاوہ سورہ انفال آیت ۷۳، آل عمران آیت ۱۴۹، ۱۵۰ سورہ محمد آیت ۲۵، ۲۶ سورہ نساء ۷۶ اور ۹۷، سورہ بقرہ آیت ۱۹۳ سے امام ابن کثیرؒ اور دوسرے مفسرین کے حوالے سے ارتداد کے احکام لکھے ہیں جو اختصار کے پیش نظر تحریر نہیں کئے گئے لہٰذا اہمیت موضوع کے پیش نظر قاری کے لئے یہاں مذکورہ بالا آیات کا مطالعہ انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔

صحیح احادیث سے دلائل

حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ کا واقعہ جو بخاری، مسلم اور دوسری کتب صحاح ستہ میں موجود ہے، علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "رسول اللہ ﷺ نے مجھے، زبیر بن عوام اور مقداد بن اسود رضی اللہ عنہم کو یہ حکم دے کر روانہ کیا کہ تم روضہ خاخ کے مقام تک جلد از جلد پہنچو، وہاں تمہیں ایک عورت ہودے پر سوار ملے گی اس کے پاس ایک خط ہے وہ اس سے چھین لاؤ، ہم گھوڑے دوڑاتے ہوئے جب روضہ خاخ پہنچے تو وہاں واقعی وہ عورت دیکھی، ہم نے اسے تحکمانہ لہجے میں کہا کہ خط ہمارے حوالے کردو، وہ کہنے لگی میرے پاس کوئی خط نہیں ہے، ہم نے کہا سیدھی طرح خط نکالتی ہو یا ہم تمہیں برہنہ کردیں، اس پر اس نے اپنے جوڑے میں سے خط نکال کر دیا جسے ہم لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے خط میں لکھا تھا: حاطب بن ابی بلتعہؓ کو بلا کر ان سے پوچھا، اے حاطب یہ کیا ماجرا ہے؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ جلدی نہ فرمائیے، بات یہ ہے کہ میں قریش کے خاندان میں سے نہیں ہوں اور نہ ہی انہیں کچھ زیادہ عزیز، اور ان مہاجرین کے وہاں عزیز واقارب ہیں جو ان کے گھربار کی حفاظ کرنے کی دسترس رکھتے ہیں، میں نے یہ چاہا تھا کہ میں قرابت داری میں تو ان کا شریک نہیں ہوں لہٰذا کچھ احسان ہی ان پر ایسا کردوں جس کا

پاس لحاظ کرتے ہوئے وہ میرے کنبہ کو نہ ستائیں۔ میں کچھ بھی اپنے دین سے نہیں پھرا اور نہ میں مسلمان ہونے کے بعد کافر ہونا پسند کرتا ہوں۔ آپ ﷺ یہ بیان سن کر فرمایا حاطب سچ کہتا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! مجھے اس منافق کی گردن اڑانے دیجئے اور دوسری روایت میں (عمرؓ نے) کہا اس نے اسلام لانے کے بعد کفر کیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا اس نے بدر کے معرکے میں شرکت کی ہے، اللہ نے بدر والوں کو دیکھ لیا ہے اور یہ کہہ دیا ہے اب تم جو چاہو کرو میں تمہیں بخش ہی چکا ہوں"۔

اس واقعے سے یہ امر پوری طرح واضح ہو جاتا ہے کہ کفار کی پشت پناہی اور نصرت کفر اور ارتداد ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے اجازت دیجئے میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ دوسری روایت میں عمر رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں "فقد کفر" (بلاشبہ یہ کفر کا مرتکب ہوا ہے) ایک تیسری روایت میں عمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کے اس قول کے بعد کہ "کیا وہ غزوہ بدر میں شامل نہ تھا؟" کہا "آپ ﷺ کا فرمانا بجا ہے مگر آپ کے دشمنوں سے تعاون کرا کے اس نے اپنے آپ کو اس عہد سے الگ کرلیا ہے"۔

عمر رضی اللہ عنہ جیسے فقہی صحابہ کے نزدیک مسلمانوں کے خلاف کفار سے تعاون کفر وارتداد تھا، نبی ﷺ نے بھی عمر رضی اللہ عنہ کے اس قوم کو کہ ایسا شخص مرتد اور قابل گردن زنی ہے تصدیق کردی لیکن حاطب رضی اللہ عنہ کے لئے بدری صحابی ہونے کی وجہ سے اس حکم کا خاص استثناء کہا تھا، خود حاطب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ مخبری کفر اور ارتداد کی وجہ سے نہیں کی ہے اور نہ ہی اسلام کے بعد کفر میں جانا چاہتا ہوں۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ مسلمانوں کی مخبری کرنا خود حاطب رضی اللہ عنہ کے نزدیک بھی کفر وارتداد تھا۔

حاطب رضی اللہ عنہ ایک جلیل القدر صحابی تھے اور غزوہ بدر میں شریک ہو کر غازی بنے تھے اللہ کی راہ میں اپنی جان ومال سے جہاد کیا تھا، مذکورہ واقعے میں انہوں نے کسی کافر کی مدد نہ

اپنے مال سے کی ہے اور نہ ہی طاقت فراہم کر کے، اس کے باوجود ان پر مذکورہ بالا حکم لگاتے ہوئے ان خدمات سے صرف نظر کیا جاتا ہے، وہ لوگ جو کفار سے تعاون کرتے ہیں اور مسلمانوں کے خلاف کفار کی پشت پناہی کرتے ہیں ان کا حکم بلاشبہ اس سے بڑھ کر ہے۔

عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ آپ کے حقیقی چچا غزوہ بدر میں گرفتار ہو کر مدینہ لائے گئے، جب اسیران بدر سے معاوضہ طے پا گیا تو عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ''میں دراصل اسلام لا چکا تھا اور قریش کے ساتھ بامر مجبوری نکلا تھا'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ ہی آپ کے اسلام کے بارے میں بہتر جانتا تھا، اگر وقعہ یہی ہے جو آپ کہتے ہیں تو اللہ آپ کو اس کا اجر دے گا۔ جہاں تک ظاہری عمل کا تعلق ہے تو وہ ہمارے خلاف تھا آپ کو اپنا اور بھتیجے کا زر خلاصی اداء کرنا ہوگا'' (ابن ہشام)۔

عباس رضی اللہ عنہ مجبوراً قریش کے ساتھ نکلے تھے مگر آپ ﷺ نے ان پر ظاہری حکم لگایا تھا اور ان کا معاملہ دوسرے مشرکین جیسا رکھا گیا تھا، ایسا شخص جو بلا کسی مجبوری مشرکین کی حمایت کرے اس کا شریعت اسلامی میں حکم کہیں بڑھ کر ہوگا۔

اس مسئلہ سے متعلق امام بخاریؒ محمد بن عبدالرحمٰن سے روایت کرتے ہیں:

مجھے عکرمۃ رحمہ اللہ جو ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام تھے نے بتایا کہ مجھے ابن عباس نے کہا تھا کہ نبی ﷺ کے زمانے میں مسلمانوں میں بعض لوگ مشرکین کے لشکر میں شامل ہو کر ان کی تعداد اور دبدبے میں اضافے کا سبب بنتے تھے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ تیروں کی بارش میں انہیں بھی تیر لگ جاتے جس سے وہ ہلاک ہو جاتے اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۃ نساء میں یہ آیت نازل کی:

﴿ان الذين توفاهم الملائكة ظالمي أنفسهم﴾ .

''وہ لوگ کہ جن کی فرشتے اس حال میں روح قبض کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی جانوں

پر ظلم کیا ہوتا ہے'' اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ کافروں کے لشکروں میں جو شریک ہوگا اس کا ظاہری حکم کفر کا ہے خواہ وہ بزور اس لشکر میں شامل کیا گیا ہو یا کسی اور وجہ سے اس لشکر میں شامل ہونا اس کی مجبوری بن گیا ہو۔

امام ابوداؤدؒ سمرہ سے روایت کرتے ہیں: ''جس نے مشرک کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا رکھا اور اس کے ساتھ رہائش اختیار کی وہ اسی طرح ہے''۔

اس حدیث میں محض رہائش اور رہن سہن سے مندرجہ بالا حکم لگایا گیا ہے جبکہ اس کے مسلمان ساتھی نے مشرک کے دین کی موافقت نہیں کی، رہائش تو کیا مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کی اعلانیہ مدد کی جا رہی ہے۔

فیض قدیر میں علامہ مناویؒ ابوداؤدؒ کی سابقہ حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اللہ کے دشمن کے رہن سہن رکھنا اور اس سے دوستی لگانے سے لازماً وہ اللہ تعالیٰ سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہے، جب کوئی اللہ سے ناطہ توڑ دے تو پھر شیطان اس سے اپنا تعلق قائم کر کے اسے کفر کی طرف کھینچ کر لے جاتا ہے، علامہ زمخشری کہتے ہیں کہ یہ ایک قابل فہم حقیقت ہے کہ آپ جس سے دوستی کریں اور پھر ساتھ اس دوستی کے اس کے ازلی دشمن سے بھی ہمدردی اور محبت رکھیں ایسا ہونا ناممکن ہے۔

امام شوکانی رحمہ اللہ ''نیل الاوطار'' میں اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں ''اس حدیث کی رو سے کفار کے ساتھ رہائش رکھنا حرام ہے اور ان سے الگ تھلگ رہنا واجب ہے وہ لکھتے ہیں کہ اگرچہ اس حدیث کی سند میں ائمہ کرام نے بحث کی ہے لیکن اس حدیث کا مفہوم قرآن کی اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہے ''**فلا تقعدوا معهم انكم اذا مثلهم**'' تم ان کے پاس مت بیٹھو ورنہ تم بھی ان کے زمرے میں شمار ہوگے''۔

نیز دوسری روایت جو بہز بن حکیم سے مرفوعاً ہے کہ اللہ ایسے مسلمان کا کوئی عمل قبول

نہیں کرتا جو پہلے مشرک تھا، اور اسلام لانے کے بعد مشرکین کو چھوڑ کر الگ نہیں ہو جاتا۔

اس مفہوم کی ایک اور حدیث ابوداؤد اور جامع ترمذی میں دوسرے الفاظ سے مروی ہے کہ میں ایسے ہر مسلمان سے بری ہوں جو مشرکوں کے ساتھ مقیم ہے۔

اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم سے دلائل

صحابہ کرامؓ کا تولی کفار (کفار سے دوستی) کے مسئلے میں واضح عقیدہ تھا جس کا کچھ ذکر حاطبؓ بن ابی بلتعہ کے واقعے میں ہم ذکر کر آئے ہیں مزید صحابہ کے اقوال درج ذیل ہیں:

عبد بن حمید، حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ''تمہیں چوکنا رہنا چاہئے کہیں تم بلا سوچے سمجھے یہودی یا عیسائی نہ بن جاؤ'' اس کے بعد آپ نے سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ تلاوت کی جو ہم پہلے باب میں ذکر کر آئے ہیں۔

سیرت کی کتابوں میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور مجاعۃ بن مرارہ کا واقعہ ہے، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خالد رضی اللہ عنہ کو ارتداد کرنے والوں کی سرکوبی پر مقرر کیا تھا، جب اس تحریک کو دبا لیا گیا تو گرفتار ہونے والوں میں مجاعۃ بن مرارہ بھی تھے جو مرتدین کے ساتھ شامل تھے۔ مجاعۃ نے بہت کہا کہ میں نے مسیلمہ کذاب کی اتباع نہیں کی تھی، میں بدستور مسلمان ہوں۔ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے کہا پھر تم ان کے لشکر سے نکل کر ہمارے لشکر میں آ کر شامل ہو جاتے جیسے ثمامہ بن اثال نے کیا تھا تو تمہارا عذر قابل قبول تھا۔ مسیلمہ کے لشکر میں شمولیت ہی کو خالد رضی اللہ عنہ نے دلیل بنایا اور مجاعۃ بن مرارہ کے ساتھ مسیلمہ کے دوسرے ساتھیوں کی طرح معاملہ رکھا۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ابتدائی عہد میں مسیلمہ، سجاح اور طلیحہ نے نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا، جن کے اوپر ارتداد کا حکم تمام صحابہؓ نے لگایا تھا اور ان سے جنگیں لڑی گئیں۔ ارتداد کے فتنے کی سرکوبی کا جو طریقہ اصحاب رسول نے اختیار کیا تھا وہ اسی اصول کی بناء پر تھا اگرچہ مانعین

زکوٰۃ اور مدعیان نبوت کی صفوں میں جو لوگ شامل تھے وہ سب کے سب پہلے مسلمان ہی تھے۔ پھر ان میں کئی لوگ مجبوراً یا قبیلے کے دباؤ یا اپنی سماجی مقام کی وجہ سے یا محض تماش بین کی حیثیت سے شامل ہوئے اور بے شمار لوگ یا تو مجبور تھے یا پھر کم علم جس کی دلیل یہ ہے کہ جب فتنہ ارتداد فرو ہو گیا تو بے شمار لوگ دوبارہ مسلمان ہو گئے تھے۔ خود طلیحہؓ نے بھی توبہ کر لی تھی، اور باقی زندگی اسلام کی بے مثال خدمت کر کے اپنی توبہ خالص ہونے پر دلیل قائم کر گئے تھے۔ لیکن ارتداد کی جنگوں میں جو شخص مرتدین کی صف میں شامل تھا اس پر وہی احکام لگائے گئے تھے، خواہ جنگ کے دوران میں یا گرفتاری کے بعد، جو تمام دوسرے مرتدین پر لگائے گئے تھے۔ اور ان کا کوئی عذر قبول نہیں کیا گیا جس طرح حاطب رضی اللہ عنہ کے ساتھ استثناء کیا گیا تھا کیونکہ نبی علیہ السلام نے ان کے لئے رعایت، اللہ کے حکم وحی کی وجہ سے کی تھی۔

نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''من جهز غازيا فقد غزى'' (صحیح البخاری) ''جس نے کسی مجاہد کو ساز و سامان سے لیس کیا گویا اس نے خود جہاد کیا۔'' اسی طرح آپ کی ایک اور حدیث میں ''ایک تیر سے تین قسم کے گروہ جنت میں داخل کرے گا۔ تیر بنانے والا، اگر اس کا مقصد اس تیر کی تیاری میں خیر تھا، تیرانداز اور تیر تھمانے والا''۔

ان احادیث سے یہ بھی مستنبط ہوتا ہے کہ جو اس کے برعکس جہاد کے کام میں روڑے اٹکائے یا مسلمانوں کی شکست میں تعاون کرتا رہا اپنے اس تعاون میں دشمن کا شریک کار سمجھا جائے گا، یعنی اس کا شمار طاغوت کے راستے میں لڑنے والے گروہ میں ہوگا۔

شریعت کے احکام سے جو فقہاء نے صحیح ترین قول کی توثیق کی ہے وہ یہ ہے کہ بالفعل جرم کرنے والا اور جرم میں تعاون کرنے والے شخص کا ایک ہی حکم ہے۔

امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''اگر غارت گر گروہ کی صورت میں ہوں، ان میں سے کوئی ایک بالفعل کسی آلہ سے قتل کرے اور دوسرے اس کی حفاظت یا مدد کر رہے ہوں تو فقہاء کرام اس

کی بات ایک سے زائد رائے رکھتے ہیں، ایک گروہ صرف بالفعل قتل کرنے والے پر حد لگانے کا حکم لگاتا ہے اور دوسرے اس کے ساتھی اپنے جرم کی سنگینی کے لحاظ سے تعزیر کے مستحق ہوں گے۔ ائمہ کی کثرت سب پر حد لگانے کا حکم کرتی ہے خواہ ان کی تعداد ایک سو ہے، خلفائے راشدین نے بھی دونوں کا ایک حکم لگایا تھا چنانچہ عمر رضی اللہ نے قتل کرنے والے اور نگرانی کرنے والوں کو قتل کر دیا تھا، قتل کرنے والا دوسروں کے تعاون سے قتل کرنے پر قادر ہوا تھا بصورت دیگر وہ قتل نہیں کر سکتا تھا"۔

اسی طرح نبی علیہ السلام نے غزوۂ بدر میں شریک لشکر اور اس کے کسی ایک دستے کی کاروائی میں سب کو برابر کا شریک رکھا ہے اگرچہ وہ دستہ امیر لشکر کے حکم سے کوئی کام کرے تو غنیمت میں اس کا حصہ زیادہ ہوتا ہے لیکن یہ دستہ جو بھی غنیمت حاصل کرتا ہے وہ اس دستے کا زائد حصہ منہا کر کے باقی تمام سپاہ پر تقسیم کی جاتی ہے۔

غزوۂ بدر میں نبی علیہ السلام نے طلحہ رضی اللہ اور زبیر رضی اللہ عنہ کو بھی غنیمت میں سے برابر کا حصہ دیا تھا حالانکہ وہ گھمسان کے رن میں شریک نہیں تھے، بلکہ نبی علیہ السلام نے انہیں ایک اور کام سونپ دیا تھا۔

اور اسی طرح اگر مسلمانوں کے دو گروہ کسی باطل کام پر برسرِ پیکار ہو جائیں مثلاً وطنیت یا قومیت کے جذبے کے تحت تو دونوں گروہ مع اپنے شرکاء کے جہنم میں جائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر مسلمانوں کے دو گروہ لڑ جائیں تو دونوں آگ میں جائیں گے" پوچھنے والے نے پوچھا قاتل کے دوزخ میں جانے کا جواز ہمیں سمجھ میں آتا ہے مقتول کس جرم میں سزا پائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ بھی تو اسے قتل کرنے کی کوشش کر رہا تھا"۔

اسی طرح اگر کوئی قافلہ یا گروہ کسی کو قتل کر دے یا کسی کی کھیتی اور مال خراب کر دے تو پورے قافلے یا گروہ کو دیت یا نقصان کا جو بھی تخمینہ لگے ادا کرنا ہوگا خواہ یہ معلوم نہ ہو سکے کہ اس

فعل کے اصل ذمہ دار کون ہیں۔

تاریخ اسلامی سے دلائل

تاریخ اسلامی میں ایسی بہت ساری مثالیں ملتی ہیں جن میں ایک مدعی اسلام نے کفار کے ساتھ تعاون کیا اور اس وقت کے علماء کرام نے اس کا حکم واضح کیا:

سب سے پہلا واقعہ غزوۂ بدر ہے جس میں مشرکین کے ساتھ وہ لوگ بھی شامل تھے جو در پردہ اسلام لا چکے تھے لیکن مشرکین کے لشکر میں وہ موجود تھے جس سے ان کی تعداد بڑی لگتی تھی اور بعض معززین کی شمولیت سے مشرکین کے لشکر کی سماجی اور سیاسی حیثیت میں بھی اضافہ ہوا تھا۔

سورہ نساء آیت نمبر ۹۷ انہیں اشخاص کے متعلق نازل ہوئی تھی:

﴿ان الذين توفٰهم الملائكة ظالمي أنفسهم قالوا فيم كنتم ، قالوا كنا مستضعفين في الأرض ، قالوا ألم تكن أرض الله واسعةً فتهاجروا فيها ، فأولٰئك ماواٰهم جهنم ، وساء ت مصيراً﴾ .

"جو لوگ اپنے نفس پر ظلم کر رہے تھے ان کی روحیں جب فرشتوں نے قبض کیں تو ان سے پوچھا کہ یہ تم کس حال میں مبتلا تھے، انہوں نے جواب دیا کہ ہم زمین میں کمزور اور مجبور تھے فرشتوں نے کہا کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ بڑا ہی برا ٹھکانہ ہے"۔

بابک خرمی نے ۲۰۱ ہجری میں مشرکین کی سرزمین میں جا کر مسلمانوں کے خلاف جمعیت اکٹھی کر کے جنگ شروع کی اس کے بارے میں امام احمد نے فرمایا: "وہ مشرکین کی سرزمین میں بیٹھ کر مسلمانوں کے خلاف جنگ کرا رہا ہے اور ایسے آدمی کا حکم ارتداد کا ہے"۔ (کتاب الفروع)۔

معتمد بن عباد اسپین میں طوائف الملوکی کے زمانے میں اشبیلیہ کا حاکم تھا اور اس نے مسلمانوں

کے خلاف فرانس سے مدد لی تھی، مالکی علماء نے اس کے ارتداد کا فتویٰ صادر کیا تھا (استقصاء)۔

امام ابن کثیر ''البدایہ والنہایہ'' میں لکھتے ہیں کہ مغیث عمر بن عادل نے ہلاکو سے سازباز کی اور مسلمانوں پر حملے کے لئے اس شرط کے ساتھ اکسایا کہ وہ صوبہ مصر کی حکمرانی سونپ جانے کا وعدہ دیا جائے۔اس پر ظاہر بیبرس نے جو اس وقت حاکم تھا، فقہاء سے ایسے شخص کا حکم پوچھا تو انہوں نے اس کے ارتداد اور قتل کا فتویٰ دیا، جس کی دلیل پر اسے قتل کر دیا گیا تھا۔

امام ابن تیمیہؒ نے ٧٠٠ ہجری میں ان مسلمانوں کے اوپر ارتداد کا حکم لگایا تھا جنہوں نے شام پر حملے میں تاتاریوں کے ساتھ تعاون کیا تھا۔

٩٨٠ ہجری میں محمد بن عبداللہ، مراکش کے حاکم نے اپنے چچا مروان کے خلاف پرتگال سے مدد لی تھی، مالکی فقہاء نے اس کے مرتد ہونے کا فتویٰ دیا تھا (استقصاء)۔

تیرہویں ہجری کے شروع میں دعوت توحید کو دبانے کے لئے نجد کے علاقے پر کافروں نے حملہ کیا تھا جس کی پشت پناہی بعض مسلمانوں نے کی تھی۔علمائے نجد نے ایسے لوگوں پر ارتداد کا حکم لگایا تھا، شیخ سلیمان بن عبداللہؒ نے کتاب ''دلائل'' میں اکیس دلیلیں ان کے مرتد ہونے پر تحریر کی ہیں۔

تیرہویں صدی کے نصف آخر میں پھر اہل نجد پر توحید کی دعوت دبانے کے لئے اسی طرح کا حملہ کیا گیا جس پر شیخ حمد بن عتیق نے کتاب لکھی اور اس میں ان مسلمانوں پر ارتداد کا حکم لگایا جو کفار کے ساتھ تعاون کرتے تھے۔کتاب کا نام ''سبیل النجاۃ'' ہے۔

چودہویں صدی ہجری میں الجزائر کے جن قبیلوں نے فرانس کی فوجوں کا ساتھ دیا تھا ان پر ارتداد کا حکم شمالی افریقہ کے مفتی ابوالحسن تسولی نے لگایا تھا جسے امیر عبدالقادر الجزائری نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔

شیخ احمد شاکر نے مصر پر برطانیہ اور فرانس کے مشترکہ حملے کے دوران ان مسلمانوں پر

ارتداد کا حکم لگایا تھا جنہوں نے مغرب کا ساتھ دیا تھا، ملاحظہ کریں ''کلمہ حق''۔

ایک صدی قبل جب یہودیوں نے فلسطین پر قبضہ کر لیا تو جامعہ ازہر کے دارالافتاء سے ان مسلمانوں کے کفر کا فتویٰ صادر کیا گیا تھا جنہوں نے یہودیوں کے ساتھ تعاون کیا تھا، دارالافتاء کی سربراہی اس وقت عبدالمجید سلیم کے پاس تھی۔

اشتراکی انقلاب کا ساتھ جن مسلمانوں نے دیا تھا ان کے کفر کا فتویٰ سعودی عرب کے مفتی اعظم عبدالعزیز بن باز نے صادر کیا تھا۔

اہل علم کے اقوال

حنفی مذہب: احکام قرآن میں ابوبکر جصاصؒ سورہ توبہ آیت نمبر ٢٣ میں لکھتے ہیں:

﴿یا ایها الذین آمنوا لا تتخذوا آباؤکم واخوانکم أولیآء ان استحبوا الکفر علی الإیمان ، ومن یتولهم منکم فأولئک هم الظالمون﴾ .

''اے اہل ایمان! اگر تمہارے (ماں) باپ اور (بہن) بھائی ایمان کے مدمقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو اور جو ان سے دوستی رکھیں گے وہ ظالم ہیں''

اس آیت میں کفار سے دوستی ان کی حمایت یا ان سے مدد لینا یا انہیں مسلمانوں کے امور سونپنا ان تمام امور سے سختی سے منع کیا گیا ہے اور کافروں سے برأت واجب قرار دی گئی ہے اور اسی طرح ان کی عزت افزائی کرنا بھی حرام ہے، خواہ وہ کسی مسلمان کے والدین ہوں یا بھائی بند، منافقین سے مومنین کی شناخت کے لئے قرآن نے اسی موالاتِ کفار کو ہی پیمانہ رکھا ہے۔

جب کہ آل عمران آیت نمبر ٢٨ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

﴿لا یتخذ المؤمنون الکافرین أولیآء من دون المؤمنین ، ومن یفعل ذلک فلیس من اللّٰه فی شیء الآ أن تتقوا منهم تقٰة ، ویحذرکم اللّٰه نفسه ، والی اللّٰه المصیر﴾ .

''مومنوں کو چاہئے کہ مومنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا

اس سے اللہ کا کچھ (عہد) نہیں، ہاں اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرلو (تو مضائقہ نہیں) اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف (تم کو) لوٹ کر جانا ہے۔"

"الآ أن تتقوا منهم تقٰة" یعنی ان لوگوں کے لئے استثناء ہے جن کی جان جانے یا جسمانی معذوری کا ڈر ہو تو ان کے لئے ظاہری طور پر مودّت کا اظہار کرنے کا جواز ہے اور یہی جمہور مفسرین کی رائے ہے۔

عبداللہ بن احمد نسفی سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۵۱ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں "کافروں کی مدد کرنا اور ان سے مدد لینا دونوں حرام ہیں۔ اسی طرح انہیں بھائی بنانا یا ان کے ساتھ رہائش اختیار کرنا جیسی مسلم معاشرے میں ہوتی ہے (یعنی گھل مل کر رہنا بھی) حرام ہے۔ **ومن یتولھم منکم فانه منھم** یعنی اس کا حکم بھی انہیں کی طرح ہے"۔

قاضی محمد احمد عمادی آیت کے اس جملے کی تفسیر میں لکھتے ہیں: "کسی کے دین میں ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ان سے محبت اور دوستی رکھتا ہو۔ ان آیات میں مومنین کی ظاہری مودّت کو سختی اور پوری شدت سے منع کیا گیا ہے خواہ دل میں محبت بھی نہ ہو اور ان **اللہ لا یھدی القوم الظالمین** سے مراد ہے کہ انہیں ایمان نصیب نہیں ہوا کرتا۔ اللہ تعالیٰ ان کے اور ان کے حال کو اپنی رحمت سے محروم کر دیتا ہے اور وہ کفر اور گمراہی میں گر جاتے ہیں"۔

مالکی مذہب: امام قرطبیؒ آیت کے سابقہ جملے کی تفسیر میں لکھتے ہیں: "یعنی جو مسلمانوں کے خلاف کفار کی قوت بڑھاتا ہے اس کا حکم کفار کی طرح ہے اسے مسلمانوں کی وراثت نہیں مل سکتی کیونکہ وہ مرتد ہو کر مرا۔ اگرچہ یہ آیات عبداللہ بن ابی کے لئے نازل ہوئی تھیں مگر ان کا حکم تا قیامت باقی رہے گا"۔

مالکی مذہب کے ایک جلیل القدر امام برزلیؒ لکھتے ہیں کہ امیر المسلمین یوسفؒ بن تاشفین کے خلاف ابن عباد نے فرانس سے مدد حاصل کی تھی تو مالکی مذہب کے تمام فقہاء نے اس

کے مرتد ہونے کا فتویٰ صادر کیا تھا۔

احمد بن علیش سے ان مسلمانوں کا حکم دریافت کیا گیا جن کے علاقوں پر کفار کا قبضہ ہو گیا تھا اور وہ پھر بھی انہی مفتوحہ علاقوں میں کفار کے زیر تسلط رہنا اختیار کرتے ہیں، دوسرے علاقوں کی جانب ہجرت نہیں کرتے۔

علامہ علیشؒ نے اپنے طویل فتوے میں جن اہم امور پر روشنی ڈالی تھی ان میں سے ایک پیراگراف ہمارے موضوع کے متعلق بھی تھا وہ لکھتے ہیں:

"ایسی صورت صدر الاسلام میں مفقود تھی اور نہ ہی ائمہ اربعہ کے زمانے میں اس طرح کی کوئی صورت پیش آئی تھی۔ اس لئے ان ائمہ کرام یا ان سے پہلے تابعین اور صحابہ کرام نے ایسی صورت پر کوئی مفصل فتاوی صادر نہیں کئے تھے"۔ عیسائیوں کے ساتھ گھل مل کر رہنے کی صورت پانچویں صدی ہجری میں اندلس کے بعض علاقوں میں سامنے آئی تھی جیسے جزیرہ صقلیہ۔ اس وقت مفتیانِ عصر سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا تھا، انہوں نے ایسے مسلمانوں کے احکام نبی علیہ السلام کے زمانے کے ان مسلمانوں کی طرح بیان کئے تھے جنہوں نے اسلام لانے کے بعد دارالاسلام کی طرف ہجرت نہیں کی تھی۔ علامہ علیش کہتے ہیں: "یعنی ان کے احکام وہی تھے جو اہل کفر کے تھے اللہ کے دشمنوں کا سا لباس، رہن سہن، ثقافت اور گھل مل کر رہنا اور اپنی الگ سے واضح شناخت نہ رکھنا اور اس طرح ہجرت نہ کرنا جو ان پر فرض ہے انہیں کفار کے حکم میں داخل کر دیتا ہے"۔

شافعی مذہب: امام بیضاوی سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ قول اللہ جل شانہ "**ومن یتولھم منکم فانه منھم**" ایسا شخص انہی کے زمرے میں شمار ہوگا۔ کفار سے الگ تھلگ ہو کر رہنا واجب ہے جیسے کہ نبی علیہ السلام نے آتش پرستوں کے علاقے میں رہنے والے بادیہ نشینوں سے کہا تھا کہ تم ان کے محلوں سے اتنی دور ہو جہاں ان کا آتش کدہ اور اس کی آگ

تمہیں دکھائی نہ دے۔ یہ آیت منافقین کے متعلق نازل ہوئی تھی اور منافق کا حکم معلوم ہے۔

حافظ ابن حجر "**اذا أنزل اللّٰہ بقوم عذاباً اصاب العذاب من کان فیھم ثم بعثوا علی أعمالھم**" حدیث کی تشریح کرتے ہوئے فتح الباری میں لکھتے ہیں: کافروں اور ظالموں سے الگ تھلگ رہنا بھی اس حدیث سے مستنبط ہوتا ہے، ان کے ساتھ گھل مل کر رہنا ہلاکت میں پڑنے کے مترادف ہے، یہ حکم تو اس شخص کا ہے جو کفار سے کسی قسم کا تعاون نہیں کرتا اور نہ ہی ان کے کسی کام پر راضی ہوتا ہے بلکہ وہ ایک طرح اپنی آزاد زندگی گزار رہا ہوتا ہے، ہاں اگر اس نے کفار کے ساتھ تعاون کیا یا ان کے اقدامات پر رضامندی ظاہر کی تو پھر اس کا حکم اور کفار کا حکم ایک ہے۔

علامہ عبدالباری الیمانی تیرہویں صدی کے ایک جلیل القدر امام تھے ان سے سوال کیا گیا کہ مسلم ممالک میں رہنے والے بعض مسلمان بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ ہم تو عیسائیوں کی رعایا ہیں اپنی اس وابستگی کے اظہار کے لئے وہ اپنی تجارتی کشتیوں پر انہیں ملکوں کے پرچم لہراتے ہیں ، ان کے بارے میں شرعی موقف کیا ہے؟

جواب: اگر مذکورہ بالا طرز عمل جہالت اور لاعلمی کی وجہ سے ہے یعنی ان کے دلوں میں اسلام سب ادیان سے برتر اور اعلیٰ ہونے کا عقیدہ راسخ ہے اور اسی طرح اسلامی شریعت کو باقی سب شریعتوں سے محکم ہونے کا عقیدہ بھی رکھتے ہوں اور سوال میں مذکورہ اپنے افعال کی توجیہہ کفار کی عظمت اور ان کے برتر ہونے کی وجہ سے نہ کرتے ہوں تو وہ بدستور مسلمان سمجھے جائیں گے اور مسلمانوں کے احکام ان پر لاگو ہوں گے۔ اگرچہ وہ گناہ کبیرہ کے مرتکب ہیں جس کی انہیں سزا بھی دی جانی چاہئے جو عبرتناک ہو، مگر حد تک نہ پہنچے۔ لیکن اگر وہ اسلام کے احکام سے واقفیت رکھتے ہوئے یہ کام کرتے ہیں تو ان سے توبہ کروئی جائے اگر وہ اپنے طرز عمل کو ترک کر دیں اور اللہ کی طرف لوٹ آئیں تو ٹھیک بصورت دیگر وہ اسلام کے دائرے سے نکل گئے،

اس کے ساتھ ساتھ اگر وہ کفر کی تعظیم کرتے ہوں تو پھر مرتد ہیں اور ان پر مرتدین کے احکام لاگو ہوں گے۔

حنبلی مذہب: شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اس مسئلے پر اپنے فتاویٰ میں مفصل روشنی ڈالی ہے جس کے چند اقتباسات گزشتہ صفحات میں ذکر کر چکے ہیں، تاتاریوں کے بارے میں انہوں نے فتویٰ دیا تھا کہ مسلمانوں کی سپاہ سے یا عام شہریوں سے جو شخص تاتاریوں کے کیمپ میں شامل ہوگا اس کا حکم وہی ہے جو تاتاریوں کا ہے۔

حنبلی مذہب میں کفار کے موالات کے احکامات بڑی تفصیل سے موجود ہیں جو ہم آخری باب میں ذکر کریں گے۔

ظاہری مذہب: ابن حزم محلّی میں سورہ مائدہ آیت نمبر ۵۱ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا حال بتاتا ہے جو کفر کرنے والوں کے ساتھ اپنے آپ کو مصائب سے بچانے کے لئے دوستی کے لئے بھاگ دوڑ کرتے ہیں۔ دوسری طرف ایمان لانے والے ان کفر کرنے والوں سے کہتے ہیں **أھؤلاء الذین أقسموا باللہ جھد أیمانھم انھم لمعکم** ان لوگوں کے اعمال اس لئے برباد ہو گئے کہ انہوں نے کفر کرنے والوں کی طرف جھکاؤ کیا تھا اس لئے وہ کفار ہو گئے"۔

اپنے فتوے میں لکھتے ہیں: "جو دارالکفر کے بلاک میں جا کر شامل ہو جائے جو دارالحرب بھی ہو، اور یہ کام اس نے اپنی آزاد رائے سے کیا ہو، اور وہ مسلمانوں کے خلاف برسرپیکار ہو تو وہ پکا مرتد ہے اور مرتد کے سارے احکام اس پر لاگو ہو گئے۔ اسے قتل کرنا واجب ہوگا جب بھی اس کا موقع ملے، اور اس کا مال، غنیمت میں شمار ہوگا، اس کا نکاح فسخ ہو جائے گا کیونکہ نبی علیہ السلام کسی مسلمان سے برأت کا اظہار نہیں کرتے جیسا کہ ایسے شخص کے بارے میں آپ ﷺ برأت کرتے تھے"۔

مزید فرمایا کہ اگر دارالحرب میں رہتے ہوئے مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شریک ہوتا ہے یا کفار کے لئے کوئی فریضہ انجام دیتا ہے جیسے سروسز یا دفتری امور تو وہ کافر ہے، اگر دارالحرب میں رہنے کی وجہ دنیا کمانا ہے اور وہ گویا ان کا ذمی بن کر رہتا ہے، اس کے لئے مسلم اکثریت والے علاقوں میں آنا ناممکن ہے تو ایسی صورت میں بھی وہ کفر سے دور نہیں ہوتا، دنیا کمانا ایسی صورت میں قابل عذر نہیں ہے''۔

اسی طرح ''ومن یتولھم منکم'' کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ وہ انہی کی طرح کافر ہے اور اس میں مسلمانوں کے درمیان دو آرائیں نہیں پائی جاتیں۔

دیگر آئمہ اجتہاد اور عصر حاضر کے علماء کرام کے اقوال

امام ابن جریرؒ اپنے وقت کے ایک مجتہد امام تھے ان کے مذہب نے باقاعدہ عوام میں رواج پالیا تھا اور انہیں جریر کہا جاتا تھا۔ ابن جریرؒ کے تفسیری اقوال ہم گزشتہ صفحات میں سورہ آل عمران آیت ۲۸ کی تفسیر میں ذکر کر آئے ہیں۔

محمد بن علی شوکانیؒ اپنی تفسیر میں سورہ آل عمران آیت نمبر ۵۱ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:
''آیت میں نہی سے مراد انہیں اس طرح کا دوست بنانا ہے جیسے گھل مل کر رہنا، نصرت اور تعاون کرنا اللہ تعالیٰ نے اس کی تعلیل خود بیان کی ہے''۔

''بعضھم أولیآء بعض'' یعنی یہودی دوسرے یہودی کا دوست ہوتا ہے اور عیسائی اپنے دوسرے ہم مذہب کا دوست ہوتا ہے، یہ مراد نہیں کہ یہود عیسائیوں کے دوست ہوتے ہیں کیونکہ ان دونوں مذاہب میں شدید اختلاف اور عداوت پائی جاتی ہے اگرچہ ان دونوں ملتوں میں سخت اختلاف ہے۔

آیت کا مصداق یہ ہے کہ نبی علیہ السلام اور مسلمانوں کے خلاف جن کی دوستی ہوتی ہے وہ کفار کے طریقہ پر ہوتے ہیں۔ اس لئے مسلمانوں کو اس مشابہت سے منع کیا گیا ہے تا کہ وہ ان

کے زمرے میں شمار نہ ہوں۔ آیت کا جملہ ''ان اللہ لا یھدی القوم الظالمین'' سے مراد ہے کفر میں پڑنے کی وجہ سے اللہ انہیں ہدایت کی توفیق نہیں دیتا۔ کفار سے موالات ایسا ظلم ہے جو کفر کو واجب کر دیتا ہے۔

شیخ جمال الدین قاسمی سورہ مائدہ کی محولہ بالا آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''وہ کفار کے گروہ میں سمجھا جائے گا اور اس کا حکم وہی ہے جو کفار کا ہے خواہ وہ اپنے تئیں یہ سمجھتا رہے کہ اس کا دین اہل کتاب سے الگ ہے''۔

محمد رشید رضا تفسیر منار میں لکھتے ہیں: ''فرانس نے تیونس پر قبضہ کیا ہوا ہے اس لئے کسی مسلمان کے لئے فرانس کی شہریت اختیار کرنا حرام ہے اور یہ ارتداد ہے، کیونکہ وہ اپنی رضامندی سے شہریت اختیار کرتا ہے بلکہ اس کے حصول کے لئے بھاگ دوڑ اور حکومت فرانس کو شہریت اختیار کرنے کے لئے حکومتی مقرر کردہ معاوضہ بھی ادا کرتا ہے اس طرح وہ اپنے مال سے فرانس کی طاقت میں تو اضافہ کرتا ہی ہے لیکن اگر حکومت فرانس اپنے کسی مسلمان شہری کو مسلمانوں کے خلاف جنگ پر بھیجے تو اسے اس شہریت کی وجہ سے حکم بھی ماننا ہوتا ہے اور ضرورت کے وقت حکومت لازماً اسے طلب کر سکتی ہے اس قسم کی شہریت کو حلال سمجھنا اجماعاً کفر ہے''۔

جامع ازہر کے دارالافتاء سے فلسطین کے خلاف یہودیوں کی مدد کرنے والے کا حکم پوچھا گیا۔ دارالافتاء کے طویل فتوے سے چند اقتباسات:

''ہر وہ شخص جو اپنے آپ کو مسلمانوں کی جماعت کا فرد سمجھتا ہے اگر وہ ان دشمنوں کی مدد اور تعاون کرے تو وہ اہل ایمان میں شمار نہیں ہوتا، اس طرح وہ مسلمانوں کی تنظیم سے نہ صرف لاتعلق ہو جاتا ہے بلکہ وہ ان کے خلاف جنگ میں شریک ہو جاتا ہے، مسلمانوں کے دین سے نکل جاتا ہے اس طرح وہ شدید ترین فعل سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کھلی دشمنی کا اعلان کرتا ہے۔ بلاشبہ جو ایسا کام کرتا ہے وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ذمے سے کوئی بھی چیز پر باقی نہیں

رہتا۔ اسلام اور مسلمان اس سے بری ہیں، وہ اپنے اس کام سے اعلان کردیتا ہے کہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں ہے نہ اس کے دل میں مسلمان ملکوں کا احترام ہے ۔جس شخص پر یہ بات واضح ہوگئی اور اس کے باوجود یہودیوں سے تعاون جاری رکھتا ہے تو وہ دین اسلام سے مرتد ہوجاتا ہے۔ اس کا زن وشوئی کا تعلق ختم کروایا جائے گا۔ بیوی کا اس شخص سے رابطہ کرنا حرام ہوگا۔ اس کا نماز جنازہ مسلمان نہیں پڑھائیں گے اور وہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن بھی نہیں کیا جائیگا۔ مسلمان اس سے اپنے تعلقات منقطع کردیں اسے ''السلام علیکم'' نہ کہیں۔ بیمار پڑے تو اس کی عیادت نہیں کی جائے گی یہاں تک کہ وہ توبہ نہیں کرلیتا اور اس کا اثر اس کی زندگی پر مرتب نہیں ہوجاتا۔ اس وقت تک اس کا حکم مرتد کا حکم رہے گا۔

احمد محمد شاکر اپنے طویل فتویٰ میں لکھتے ہیں جو ''کلمہ حق'' کے نام سے مطبوع ہوچکا ہے۔ یہ فتویٰ مصر کے مسلمانوں کے لئے خاص طور پر عرب ودیگر مسلمانوں کے لئے عام طور پر تحریر کیا جارہا ہے۔ اس فتوے کا عنوان ہے ''فرانس اور برطانیہ کے مسلمانوں پر استعمار کے دوران جو مسلمان ان سے تعاون کرے اس کا کیا حکم ہے؟۔

انگریزوں سے کسی قسم کا تعاون خواہ اس کی نوعیت کم ہو یا زیادہ، بدترین ارتداد ہے اور واضح ترین کفر ہے، جس میں کسی قسم کے عذر کو قابل التفات نہیں سمجھا جائے گا اور نہ کسی قسم کی تاویل کا موقع دیا جائے گا۔ اس کا یہ حکم نہ وطنی عصبیت نہ سیاسی وابستگی اور نہ منافقانہ چاپلوسی کی وجہ سے منسوخ ہوسکتا ہے۔ خواہ یہ تعاون انفرادی طور پر پیش کیا جائے یا حکومتی یا سرکردہ افراد پیش کریں، یہ سب کے سب کفر اور ارتداد میں برابر کے شریک ہوں گے۔ سوائے جاہل اور خطا کار کے جس نے مرنے سے پہلے اس کا تدارک کرلیا اور اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کرنے کا اسے موقع فراہم ہوگیا اور باقی زندگی اس نے مومنین کی طرز پر گزاری تو امید ہے اللہ تعالیٰ اس سے درگزر کرے۔ بشرطیکہ یہ خالص وجہ اللہ کے لئے توبہ کی گئی ہو، نہ کہ حکومت کی ایماء پر اور نہ کسی سیاسی مقصد کے لئے۔

مجھے یقین ہے کہ اس میں انگریز کے خلاف جہاد کے وجوب اور تعاون کرنے والے کے مرتد ہونے کا مفصل اور عام فہم جواب دے دیا ہے جسے عام عربی دان طبقہ سمجھ سکتا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ ان سطور کو پڑھنے کے بعد قاری اس بدیہی حکم کو سمجھ لے گا جو کسی دلیل کا بھی محتاج نہیں۔ فرانس کا حکم بھی برطانیہ کا سا ہے، تمام مسلمانو کے لئے، خواہ وہ دنیا کے کسی کونے میں بستے ہوں۔ فرانسیسیوں کی مسلمانوں سے نفرت اور اسلام کو مٹانے میں ان کی عصبیت اور اسلام سے ان کی عداوت انگریزوں سے کئی گناہ زیادہ ہے۔ بلکہ وہ اپنی عصبیت اور بغض میں جنونی ہوتے ہیں، وہ ہر اس جگہ مسلمانوں کا قتل عام کرتے ہیں جہاں وہ طاقت پکڑتے ہیں اور ہمارے مسلمان بھائیوں پر ایسے مظالم کرتے ہیں جس کے سامنے برطانیہ کے مظالم بھی جواب دے جاتے ہیں۔ انگریزوں اور فرانسیسیوں کا قتل کسی جگہ بھی کرنا حلال ہے ان کے مال کو لوٹنا بھی حلال ہے کسی مسلمان کے لئے بھی خواہ وہ دنیا کے کسی گوشے میں رہتا ہو، انگریزوں اور فرانسیسیوں سے تعاون کرنا حرام ہے، اس تعاون سے وہ مرتد اور دین اسلام سے خارج ہوجائے گا۔ خواہ اس تعاون کی نوعیت کسی بھی قسم کی کیوں نہ ہو۔'' دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

خبردار! ہر مسلمان کو جان لینا چاہئے خواہ وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں رہتا ہو، مسلمان پر جبر کرنے والے کسی کافر دشمن اسلام کے ساتھ جس نے تعاون کیا خواہ وہ انگریز ہو یا فرانسیسی یا ان جیسے کوئی اور کافر اس تعاون کی نوعیت جس قسم کی ہو، نہ صرف یہ بلکہ اگر وہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گیا اور قوت اور قدرت کے باوجود ان سے نہیں بھڑا یا جو کچھ وہ کرنے پر قادر ہے وہ نہیں کرتا، اگر کفار کی نصرت محض اپنی زبان ہی سے کرتا ہو جو اس قسم کے کسی کام کا مرتکب ہوگا اس کی نمازیں باطل ہیں اس کی تینوں قسم کی طہارت باطل ہے اس کا تیمم کرنا باطل ہے اس کے روزے خواہ فرضی ہوں یا نفلی باطل ہیں ح اس کا حج کرنا باطل ہے اس کی ہر قسم کی عبادت باطل ہے نہ صرف اس کا ثواب میں کوئی حصہ نہ ہوگا بلکہ الٹا اس پر گناہ کا بار پڑتا جائے گا۔

خبردار! ہر مسلمان جان لے، اگر وہ اس راستے پر چل نکلا تو اس کے تمام اعمال برباد ہوجائیں گے۔ نہ صرف اس ارتداد کے بعد جو وہ عبادت کرے گا بلکہ اس کی پہلی زندگی کی عبادت بھی غارت ہوجائے گی، ایمان کسی بھی عبادت کی قبولیت کے لئے شرط ہے، یہ ایک ایسا عقیدہ ہے جسے عام مسلمان بھی اچھی طرح جانتا ہے اور یہ مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں سے ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:﴿ومن یکفر بالایمان فقد حبط عملہ وھو فی الآخرۃ من الخاسرین﴾ [المائدہ : ۵] . اور جس کسی نے ایمان کی روش پر چلنے سے انکار کیا تو اس کا سارا کارنامہ زندگی ضائع ہوجائے گا اور وہ آخرت میں دیوالیہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ان کا وصف بیان کرتے ہوئے سورہ بقرہ آیت ۲۱۷ میں کہتا ہے: ''وہ تم سے لڑتے ہی جائیں گے حتیٰ کہ اگر ان کا بس چلے تو تمہیں اس دین (اسلام) سے پھیر لے جائیں (اور یہ خوب سمجھ لو کہ) تم میں سے جو کوئی اس دین سے پھرے گا اور کفر کی حالت میں جان دے گا اس کے اعمال دنیا و آخرت دونوں ہی ضائع ہوجائیں گے، ایسے سب لوگ جہنمی ہیں اور ہمیشہ جہنم ہی میں رہیں گے''۔

اسی طرح سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ تا ۵۳ دلالت کرتی ہیں۔ ہر مسلمان مرد و عورت خوب اچھی طرح ذہن نشین کرلے، کفار سے تعاون کرکے اپنے دین سے یکسر نکل جانے والے کا حکم جان لے۔ اس کا مسلمان عورت سے نکاح باطل ہے جو کسی صورت میں درست نہیں ہوسکتا، نکاح کا کوئی حکم اس پر صادق نہیں آسکتا، اس کی اولاد، جائز اولاد نہیں ہوگی، نہ اسے والدین کی میراث ملے گی، جو پہلے سے شادی شدہ تھا اس کا نکاح فسخ ہوگیا، اب اگر یہ مرتد دوبارہ توبہ کرتا ہے اور دین میں لوٹ آتا ہے تو خواہ مرد تھا تو اس کا فسخ شدہ نکاح دوبارہ بحال نہیں ہوگا۔ اور اگر عوت تھی تو اس کا نکاح بھی بحال نہیں ہوگا، خواہ توبہ کرنے کے بعد وہ مسلمانوں سے مل کر دشمنوں سے برسرپیکار ہی کیوں نہ ہوجائے، اسے دوبارہ نئے نکاح سے عقد زواج کرنا ہوگا۔

تمام مسلمان خواتین پر فرض ہے کہ وہ کسی مرد سے نکاح کرنے سے پہلے اس بات کا پورا اطمینان کرلیں کہ جن سے ان کا عقد طے پا رہا ہے وہ اللہ کے دشمنوں سے تعاون کرنے والا تو نہیں ہے، جس کا پہلے سے ایسے کسی شخص سے نکاح ہوچکا ہے اور اس کے مرتد ہونے کی وجہ سے اس شخص پر حرام ہوچکی ہے اور اس کا اب ایسے شخص کے ساتھ رہنا باطل ہے وہ اس کی زوجہ نہیں رہی، جس عورت کو اسلام کے اس عقیدے کا علم تھا یا ہوگیا ہے اور اس کے باوجود وہ ایسے کسی شخص سے نکاح کرتی ہے یا نکاح کرے گی تو اس کا حکم بھی مرتدہ کا ہے، معاذ اللہ ہرگز کوئی مومنہ علم آنے کے بعد ایسی حالت میں نہیں رہے گی۔

واللہ! میں یہ بات پوری ذمہ داری سے کررہا ہوں، ملکی مقننہ خواہ اس قسم کا کوئی قانون پاس کرے یا نہ کرے، مسلمان کے احکام ملکی قانون سازی تک ملتوی نہیں ہوا کرتے، دوسرا یہ کہ ملکی قوانین میں عموماً چور راستے بھی ہوتے ہیں۔ لیکن اسلام میں حجت بازی اور قیل و قال سے یہ حکم بدلا نہیں جاسکتا۔ مسلمانوں کا ایک دوسرے سے تعاون کرنا ہر وقت اور ہر زمانے میں واجب ہے اور واجب رہے گا۔ تمام افراد اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی اس ذمہ داری پر جواب دہ ہوں گے۔ ہر مسلمان نے دین کا کوئی نہ کوئی گوشہ مضبوط کیا ہوتا ہے، ایسا نہ ہو کہ اسلام پر کوئی آفت اسی کی غفلت سے آن پڑے۔

یاد رکھیں! فتح و کامرانی اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ اس کی پشت پناہی کرتا ہے جو اللہ کا ساتھ دینے والے ہوتے ہیں۔

۱۳۷۶ ہجری میں مصر کے بعض مفتیان کرام سے پوچھا گیا کہ اس شخص کا کیا حکم ہے جو مسلمانوں کے ملک کے خلاف کسی غیر اسلامی ملک کی مدد کرتا ہے؟ دارالافتاء کے سرکردہ ترین علمائے کرام کا فتویٰ تھا کہ وہ مرتد ہے۔ ان علمائے کرام میں محمد ابرزہرہ، عبدالعزیز، مصطفیٰ زید اور محمد جیسے جلیل القدر حضرات شامل تھے۔ (بحوالہ مجلہ اداء الاسلام)۔

محمد امین شنقیطی ''اضواء البیان'' میں قرآن کی متعدد آیات نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں

،ان آیات قرآنیہ کا ظاہری مفہوم یہ ہے کہ جو شخص کفار سے موالات اپنے ذاتی ارادے سے بلا اکراہ کرے وہ انہیں کی طرح کافر ہے۔

عبداللہ بن حمید ''الدرر'' میں لکھتے ہیں، ہر اس مسلمان پر واجب ہے جسے اپنی عافیت کی فکر لگی ہو کہ وہ تولی اور موالات کے فرق کو پوری طرح سمجھے۔ ہمارے سلف صالحین نے دونوں کے فرق کو بڑے نمایاں انداز سے واضح کیا ہے۔

کفار کی عزت افزائی کرنا، ان کی تعریفیں کرنا اور مسلمانوں کے خلاف ان کی حمایت و نصرت کرنا نیز روزمرہ کی زندگی میں ان سے گھل مل کر رہنا اور ان سے برأت (لاتعلقی) نہ کرنا، یہ تمام اقسام تولی کفار میں سے ہیں۔ جو اس کا مرتکب ہوگا وہ مرتد ہو جائے گا اور ارتداد کے احکام اس پر لاگوں ہوں گے۔ جیسا کہ کتاب اللہ، سنت نبی ﷺ اور اجماع امت سے ثابت ہے۔

عبدالعزیز بن باز کے فتاویٰ میں اس عنوان کے تحت ان کا فتویٰ مذکورہ ہے'' جس نے اشتراکی یا کمیونسٹ کی مدد کی، جس نے اس گمراہی میں ان کا ساتھ دیا، ان کے نظریے کو بہتر سمجھا اور اس کے مقابلے میں اسلام کے داعیوں کی مذمت اور عیب جوئی کی وہ کافر ہے اور گمراہ ہے، وہ انہی کے زمرے میں شمار ہوگا جن سے اس نے دوستی لگائی ہوئی ہوگی۔ مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس نے مسلمانوں کے خلاف کافروں کی حمایت کی اور کسی قسم کا تعاون پیش کیا تو وہ انہی کی طرح کافر ہے، ابن باز نے اس کے بعد اس دلیل کے طور پر سورہ مائدہ آیت ۵۱ اور سورہ توبہ آیت ۲۳ نقل کرتے ہیں۔

موجودہ واقعات پر معاصرین کے فتاویٰ جات

اگلی سطور میں معاصرین علمائے کرام میں سے چند جلیل القدر علماء کے فتاویٰ نقل کیے جاتے ہیں جن میں پوری صراحت سے کہا گیا ہے امریکہ کے افغانستان پر حملے میں جس مسلمان

نے تعاون کیا وہ کافر اور مرتد ہے۔

۲۱ رجب ۱۴۲۲ ہجری حمود بن عبداللہ شعیبی نے جو فتویٰ صادر کیا تھا اس کا ترجمہ سپرد قلم ہے:

''مسلمان کے خلاف یہ تمام آئمہ اسلام کا قول ہے قدیم اور جدید دور کے اہل علم یہی حکم لگاتے ہیں، عصر حاضر کے مجدد محمد بن عبدالوہاب لکھتے ہیں: مسلمانوں کے خلاف کافروں کی حمایت کفر ہے اور اس سے آدمی ملت اسلامیہ سے نکل جاتا ہے۔ اس کی دلیل سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ ہے۔

علامہ عبداللطیف سے ''تولی'' اور ''موالات'' کا فرق پوچھا گیا تو انہوں نے کہا، تولی سے کفر لازم آتا ہے، جس کا مرتکب ملت اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے۔ تولی میں ان کی عزت افزائی، مال و اسباب، قوت یا مشورے سے تعاون فراہم کرنا ہے۔

علامہ احمد محمد شاکر کہتے ہیں کہ کفار کا مقابلہ کرنا اور ان سے جنگ کرنا واجب ہے۔ ہر مسلمان پر فرض ہے خواہ وہ کسی بھی علاقے کا باشندہ ہو وہ ان سے مقابلہ کرے، اور ان سے برسرپیکار ہو جہاں اسے موقع ملے خواہ وہ کافر وہاں کے عام شہری ہوں یا لڑنے والے فوجی ہوں۔

وہ لکھتے ہیں: ''جہاں تک انگریزوں سے تعاون کا حکم ہے تو وہ ارتداد اور کفر بواح ہے۔ اس میں توبہ بھی قبول نہیں ہوتی اور نہ کوئی تاویل قبول ہے۔'' حمود بن عبداللہ شعیبی نے اس کے بعد علامہ صاحب کے فتوے کا پورا متن نقل کیا ہے جو ہم گزشتہ صفحات میں ترجمہ کر آئے ہیں۔

حمودؒ بن عبد محولہ بالا آئمہ کرام کے فتاویٰ کے بعد اپنے فتویٰ میں لکھتے ہیں:

''لہٰذا جو شخص کافر ملکوں کے ساتھ مسلمانوں کے خلاف کوئی تعاون کرے، مثلاً امریکہ جیسے ملک کے ساتھ، تو وہ کافر اور مرتد ہوگا اور امریکہ اور برطانیہ کا دہشت گردی کے نام پر مسلمانوں پر مشترکہ حملہ ''صلیبی حملہ'' ہے جس طرح اسلام کی تاریخ میں صلیبی جنگیں ہوتی رہی ہیں، بش کے منہ سے ''صلیبی جنگ'' کا لفظ بھی نکلا ہے۔'' علامہ شعیبی کے فتویٰ کے الفاظ یہاں ختم ہوئے۔

۲۰ رجب ۱۴۲۲ ہجری شیخ عبدالرحمٰن بن ناصر براک نے فتویٰ صادر کیا کہ امریکہ اور برطانیہ کا افغانستان پر حملہ بغیر کسی شک وشبہ کے ظلم اور عدوان ہے اور ''یہ صلیبی حملہ'' ہے جو اسلام پر کیا گیا ہے۔ اسلامی ممالک کا افغانستان کی نصرت اور حمایت نہ کرنا ایک مصیبت عظیم ہوگی۔ اگر الثانیہ ممالک امریکا و اتحادیوں کی حمایت اور تعاون کرتے ہیں تو یہ کفار سے تولی ہے جس کا حکم سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ میں مذکور ہے۔ اسی آیت کو دلیل بنا کر آئمہ اسلام نے تولی کفار کو نواقضِ اسلام (جن سے ایک مسلمان کافر ہو کر ملت اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے) میں شمار کیا ہے۔

۳ رجب ۱۴۲۲ ہجری میں علی بن خطیر نے فتویٰ صادر کیا جس کا ایک اقتباس یہ ہے ''کافروں کی حمایت کے مسئلے پر تفصیلی بحث جزیرہ عرب کے نجدی علماء نے کی ہے اور اسے کفر، نفاق اور ارتداد کہا ہے۔ جس سے آدمی ملت اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے اور یہی عقیدہ درست ہے۔ جس پر قرآن مجید، احادیث رسول اور آئمہ کرام اجماع منعقد ہوا ہے''۔

۳ رجب ۱۴۲۲ ہجری شیخ سلیمان بن ناصر علوان کے فتوے کا ایک اقتباس: ''(مظلوم) مسلمانوں کی صف میں کھڑے ہونا، ان کی جان ومال، آراء اور ابلاغ عامہ سے تعاون کرنا واجب ہے اور ان سنگین ترین حالات میں انہیں بے یار ومددگار چھوڑنا حرام ہے۔ کفریہ ممالک اسلام کے خلاف ایک دوسرے سے تحالف (مدد وتعاون) کر رہے ہیں۔ کفار سے تو اسلام کے خلاف متحد ہونے کی توقع رکھنی چاہئے، حیرت اس امر پر ہے کہ اسلام کے نام لیوا افغانستان کے حملے میں کفر کے بلاک میں شامل ہو رہے ہیں اور یہ نفاق کی صورت ہے''۔

اس کے بعد علامہ سلیمان بن ناصر علوان سورہ نساء آیت ۱۳۹ اور سورہ مائدہ آیات ۸۰ تا ۸۱ نقل کرتے ہیں۔ آیات سے دلیل لینے کے بعد وہ ملت اسلامیہ کے معتد بہ اماموں کے اقوال سے تولی کفار کے کفر ہونے پر اجماع کا ذکر کرتے ہیں اور سورہ مائدہ کی آیت ۵۱ کے یہ الفاظ نقل کرتے ہیں: ''ومن یتولھم منکم فانہ منھم'' اللہ کے دشمنوں کی پشت پناہی سے بڑھ کر تولی

کی بھیانک صورت اور کون سی ہوگی، مسلمانوں کے علاقوں کو تباہ کرنے کے لئے کافروں کو وسائل فراہم کئے جا رہے ہیں اور مسلمانوں کی قیادت کو قتل کرنے کے لئے بھی وسائل فراہم کئے جا رہے ہیں ابن جریرؒ کہتے ہیں: ''مومنین کے خلاف جو ان کی پشت پناہی اور نصرت کرے تو وہ ان کے دین میں اور ان کی ملت میں شمار ہوگا''۔

۲۴ رجب ۱۴۲۲ ہجری شیخ عبدالرحمان بن سعد کے فتوے کا ایک اقتباس: ''اللہ کے دوستوں کے خلاف اللہ کے دشمنوں سے کسی قسم کا کوئی تعاون نواقض اسلام میں سے ہے، جس کا جاننا ہر مسلمان پر واجب ہے۔ کتاب اللہ، احادیث رسول اور اجماع امت سے یہ ثابت ہے۔ ہر مسلمان کو آگاہ رہنا چاہئے کہ کہیں وہ دین کے دائرے سے نہ نکل جائے اور اسے اس کا شعور ہی نہ ہو''۔

صحیح مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ''بادر و بالأعمال ! فتن

کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل مومنا ویمسی کافراً ویمسی مسلماً ویصبح

کافراً یبیع دینہ بعض من الدنیا''

یعنی ''نیک اعمال کرنے میں سبقت حاصل کرو عنقریب فتنے در فتنے ہوں گے جیسے سیارہ راتیں ایک پر ایک، صبح کو ایک شخص مومن ہوگا تو شام کو کافر اور شام کو مومن ہوگا، صبح کافر ہو ، مال کی جھلکی پر اپنا دین تج دے گا''۔ اس حدیث کے بعد سورہ توبہ کی آیت ۲۴ نقل کرتے ہیں:

﴿قل ان کان آباؤکم وأبناؤکم واخوانکم وأزواجکم وعشیرتکم وأموا ن اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسکن ترضونھا أحب الیکم من ال ورسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یھدی الق الفاسقین﴾ .

''کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور جو تم کماتے ہو اور تجارت، جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات، جن کو تم پسند کر ہو اللہ اور اس کے رسول سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو انتظا

یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا''۔

۲۹ رجب ۱۴۲۲ ہجری عبد اللہ بن محمد غنیمان کے فتوے کا اقتباس: ''مسلمانوں کے خلاف کافر ملکوں سے تعاون کرنے والا اس فعل کا مرتکب جو سورہ مائدہ اور کتاب اللہ کے دوسری آیات میں بیان ہوا ہے۔ جس کا فاعل انہی کفار کے زمرے میں شمار ہوتا ہے''۔

۲۸ رجب ۱۴۲۲ ہجری شیخ سفر الحوالی کے فتوے کا اقتباس: ''مسلمانوں کے خلاف کافروں سے تعاون کرنا خواہ تعاون کی کوئی صورت ہو، محض اپنے الفاظ سے ہی ان کی حمایت کرنا کفر بواح اور بدترین نفاق ہے۔ یہ نواقض اسلام میں سے ایک صورت ہے کیونکہ اس طرح اس (مسلم) کا عقیدہ ولاء اور براء پر ایمان نہیں رہتا''۔

یکم شعبان ۱۴۲۲ ہجری بشر بن فہد کے فتوے سے اقتباس: ''اللہ تعالیٰ نے اپنے کام میں وضاحت سے کہہ دیا ہے کہ کافر ایک دوسرے کے دوست اور مومنین ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں۔ منافقین کی صفت یہ ہے کہ وہ مومنین کے علاوہ کفار سے موالات رکھتے ہیں۔ افغانستان پر امریکہ کے حملے میں کسی قسم کا تعاون کافروں سے موالات کی صورت ہے۔ خواہ یہ تعاون مال، اسلحے، مخبری یا آدمیوں کے ذریعے فراہم کیا جائے۔ موالات کی یہ صورت کفر اور ارتداد ہے جس کا حکم افراد کے لئے بھی ہے اور (تنظیموں و) حکومتوں کے لئے بھی ہے''۔

۱۸ اکتوبر ۲۰۰۱ ہجری مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ اپنے فتوے میں لکھتے ہیں: ''کسی مسلمان کے لئے خواہ وہ دنیا کے کسی کونے میں رہتا ہو سرکاری ملازم ہو یا غیر سرکاری اگر اس نے افغانستان پر امریکہ کے حملے میں کسی قسم کا تعاون کیا جو ایک صلیبی حملہ ہے تو وہ مرتد ہوگا''۔

شبہات کا جواب

زیر بحث مسئلہ آئمہ اسلام کے نزدیک ایک اجماعی اور متفقہ مسئلہ ہے جس پر اللہ کا کلام اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث شاہد ہیں۔ اسلامی ذخیرہ کتب میں بے شمار تصنیفات اہل علم کے

اقوال سے بھری پڑی ہیں۔ اس متفقہ مسئلے کو بھی بعض اہل ضلال نزاعی مسئلہ بنانا چاہتے ہیں اور گھٹیا شبہات سے حق کو باطل میں خلط ملط کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ شبہات زیر بحث مسئلہ سے متعلق نہیں ہیں اور نہ کبھی اہل علم و رشد نے ان شبہات کو ''تولّی فی الکفر'' کے باب میں ذکر کیا ہے، لیکن ابلاغ عامہ سے زبردستی ان میں وزن پیدا کیا جا رہا ہے اس لئے ہم تمام شبہات پر آئندہ صفحات میں بحث کریں گے۔

حاطب رضی اللہ عنہ کے واقعے سے اہل ضلال یہ ثابت کرتے ہیں کہ کفار سے تعاون کرنا کفر نہیں ہے، اس واقعے پر ہم کچھ بحث گزشتہ صفحات میں کر آئے ہیں، اس واقعہ سے دراصل یہی مسئلہ ثابت ہوتا ہے۔ گزشتہ صفحات میں جو بحث گزر چکی ہے اسے ہم یہاں نہیں دہراتے اس واقعے سے صرف اس موقف کو تقویت دینے والے نقاط کو زیر بحث لاتے ہیں۔

حاطب رضی اللہ عنہ زندگی بھر اپنی جان، مال، زبان اور اپنے کردار سے نبی علیہ السلام کی نصرت اور حمایت کرتے رہے۔ تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک رہے غزوۂ بدر اور صلح حدیبیہ کے شرکاء میں شامل تھے جن کے لئے جنت کی بشارت بالنص موجود ہے، غزوہ فتح مکہ، جس سے مخالفین استدلال کرتے ہیں، میں بذات خود مشرکین مکہ کے خلاف شریک ہیں۔ ان کا مراسلہ مسلمانوں کے خلاف مشرکین کی حمایت اور نصرت کے لئے ہرگز نہیں تھا، نہ کسی مشرک کے ساتھ جانی مالی یا اخلاقی و سیاسی تعاون کی کوئی صورت تھی، انہوں نے اس یقین اور رضامندی کے بعد مشرکین مکہ سے مراسلت کی تھی کہ لشکر اسلام فتح و کامرانی سے ہم کنار ہوگا اور وہ خود مشرکین کے خلاف برسرِ پیکار ہونے چلے تھے، مراسلت کی برآمدگی کے بعد وہ خود فرماتے ہیں کہ میں نے یہ مراسلت کفر اور ارتداد کی وجہ سے نہیں کی ہے گویا ان کے نزدیک بھی کفار کی نصرت کفر اور ارتداد تھی۔

مراسلت کے الفاظ اہل سیر نے نقل کئے ہیں، ان پر غور کریں: ''اے قوم قریش، اللہ

کے رسول ﷺ ایک لشکر جرار کے ساتھ تمہاری طرف سیل رواں کی طرح آنے کو ہیں، واللہ وہ تنہا بھی تمہاری طرف نکلتے تو فتح مند ہوتے اور اللہ کا وعدہ پورا ہو جاتا، اپنے معاملے کو درست کرلو، والسلام"۔

اس مراسلت میں تعاون کی کون سی صورت ہے، بلاشبہ یہ مراسلت ایک قسم کی نافرمانی تھی جو کبیرہ گناہ تھی اور جس کا کفارہ حاطب رضی اللہ عنہ کی پہلے کی خدمات اور قربانیاں بن گئی تھیں۔

حاطب رضی اللہ عنہ جیسی مراسلت کفر ہے یا کفر سے کم کبیرہ گناہ ہے، اہل علم کا اس میں اختلاف رہا ہے۔ اگر یہ فعل کفر ہے تو پھر اس سے بڑھ کر تعاون کی جو بھی صورت ہوگی وہ بالاولی کفر ہوگی۔ اگر یہ کبیرہ گناہ تھا، جو کہ حق کے اقرب موقف ہے کیونکہ اس مراسلت میں مسلمانوں کے خلاف نصرت اور حمایت نہیں پائی جاتی، کبیرہ گناہ ہونے کی صورت میں یہ مسئلہ زیر بحث موضوع سے باہر ہے ہمارا موضوع تو تولی کفار ہے جو بالاجماع کفر، خارج از ملتِ اسلام ہے، جن آئمہ نے انہیں کبیرہ گناہوں میں شمار کیا ہے وہ اس فعل کو "تولی فی الکفار" بھی نہیں کہتے بلکہ سپہ سالار کی نافرمانی میں شمار کرتے ہیں۔

حاطب رضی اللہ عنہ نے یہ مراسلت اس یقین کے ساتھ کی تھی کہ اس میں حملہ آور مسلمانوں کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ کیونکہ ان کا ایمان تھا کہ رسول اللہ تنہا بھی ان کے مقابل نکل پڑیں تو اللہ انہیں فتح وکامرانی سے سرفراز فرمائے گا خواہ مشرکین مکہ کو اس حملے کی پہلے سے اطلاع فراہم ہو جائے۔ بعض احادیث میں آپ کے یہ الفاظ نقل ہوئے ہیں: "قد علمت ان اللہ مظهر رسول الله ومتم له امره" یعنی مجھے اس بات کا یقین تھا کہ اللہ اپنے رسول کو غالب کر کے رہے گا اور اپنے فیصلے کو پورا کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ امام بخاریؒ نے اسے "باب ماجاء فی المتاولین" میں نقل کیا ہے یعنی تاویل کرنے والے احکام۔

حافظ ابن حجر صحیح بخاری کی شرح فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ حاطب ؓ کا خیال تھا کہ ایک مراسلت سے مسلمانوں کو کوئی گزند نہیں پہنچے گی۔

کافروں کی پشت پناہی کرنا، ایسے وسائل فراہم کرنا جس سے اہل اسلام سے برسرپیکار کفار سے مدد لیں، اس بات میں اور ایسی اطلاع میں جس سے اطلاع دینے والے کو یقین ہو کہ مسلمانوں کو اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا بہت بڑا فرق ہے۔

جو شخص اس واقعے سے یہ ثابت کرتا ہے کہ کفار کی مسلمانوں کے خلاف جنگ میں پشت پناہی کرنا کفر نہیں ہے تو ہم اس سے پوچھتے ہیں: کیا کفار سے جو بھی تعاون کیا جائے اس سے کفر لازم نہیں آتا، یا محض مراسلت جیسے فعل سے کفر لازم نہیں آتا؟

اگر وہ پہلی صورت کا اقرار کرے تو پھر اسے اس حدیث کو سامنے رکھ کر وہ فہرست مرتب کرنی ہوگی جس پر عمل کرنے سے کفر لازم نہیں آتا۔

ابوجندل رضی اللہ عنہ کا واقعہ

ابوجندل رضی اللہ صلح حدیبیہ کے وقت اسلام لا چکے تھے اور مشرکین مکہ نے انہیں قید کر کے بیڑیاں ڈال دی تھیں۔ حدیبیہ کے مقام پر معاہدہ صلح کے تحریر پانے کے دوران وہ کسی طرح قیدو بند کے ساتھ پہنچ گئے اور مسلمانوں کے گروہ میں پہاڑی سے چھلانگ لگا کر مل گئے۔ ابھی معاہدہ ضبط تحریر میں نہیں آیا تھا مگر زبانی گفت وشنید ہو چکی تھی۔ مشرکین مکہ نے ابوجندل رضی اللہ عنہ کو واپس سپرد کرنے کا مطالبہ کیا، آپ ﷺ نے فرمایا ابھی معاہدہ تحریر نہیں ہوا اور ہم پر ایسی کوئی قانونی پابندی عائد نہیں ہوتی۔ یہ سن کر سہیل بن عمرو جو اس وقت ایمان نہیں لائے تھے اور مکہ والوں کی جانب سے معاہدہ کرنے پر مقرر ہوئے تھے، کہنے لگے کہ اگر ابوجندل رضی اللہ عنہ کو ہمارے سپرد نہیں کیا جاتا تو پھر ہم صلح کا معاہدہ نہیں کریں گے۔ آپ ﷺ اس پر اصرار کرتے رہے لیکن بالآخر ابوجندل رضی اللہ عنہ کو مشرکین کے حوالے کر دیا گیا۔ یہ واقعہ احادیث کی کتابوں میں مفصل بیان ہوا

ہے جسے ہم نے نہایت اختصار سے بیان کیا ہے۔

اس واقعہ کو بنیاد بنا کر مخالف فریق یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ایک مسلمان کو کفار کے سپرد کرنا ایک بڑی مصلحت کے تحت کیا جا سکتا ہے۔ اس واقعے سے ہمارے مخالفین کا دعویٰ دراصل رد ہوتا ہے۔

ابو جندلؓ کو کفار کے سپرد کرنے کا یہ واقعہ رسول اللہ ﷺ کے لئے خاص تھا۔ کیونکہ آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے بتا دیا گیا تھا۔ جیسا کہ انس رضی اللہ عنہ کی صحیح حدیث میں ہے: "انهم نذهب منا اليهم فابعده الله ومن جاء نا منهم فسيجعل الله له فرجا ومخرجا".

یعنی: "ہم میں سے جو بھاگ کر مکہ جائے گا اسے اللہ دھتکار دے گا اور جو ان میں سے ہمارے پاس آئے گا تو اللہ اس کے لئے کشائش اور بچ نکلنے کی صورت خود ہی نکال لے گا۔"

اس لئے اس واقعہ کا حکم عام نہیں ہے، بلکہ نبی علیہ السلام کے ساتھ خاص تھا کیونکہ آپ ﷺ کو متواتر وحی آتی تھی۔ حدیث میں "لعل" یا "عسی" جیسے لفظ استعمال نہیں ہوئے بلکہ یقینی صیغے استعمال ہوئے ہیں۔

ان کی نجات کی لازمی کوئی صورت اللہ نے نکالنے کا وعدہ کیا تھا۔ امام ابن حزم کے زمانے میں بھی اسی حدیث کو جواز بنا کر مسلمانوں کو کفار کے حوالے کرنے کا جواز نکالا گیا تھا جس کا انہوں نے کتاب "الاحکام" میں مفصل جواب دیا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں: "صلح حدیبیہ کے بعد نبی ﷺ نے کسی مسلمان کو اس وقت تک کفار کے حوالے نہیں کیا تھا جب تک وحی کے ذریعے آپ کو بتا نہ دیا گیا تھا کہ انہیں کوئی گزند نہیں پہنچے گا اور ضرور بچ نکلیں گے" امام ابن حزمؒ نے بھی انس رضی اللہ عنہ کی سابقہ حدیث دلیل کے طور پر پیش کی تھی۔

وہ لکھتے ہیں کہ نبی علیہ السلام کے علاوہ اب کسی پر وحی نہیں اترتی اس لئے اس کے لئے یہ امر جائز نہیں ہے اور نہ کسی معاہدے میں کسی مسلمان حاکم کو ایسا معاہدہ کرنے کا حق حاصل ہے اور اگر وہ اس شرط کو تسلیم کرے تو اس پر ہرگز عمل نہیں کیا جائیگا۔ کیونکہ کسی حاکم کو غیب کا علم نہیں ہے

کہ سپرد کئے جانے والے مسلمان کو کوئی گزند نہ پہنچے گی۔

احکام القرآن میں ابن العربی لکھتے ہیں:

نبی علیہ السلام کا معاہدہ کرنا کہ اہل مکہ میں سے جو شخص اسلام قبول کر کے دار الہجرہ میں آئے گا آپ اسے مکہ والوں کے کے حوالے کر دیں، یہ شرط نبی علیہ السلام کے علاوہ کسی اور کے لئے جائز نہیں ہے۔ یہ وقتی حکم اللہ کی طرف سے تھا جو اس وقت اپنے اندر بے شمار حکمتیں رکھتا تھا۔ اور بعد کے واقعات نے ثابت بھی کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کے پیش نظر حکمتیں ہی درست تھیں، کیونکہ کفار کو بامر مجبوری معاہدے کی اس شق کی منسوخی کی خود درخواست کرنی پڑی تھی۔

بالفرض ہم اس حکم کو عام سمجھ لیتے ہیں ایسی صورت میں کوئی مسلمان سربراہ اس قسم کا معاہدہ صرف ویسے ہی حالات میں کر سکتا ہے جن حالات میں نبی علیہ السلام نے یہ معاہدہ کیا تھا۔ اسلام کی تبلیغ کے لئے پیہم جہاد کر رہا ہو، معاہدے کی غرض وغایت اسلام کا پھیلانا ہو، کفار سے مکمل برأت کا اظہار کر چکا ہو۔ آپ ﷺ کا کفار سے اصل معاملہ جہاد اور قتال کا تھا جسے دس برس کے لئے ملتوی رکھا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے معاہدے کی اس شق کو اس لئے تسلیم نہیں کیا تھا کہ مجاہدین پر کوئی آفت نہ آئے یا مجاہدین کسی چال میں نہ پھنس جائیں۔ اس شق کی وجہ سے آپ ﷺ کو نہ کوئی دنیاوی امداد ملنی تھی اور نہ کوئی اور دنیاوی غرض تھی۔ اس شق کے تسلیم کرنے کا یہ مقصد بھی نہیں تھا کہ کفار مکہ سے دوستانہ مراسم برقرار رکھنے یا مزید پختہ کرنے تھے کیونکہ کفار سے آپ کے اصل تعلقات کی نوعیت جنگ کی تھی اور مدینہ اور مکہ کا کوئی وفاق یا مشترکہ تحالف بھی نہیں تھا۔ رسول اللہ ﷺ ان رذائل سے کوسوں دور تھے۔ اس شق کو تسلیم کرنا مسلمانوں اور جہاد کے مفاد میں تھا۔ اللہ کی طرف لوگوں کو دعوت دینے اور مکہ کی طرف سے اطمینان حاصل کرنے کے بعد عرب کے دوسرے علاقوں میں جہاد کو جاری رکھنے کے لئے تھا، غزوۂ خیبر اس معاہدے کے بعد ہوا تھا اس کے علاوہ کئی اور سرایا اس صلح کے بعد ہوئے اور جزیرہ عرب کے تمام کفار کو اسلام قبول کرنے یا جزیہ

دینے کے لئے مراسلت ہوئی تھی۔اس کے علاوہ آپ کے پیش نظر اور بھی عظیم مقاصد رہے ہوں گے جو دین اسلام کی سربلندی اور دعوت کے پھیلنے کے لئے ممد و معاون رہے ہوں گے۔

اس صلح کے باوجود کفار کے نقصانات سے آپ خوش ہوئے تھے اور ہر ایسے اقدام کی تائید کرتے تھے جس سے معاہدے کا تعلق نہ ہو اور وہ اہل مکہ کے لئے ضرر رساں ہو۔ابوبصیر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے اس معاہدے کے دوران میں کفار مکہ کا ناطقہ بند کر دیا تھا حالانکہ آپ ﷺ اور کفار کے درمیان دس سال کے لئے جنگ بندی کا اعلان ہوا تھا۔

ابوبصیر رضی اللہ عنہ کو گرفتار کرنے کے لئے مکہ کی طرف سے جن دو افراد کو بھیجا گیا تھا وہ سفارتی مشن پر آئے تھے اور سفیر کو کسی طرح شریعت میں قتل نہیں کیا جا سکتا مگر ابوبصیر رضی اللہ عنہ نے دو میں سے ایک کو قتل کر دیا اور دوسرا بھاگ گیا۔آپ ﷺ نے مقتول کی دیت بھی نہیں دی تھی اور نہ ان مسلمانوں سے اپنی برأت کا اعلان کیا تھا۔کیونکہ یہ جہاد ابوبصیر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے اپنی قوت بازو سے شروع کیا تھا، وہ خود اس کے ذمہ دار تھے۔جس ساحلی راستے میں وہ قریش کے قافلے غارت کرتے تھے وہ مدینہ کی ریاست میں نہیں آتا تھا۔

آپ ﷺ نے ابوبصیرؓ اور ان کے ساتھیوں کو گرفتار کرنے یا گرفتار کرانے میں کفار سے کسی قسم کے تعاون کی پیش کش نہیں کی تھی۔جب ابوبصیر رضی اللہ عنہ دوسری مرتبہ آزاد ہو کر مدینہ لوٹے تھے تو آپ نے یہ الفاظ کہے تھے ”ویل امه سعر حرب لو کان له احد“ اور دوسری روایت میں ”لو کان له رجال“ ”لو اسے دیکھو! یہ شخص جنگ برپا کرنا چاہتا ہے، اگر کوئی اس کا ساتھ دینے والا ہو“ اور دوسری روایت میں ”کچھ اس کے ساتھی ہوتے“ ان الفاظ میں جہاں یہ اشارہ ہے کہ اگر مکہ والوں میں سے کوئی وفد دوبارہ ابوبصیرؓ کو گرفتار کرنے آیا تو وہ اسے ان کے حوالے کر دیں گے وہاں یہ اشارہ بھی ہے کہ اگر ابوبصیرؓ اور اہل مکہ میں دیگر اہل ایمان آ کر خود مل کر جتھہ بنا لیں تو یہ ایک پسندیدہ بات ہے۔ان الفاظ کی گہرائی کو سمجھ کر ابوبصیر رضی اللہ عنہ خود قریش کے قافلوں کی

گزرگاہ پر قابض ہو گئے اور دوسرے مسلمان بھی ان میں آ کر شامل ہو گئے۔آپ ﷺ نے خود سے ابوبصیرؓ کو قید خانے میں نہیں ڈالا تھا کہ جب مکہ کا وفد آئے گا تو ان کے سپرد کر دیں گے، بلکہ ابوبصیر خود ہی پوری آزادی سے مدینے کی حدود سے نکل گئے۔

نبی علیہ السلام اگر ابوبصیر اور ابوجندل رضی اللہ عنہما کو قریش کے قافلوں پر حملہ کرنے سے منع کرتے تو وہ یقیناً اس حکم کی اطاعت کرتے۔نہ صرف آپ ﷺ نے انہیں منع نہیں کیا بلکہ قریش مکہ بھی یہ توقع نہیں رکھتے تھے کہ آپ اس ”دہشت گردی“ کو ختم کرنے میں ان کے ساتھ کوئی تعاون کریں گے۔

شیخ عبدالرحمان بن حسن آل محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہما ”الدرر“ میں ابن نبہان کے اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

جو لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ جہاد کرنے کے لئے خلیفہ کا ہونا شرط ہے ان کے پاس نہ کلام اللہ سے کوئی دلیل ہے اور نہ اس کے علاوہ کوئی دلیل۔دین پر یہ ایک صریح بہتان ہے اور مومنین کے طریقے کے خلاف ہے۔بغیر خلیفہ جہاد کے جائز ہونے کی دلیلیں ناقابل شمار ہیں۔

قرآن میں جہاد کے احکام عام ہیں ان میں جہاد سے قبل کسی خلیفہ کے نصب کرنے کا کوئی حکم نہیں ہے۔سورہ بقرہ میں اللہ فرماتا ہے:

﴿ولو لا دفع الله الناس بعضهم ببعض لفسدت الأرض﴾ [البقرة : ۲۵۱]

”اگر اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کو بعض سے دفع نہ کرتا تو زمین میں فساد پھیل جاتا“۔

جہاد کا علم تھام کر جو اس کا فریضہ ادا کرے گا وہ اللہ کی اطاعت کرے گا اور فرض کو ادا کر کے سرخرو ہو گا۔خود نصبِ خلافت کا عمل جہاد سے مکمل ہو گا۔ابوبصیر رضی اللہ عنہ اور ان کا جتھہ بغیر خلیفہ کے جہاد کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ وہ اپنے تئیں قریش کے قافلے پر حملے کیا کرتے تھے کیونکہ رسول اللہ ﷺ صلح حدیبیہ کی وجہ سے قریش سے جنگ بندی کا معاہدہ کر چکے تھے۔کیا نبی علیہ السلام نے ان سے کہا تھا کہ تم غلط کام کر رہے ہو کیونکہ تم میں کوئی خلیفہ نہیں ہے؟

حلف الفضول

''دہشت گردی'' کے نام پر عیسائیوں سے موجودہ تعاون کو ''حلف الفضول'' سے تشبیہ دینا بھی علم سے منسوب حضرات کی کارستانی ہے۔ رسالت سے پہلے قریش کے خانوادے عبداللہ بن جدعان تیمی کے ہاں جمع ہوئے اور باہم یہ عہد کیا کہ مکہ میں ہر مظلوم مسافر کی دادرسی کریں گے۔ صغر سنی میں آپ بھی وہاں موجود تھے۔ اگرچہ رسالت کے بعد آپ ﷺ نے اس معاہدے کو پسند فرمایا تھا لیکن آپ ﷺ اس کے فریق نہیں تھے۔ معاہدے کے انجام پانے میں عبداللہ بن جدعان کی کوششوں کو دخل تھا جو مشرک ہونے کے باوجود بلند کردار کا حامل تھا۔ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ سے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ کیا عبداللہ کو اس کی انصاف پسندی اور صلہ رحمی کا آخرت میں فائدہ ہوگا آپ ﷺ نے فرمایا ''نہیں'' اس نے کبھی یہ تک نہیں کہا تھا ''رب اغفرلی''۔

مظلوم کی دادرسی کے کسی عہد کو آج کی ظالم ترین قوم امریکیوں پر چسپاں کرنا بالکل لغو ہے۔ اس معاہدے کا مقصد معاہدے کے شرکاء سے نو وارد کو ظلم اور ناانصافی سے تحفظ دینا تھا۔ امریکہ ایسا کوئی معاہدہ نہیں کرنا چاہتا جس میں یہ شق ہو کہ دنیا کو امریکیوں کے ظلم اور ناانصافیوں سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ امریکہ کے ساتھ تعاون کی غرض وغایت یہ ہے کہ نامعلوم اشخاص کی کاروائی سے امریکہ میں بسنے والے جو افراد حادثے کا شکار ہوئے ہیں اس کا انتقام مسلمانوں سے کئی گناہ زیادہ لیا جائے۔

حلف الفضول میں کسی قبیلے کے لئے یہ لازمی قرار نہیں دیا گیا تھا کہ وہ اس معاہدے میں شامل ہوکر، برعکس امریکہ کے، جس کا مقصد مسلمانوں کے راسخ العقیدہ صالحین کو مٹانا اور اپنے قبضے کو بڑھانا اور اقوام عالم کو غلام بنانا ہے۔

حلف الفضول دراصل ظلم کے خلاف ہونے والا معاہدہ تھا جو ویسے ہی شریعت کے

مقاصد میں بنیادی عنصر ہے اور اسلام کی دعوت ہے۔ معاہد کے شرکاء قبیلہ تیم، زہرہ اور اسد وغیرہا کے خفیہ مقاصد نہیں تھے۔ یہ ایک سادہ سا اور غیر سیاسی معاہدہ بلکہ عہد تھا کہ ظلم کو پوری قوت سے دبادیا جائے۔

ظلم کے سد باب کے لئے کئی شرکائے معاہدہ کا سماجی مرتبہ کارفرما تھا اور اس عہد میں فطرت انسانی کے لئے پوری گنجائش بھی موجود تھی۔ سماجی مرتبہ ان کے علاوہ ان کے پاس کوئی بڑی عسکری قوت نہیں تھی اور نہ ہی انصاف کے تقاضے پورے کرانے کے لئے وہ کسی ظالم کو تیسرے ملک کے سپرد کرنے کے لئے تعاون کررہے تھے۔

امریکہ افغانستان کے مسلم حکمرانوں اور عوام پر حملہ کرچکا ہے اور جن ممالک نے اس سے تعاون کرنے کا یقین دلایا ہے وہ مسلمانوں کو گرفتار کرکے امریکہ کے حوالے کرتے ہیں۔ یہ دونوں صورتیں شریعت میں کفر اور ارتداد کی صورتیں ہیں حلف الفضول سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

حلف الفضول کے ثمرات بارآور تھے اور شرکاء نے اپنے علاقے سے مقدور بھر مظالم رفع کردیئے تھے۔ اس جدید تحالف کی تباہ کاریاں ہر ہوش مند پر عیاں ہیں۔

محض ایک ماہ کی مختصر مدت میں ایک ہزار عام شہری جن میں بچے بوڑھے اور خواتین شامل ہیں امریکہ کی بمباری سے ہلاک ہوچکے (یہ مصنف کی تحریر تک کے اعداد وشمار ہیں بعد میں اس امریکی حملے سے ایک محتاط اندازے کے مطابق ۵۰ ہزار سے زائد افغانی موت کے گھاٹ اتاردیئے گئے) ہزاروں شہری معذور اور مستقل اپاہج ہوچکے ہیں، ہزاروں ٹن بارود کی بمباری سے شہروں کے شہر بستیاں اور ساز وسامان واملاک تباہ ہوچکے ہیں۔ افغانستان میں چند بستیاں صفحہ ہستی سے مٹ چکی ہیں۔ شفاخانے اور خوراک کے ذخائر جو پہلے ہی بہت کم تھے تباہ ہوگئے ہیں، افغانستان کی دوکروڑ آبادی پر اقتصادی پابندیاں لگائی جاچکی ہیں۔ لاکھوں افراد بے گھر ہوچکے

ہیں اور پڑوسی ملکوں میں انہیں ہجرت کرنے کی بھی اجازت نہیں ہے تا کہ وہ اپنے آپ کو موسی اثرات اور دوسری آفات سے محفوظ رکھ سکیں ۔ شک کی بنیاد پر ہزاروں مسلمانوں کو دنیا بھر میں گرفتار کیا جا چکا ہے، مسلمانوں کے علاقوں میں کفر کا اثر ورسوخ بڑھ گیا ہے جیسے روس نے چیچنیا اور بھارت نے کشمیر میں فوجیں داخل کردی ہیں ۔ اسلامی رفاہی اداروں کے خیراتی کاموں پر اس شک کی بناء پر پابندی لگائی گئی ہے کہ وہ دہشت گردوں کی مدد کرتے ہیں، یہ رفاہی ادارے دنیا بھر ٹیں پس ماندہ اور غریب مسلمانوں کے ساتھ مقدور بھر تعاون کرتے ہیں ۔

آیئے شریعت سے دریافت کریں اور یہ مسئلے کا سب سے اہم پہلو ہے:

یقیناً حلف الفضول جیسے کسی معاہدے میں شمولیت جائز ہے کیونکہ انسداد ظلم خود شریعت کا ایک اہم تقاضا ہے ۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''خبردار ظلم کرنے سے باز رہو، آخرت میں ظلم روز محشر کی ظلمات میں ڈھل جائے گا''۔

حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم حرام کرلیا ہے وہ تمہارے درمیان بھی محرم قرار پایا ہے ایک دوسرے پر ظلم مت کیا کرو''۔

اس قسم کے معاہدے میں مسلمانوں کے خلاف کافروں کی حمایت کا کوئی شائبہ تک نہیں پایا جاتا اور نہ ہی اس میں طاغوت سے تعاون صادر ہوتا ہے۔ امریکہ سے تعاون تو تولی کفار میں سے ہے جو کفر وارتداد ہے۔ امریکی قانون یا عدالت سے فیصلہ کرانا تحاکم الی الطاغوت ہے، اس تعاون سے افغانستان کے مسلمانوں پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں اور بے گناہ مسلمان ہلاک ہوگئے ہیں اور لاکھوں بے گھر اور ہزاروں معذور ہوگئے ہیں ، زمین میں ناانصافی اور ظلم سے سرکشی کی جارہی ہے، وسطی ایشیاء تک امریکہ کی رسائی کا سامان کیا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک سے اپنا انتقام لے اور اسلام کو فتح اور نصرت سے ہمکنار کرے، آمین۔

مجبوری (اکراہ)

اہلِ ضلال امریکی تحالف میں شامل ہونے کو شریعت کی اصطلاح ''اکراہ'' کے باب سے درست قرار دینے پر مصر ہیں ۔ یہ اصرار محض ضد اور ہٹ دھرمی ہے یا پھر شریعت کی اس اصلاح ''اکراہ'' سے ناواقفیت ہے۔

کفر کے ارتکاب کے لئے یہ شرط ہے کہ اکراہ قتل کی حد تک پہنچتا ہو یا پھر جسم کے کسی اہم عضو کے تلف ہوجانے کا یقینی خطرہ ہو ۔ مال ومتاع ،سرکاری یا غیر سرکاری عہدہ ، تنخواہ یا ملازمت سے فراغت جیسے مسائل کفر کا کلمہ ادا کرنے یا کفر کا کوئی کرنے کے لئے اصول شریعت میں اکراہ نہیں ہے۔ ''اکراہ'' اصول فقہ کی مستند کتابوں میں پڑھ کر دیکھ لیں ، امریکہ کے ساتھ تحالف دراصل دنیا اور دنیا کے کسی فائدے کے لئے ہے اور انہی موجودہ مناصب کو باقی رکھنے کیلئے ہے۔

شیخ عبداللطیف آل شیخ کتاب ''الدرر'' میں ضرورت کے وقت مشرک سے نصرت (مدد) لینے کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''جس شخص نے ریاست کی وزارت عظمیٰ کو برقرار رکھنے یا خود ریاست کو برقرار رکھنے کو ضرورت شریعہ میں شمار کیا ہے وہ سخت غلطی میں ہے، شریعت میں ''اکراہ'' (ضرورت) ضرورتِ دینی اور دین کو بچانے کے لئے جتن کرنا ''اکراہ'' کے باب سے ہے۔ محض اپنے منصب کو محفوظ کرنے کے لئے مشرک سے نصرت لینا ضرورت دینی نہیں ہے۔

مکرہ علیہ (جس پر اکراہ وارد ہو) کی شروط پر اگر اس میں ضرر نہیں ہے خود وہ ایسے نازیبا کلمات اداء کرکے اپنی جان بچاتا ہے۔ لیکن اگر اس کے الفاظ سے یا فعل سے کسی دوسرے کا قتل ہوجائے تو اس اکراہ کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور اس پر اجماع امت ہے کیونکہ کسی کو اپنی جان بچانے کے لئے کسی دوسرے کی جان سے کھیلنے کا حق نہیں ہے۔ ''احکام القرآن'' میں ابن عربی ﴿ومن یفعل ذلک عدوانا وظلماً﴾ [نساء : ۳] ''اور جو شخص یہ نافرمانیاں سرکشی اور ظلم

کرے گا'' کی تفسیر میں لکھتے ہیں اکراہ کے باب میں یہ آیت اس بات پر واضح دلیل ہے کہ بھول کر یا غلطی سے یا اکراہ کی حالت میں دوسرے کا ضرر قابل معافی نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ''مکرہ علیہ'' اپنے کسی فعل سے دوسرے کی ہلاکت کا سبب بنتا ہے تو اس کا یہ فعل بالا جماع ''عدوان'' (سرکشی) ہے۔ اس لئے ہمارے مذہب میں ''مکرہ علیہ'' اپنے اس فعل کے بدلے میں قتل کیا جائیگا اور اکراہ کا جواز قبول نہیں کیا جائے گا۔

صحیح مسلم کی شرح میں امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''اکراہ میں کسی کو ہلاک نہیں کیا جاسکتا، اگر مکرہ علیہ (جسے مجبور کیا گیا ہے) ایسا کرے تو وہ بالا جماع آثم (گناہگار) ہے۔ القاضی نے اس پر اجماع نقل کیا ہے''۔

کتاب ''جامع العلوم والحکم'' میں ابن رجبؒ فرماتے ہیں: ''اگر کسی بے گناہ کو قتل کرنے پر کسی کو مجبور کیا جائے تو اس کے لئے یہ ہرگز جائز نہیں۔ اگر وہ اقدام قتل کرے گا تو اس کا یہ فعل قتل عمد میں شمار ہوگا۔ آئمہ کی ایک کثیر تعداد نے اس پر اجماع نقل کیا ہے۔

امریکہ اس اکراہ سے مسلمانوں کا قتل عام کرنا چاہتا ہے اور اس صورت میں کسی ایک مسلمان کی ہلاکت کے لئے اکراہ کا بہانہ معتبر نہیں ہے۔ جبکہ امریکہ کا مطلوب مسلمانوں کی کثیر تعداد کو ہلاک کرنا ہے۔ اکراہ کی اس صورت کا اسلامی شریعت میں سرے سے کوئی اعتبار نہیں ہے۔

امام ابن تیمیہؒ کے زمانے میں بھی ایسی صورت پیش آئی تھی۔ جن لوگوں نے مسلمانوں کے خلاف تاتاریوں کی نصرت کی تھی۔ اس پر امام صاحب کا یہی فتویٰ تھا کہ اکراہ میں کسی دوسرے مسلمان کے قتل کا جواز ہرگز نہیں ہے، امام صاحب کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں: ''اگر فتنے میں مکرہ کو قاتلانہ حملوں پر مجبور کیا جائے اور مجبور کرنے والا ایسا گروہ ہو جو شریعت کے برخلاف اقدام کررہا ہو۔ جیسے مانعین زکوٰۃ یا مرتدین اپنے ساتھ کسی کو مجبور کریں کہ وہ ان کے ساتھ مل کر حملہ کرے، تو

جسے مجبور کیا گیا وہ قاتلانہ حملے میں شریک ہوا اور وہ ان کے ساتھ مجبوراً شامل ہوگیا، اس پر فرض ہے کہ وہ قتال میں شریک نہ ہو خواہ اپنے مدمقابل مسلمانوں کے حملے میں وہ خود مارا جائے۔ جیسے اگر کافر کسی مسلمان کو اپنے لشکر میں بزور شامل کرلیں اور اسے مسلمانوں پر حملہ کرنے پر مجبور کریں تو اس کے لئے ہرگز جائز نہیں ہے کہ اپنی مجبوری کو جواز بنا کر اپنی جان بچانے کے لئے ایک بے گناہ کو قتل کردے۔ اس کی دوسری صورت یعنی خود ہلاک ہونا بنسبت دوسرے کو ہلاک کرنے کے درست اقدام ہوگا۔ اور وہ خود قتل سے بچ جائے اور دوسرے کو ظلم اور عدوان سے قتل کردے ہرگز جائز نہیں ہے''۔

حصول انصاف کے لئے کافر سے تعاون

حصول انصاف کے لئے کافر سے تعاون کرنے والے اصحاب کا مقدمہ یہ ہے کہ'' کافروں سے تعاون کی ایسی صورت جو مسلمانوں کے خلاف ہو وہ بلاشبہ کفر ہے۔ لیکن اگر کسی کافر پر مسلمان نے کوئی ظلم کیا ہو تو کافر کو انصاف دلانے کے لئے اس کا ساتھ دینا۲ نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو'' اس دلیل کا بطلان:

(الف) کافروں سے تعاون کی یہ دو مستقل قسمیں خود ساختہ ہیں۔ سلف صالحین اور آئمہ مجتہدین میں سے کسی نے ایسی تقسیم نہیں کی ہے۔

(ب) مفتی صاحب سے جب کسی مسئلہ میں فتویٰ پوچھا جاتا ہے تو اس سے علمی مفصل بحث مطلوب نہیں ہوتی، بلکہ اس مسئلے میں شریعت کی نصوص سے دوٹوک اور سادہ جواب درکار ہوتا ہے۔ اپنے موقف کے لئے علمی مسائل سے الجھاؤ پیدا کرکے حیران کئے گئے عوام الناس کو دوٹوک جواب کی ضرورت ہوتی ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ مسلمانوں کے خلاف موجودہ امریکی اتحاد میں شریک ہونے والے کا قرآن وحدیث کی روشنی میں کیا حکم ہے؟ سائل کا سوال یہ ہے نہیں ہے کہ کیا کافر کو انصاف دلانے میں کوئی مدد کی جاسکتی ہے؟ خوامخواہ زمین پر ایک درپیش

واقعہ کو فلسفے کا روپ دے کر اپنا موقف ثابت کرنا تلبیس ابلیس ہے۔

اگر زمین پر پیش آنے والے ہر فعل کی اس طرح تقسیم کی جائے تو پھر اگر کوئی یہ سوال کرے کہ غیر اللہ کے لئے ذبیحہ کا کیا حکم ہے؟ اور اس کا جواب یوں دیا جائے۔

اس قسم کے ذبیحہ کی دو صورتیں ہیں:

(الف) اگر اس ذبیحہ سے غیر اللہ کی عبادت مقصود ہو تو یہ ذبیحہ کفر ہے۔

(ب) اگر اس قسم کے ذبیحہ سے غیر اللہ کی عبادت مقصود نہ ہو تو وہ مباح ہے۔

یہ فرضی تقسیم ہر کفریہ عبادت میں الجھاؤ پیدا کر سکتی ہے اور سنئے اگر کوئی شخص کسی بت کو سجدہ کرے اور قبروں سے فیض حاصل کرے اور اس طرح کے علمی اور قولی نواقض اسلام کا مرتکب ہو تو اوپر والی تقسیم سے کفر صریح و نواقض اسلام ہی سے مباح اور کفر کی دونوں صورتیں تلبیسی مہارت سے پیدا کی جا سکتی ہیں۔

غیر اللہ کے لئے قربانی، بت کو سجدہ اور مسلمانوں کے خلاف کفار سے تعاون بذات خود کفر ہیں۔

سورہ مائدہ کی آیت میں اللہ تعالیٰ نے اسے اختراعی تقسیم کے ذریعے کوئی الجھاؤ پیدا کئے بغیر صاف لفظوں میں فرمایا کہ مسلمانوں کے خلاف یہود و نصاریٰ کا ساتھ دینا بذات خود ان کے دین اور ملت میں شامل ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔ اس فعل سے وہ کفر کرنا چاہتے ہیں یا نہیں، زیر بحث نہیں ہے بلکہ کلام اللہ کی رو سے وہ یہ نہیں کہتے کہ ہم یہ کام کافر ہونے کے لئے کرتے ہیں بلکہ "نخشی ان تصیبنا دائرۃ" ہمیں خطرہ ہے کہ ہم (قوم) مصائب کا شکار نہ ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی اس تاویل کو نظر انداز کرتے ہوئے ان کے تعاون کو دلیل بنا کر ان کا حکم یہ لگایا ہے کہ وہ ان کے دین اور ملت میں شمار ہوں گے۔ تلبیس پیدا کرنے کی یہ دونوں قسمیں باطل ہیں۔ کیونکہ مرجئہ کا باطل فرقہ بھی فعل کو اعتقاد سے جوڑتا ہے۔ حالانکہ کسی شخص کے

دل میں محض کافر کے دین میں اس کے کفر ہونے کی وجہ سے رغبت پیدا ہونا خود کفر ہے۔ خواہ وہ بالفعل اس دین میں جانے کا اظہار کرے یا نہ کرے، اس دین کی عبادات میں حصہ لے یا نہ لے۔ مرجئہ کا یہی طریقہ ہے کہ وہ کسی کفریہ فعل کے مرتکب کو اس وقت تک کافر نہیں کہتے جب تک اس کا عقیدہ اور دلی ارادہ کفر کرنے کا نہ ہو۔

آیت کی رو سے تولّی خود کافر ہونے کی دلیل ہے۔ قطع نظر اس بات سے کہ اس کا اعتقاد اور دل میں کیا ہے، جب تولّی کی صفت پائی جائے کفر کی صفت بھی موجود ہوگی۔ ہاں اس تولّی کی وجہ ان کا اللہ کے ساتھ کفر بھی ہوا اور وہ ان کے کفر کی وجہ سے تولّی کرتا ہو تو اب اس کفر کی نوعیت محض تولّی سے بڑھ کر شدید تر ہو گئی ہے۔ اب ایسے کفر کا سبب کفار سے ان کے کفر کی وجہ سے محبت کرنا ہے، اور کافروں سے تعاون اس قلبی محبت کا تقاضا ہوا۔ اس طرح یہ کفر کی بدترین شکل بن گئی۔

تاریخ میں اب تک ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا جس میں کسی اسلام لیوا شخص نے کفار کی نصرت ان کے کفر کی وجہ سے کی ہو۔ گزشتہ زمانے میں بھی اس نصرت اور تعاون کی وہی وجوہات تھیں جو اب ہیں۔ یعنی ان کی طاقت سے خائف ہونا یا اپنے ریاستی منصب کو برقرار رکھنے کے لئے تعاون کرنا یا مال و دولت (امداد) کا حصول یا اس طرح کی کوئی دنیاوی غرض و غایت۔ گزشتہ زمانے میں علمائے کرام اور مفتیان عظام نے اسی تعاون اور نصرت کو کفر کہا تھا جن کے حوالے ہم گزشتہ صفحات میں بیان کر آئے ہیں۔ غزوۂ بدر میں مکہ میں جو لوگ اسلام لا چکے تھے وہ "بالاکراہ" مشرکین مکہ کے ساتھ نکلے تھے۔

نبی علیہ السلام کے ساتھ جو مٹھی بھر سپاہ کو بلا امتیاز تمام شریک لشکر افراد کو قتل کرنے کی اجازت تھی۔ اگر ان مجبور مسلمانوں کا حکم (بظاہر) باقی مشرکین سے الگ تھا تو ان کے لئے آپ ﷺ نے خاص ہدایت کیوں نہیں دی تھی؟ اور کس طرح ایک مسلمان کے لئے دوسرے مسلمان کا

قتل آپ ﷺ کی قیادت میں جائز اور درست تھا؟ جب تک ان شرکاء کا بھی وہی حکم نہ ہو جو باقی مشرکین مکہ کا تھا۔

البتہ آخرت میں ان مقتولین کا شمار کس گروہ میں ہوگا اس میں علمائے اسلام کا قدیم سے اختلاف موجود ہے، جیسا کہ پچھلے صفحات میں بیان ہوا ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے تاتاریوں کے ساتھ شریک ہو کر لڑنے والے اسلام کے دعوے داروں کے متعلق جو فتویٰ صادر فرمایا تھا اسے ہم نے گزشتہ صفحات میں نقل کر آئے ہیں ۔شیخ الاسلام نے ان کے کفر اور ارتداد کا فتویٰ دیا تھا خواہ وہ اکراہ کا دعویٰ بھی کرے۔

اہل علم نے کفار سے نصرت اور تعاون کرنے والے کو کافر کہا ہے اور کسی نے یہ شرط نہیں لگائی کہ اس کے کافر ہونے کے لئے یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ اس نصرت وتعاون کی وجہ ان کا کافر ہونا ہے۔ البتہ اس بات کی وجاہت مل جاتی ہے کہ خواہ ایسا شخص دل میں مشرکین سے شدید نفرت رکھتا ہو اور مسلمانوں سے شدید محبت رکھتا ہو پھر بھی وہ انہی میں شمار کیا جائے گا۔

کتاب ''الدرر'' میں محمد بن عبدالوہابؒ کا یہ قول درج ہے ''ایسے نیکوکار مسلمان کے کافر ہونے کی دلیلیں بے شمار ہیں جو اللہ کے ساتھ شرک کرے یا اللہ کے ساتھ شرک تو نہ کرے مگر موحدین کے مقابلہ میں مشرکین کا ساتھ دے۔ یہ دلیلیں کلام اللہ، احادیث رسول اللہ اور اہل علم کے اقوال میں بکثرت موجود ہیں''۔

شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: ''ممکن ہے ایک شخص شرک کرنے کو ناپسند کرتا ہو اور توحید کو پسند کرتا ہو لیکن اس کا جرم یہ ہوتا ہے وہ شرک کرنے والوں سے برأت نہیں کرتا اور توحید پر چلنے والوں سے موالات اور تعاون ترک کر دیتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے۔ اس کا شمار مشرکین میں ہوتا ہے اس کا ایمان اللہ کے ہاں قابل قبول نہیں ہوتا، نہ وہ اللہ کے لئے محبت رکھتا ہے اور نہ اللہ کے لئے بغض رکھتا ہے۔ جس اللہ نے اسے پیدا کیا اور

اسے ٹھیک بنایا تو اس کا یہ احسان اس کے نزدیک اس درجے کا نہیں ہے کہ وہ اس کے خالق سے دشمنی رکھنے والوں سے دشمنی رکھے اور اس سے محبت کرنے والوں سے محبت کرے؟''۔

یقیناً لا الہ الا اللہ کی شہادت میں عقیدہ ولاء اور براء داخل ہے۔

شیخ حمد بن عتیقؒ فرماتے ہیں ''مشرکین کی پشت پناہی کرنا اور انہیں مسلمانوں کے رازوں سے آگاہ کرنا، اسی طرح مشرکین کی حمایت کرنا، خواہ زبان سے ہی ہو، یا جو طرز زندگی وہ گزار رہے ہوں ان پر راضی ہونا۔ ان تمام افعال کا ارتکاب کرنے والا کافر اور مرتد ہو جاتا ہے، سوائے اکراہ کی بعض حالتوں کے، خواہ وہ مسلمانوں سے محبت رکھتا ہو اور کفار سے نفرت ہو''۔

دعویٰ: انصاف اور حصول عدل کے لئے کافر کا ساتھ دینا جائز ہے

''کافر کا انصاف اور عدل کے حصول کے لئے ساتھ دینا جائز بلکہ واجب ہے'' اس دعوے کی کیا حقیقت ہے؟ اگلی سطور میں ہم اس دعوے پر بحث کریں گے:

(الف) کسی مسلمان کا ذمی یا جن کافروں سے اس قسم کا معاہدہ ہوا ہو تو (انہیں) انصاف میسر کرنا اور ظلم سے نجات دلانا شریعت اسلامی میں بالکل جائز اور مباح ہے۔ مگر اس قسم کے تعاون کو کسی اہل علم نے ''مظاہرہ'' (کافروں کی پشت پناہی کرنا) نہیں کہا ہے اور نہ اسے نصرت کے لفظ سے موسوم کیا ہے۔ اس قسم کی مشروع اور مباح بھلائی کو ایک سیاسی (ملکی یا قومی) سطح کی پشت پناہی پر چسپاں کرنے والا اجہل الجاہلین ہی ہو سکتا ہے۔

(ب) ذمی یا معاہد کافر کو ظلم سے بچانے یا عدل وانصاف سے پیش آنے کا کام خود مسلمانوں کی جمعیت کرے گی۔ انہیں یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنے جیسے کفار سے یہ چاہیں کہ وہ مسلمانوں کی جمعیت یا اسلامی ریاست سے انہیں انصاف دلانے کے لئے مدد کریں۔ دوسرے سے ایسی مدد مانگنا تو دور کی بات ہے وہ خود بھی اپنے لئے انصاف عدالت یا پنچائیت کے ذریعے ہی طلب کرے گا۔ خود اپنا فیصلہ آپ نہیں کرے گا۔ اگر ذمی یا معاہد میں اتنی ہی طاقت ہو تو پھر یقیناً ذلت اور صغار، جو ان کے لئے

ضروری ہے، میں نہیں ہوں گے اور مسلمانوں سے بدلہ لینے کے لئے ان کے پاس طاقت ہوگی، اور یہ صورت ذمی اور معاہد کی ہوتی ہی نہیں ہے۔ یہ صورت بغاوت اور جنگ کی ہوتی ہے۔

(ج) ہم مدعی سے پوچھتے ہیں کہ ''حصول انصاف'' سے تمہاری کیا مراد ہے؟ اگر وہ کہے کہ شریعت کے تقاضے پورے کرنا، تو اس کا جواب اوپر دیا جا چکا ہے۔ لیکن حصول انصاف سے وہ اسلامی شریعت کے قوانین مراد نہیں لیتے، بلکہ صلیبی حملہ آور جسے انصاف اور عدل کہے وہی ان کی مراد ہوتی ہے۔ وہ برملا کہتے ہیں کہ جن مسلمانوں پر اس حملے کا الزام ہے اس کی تحقیق امریکہ میں کی جائے گی، اسلامی شریعت میں یہ قانون کس جگہ موجود ہیں؟

اگر مذکورہ بالا وضاحت کے باوجود وہ اسی کو انصاف اور عدل کہنے پر مصر ہوں تو یہ کفر اور ارتداد ہے۔ کیونکہ وہ طاغوت سے فیصلہ کرانا چاہتے ہیں، امریکہ کے قوانین کو مبنی برحق کہنا (اگرچہ فروعات میں ان کے قوانین میں بھی انصاف ہوگا) اور اسے طاغوت نہ کہنا کفر ہے۔ نواب صدیق حسن خان لکھتے ہیں: ''انگریزوں کے متعلق یہ کہنا کہ وہ صاحبان عدل وانصاف ہیں، اگر اس سے مراد یہ ہو کہ ان کے کفریہ قوانین برحق ہیں تو یہ واضح ترین کفر بواح ہے، غیر اللہ کے قوانین کو کلام اللہ میں عموماً، عناداً، طغیاناً، افکاً، مبیناً، خسراناً مبیناً اور بہتان کی اصطلاحوں سے موسوم کیا ہے۔ مبنی برحق وانصاف صرف اللہ کی شریعت ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے: ﴿ان اللہ یأمر بالعدل والاحسان﴾ ''بے شک اللہ انصاف اور احسان کا حکم دیتا ہے'' اگر اہل نصاریٰ کے قوانین، برحق ہیں تو پھر آسمان سے نازل ہونا چاہئے تھا۔'' یہ الفاظ نواب صدیق الحسن کے ہیں۔

اب امریکہ کے عدل وانصاف کی مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

عراق پر اقتصادی پابندی کی وجہ سے دس لاکھ بچے ہلاک ہو چکے ہیں۔ امریکی اسلحے اور مالی امداد سے فلسطین میں ہزاروں مسلمان مارے جا چکے ہیں۔

افغانستان پر حملے سے پہلے امریکی پابندیوں کی وجہ سے پندرہ ہزار بچے ہلاک ہو چکے تھے۔

صومال پر امریکہ کے حملوں سے ہزاروں مسلمان مارے گئے تھے امریکہ کے عدل وانصاف کا مختصر خاکہ ہم پہلے باب میں پیش کر چکے ہیں اس کا اعادہ کریں۔

دعویٰ: طالبان اور جو اُن کے پاس مقیم ہیں ظالم ہیں

القاعدہ امریکہ میں دھماکہ کرنے کا ذمہ دار ہے اور حکومت طالبان اس کی حفاظت کر رہی ہے اس لئے اس ظلم کو دور کرنے میں ساتھ دینا دراصل ظلم کو ختم کرنے میں تعاون ہے!

یہ دعویٰ کسی بھی اصول پر قائم نہیں ہے، اس دعوے کی قانونی حیثیت اسلامی قوانین میں ہے نہ امریکی قوانین میں، جہاں تک اسلامی شریعت کا تعلق ہے تو اس کے متعلق قرآن یہ واضح حکم دیتا ہے:

﴿یا أیها الذین آمنوا ان جاء کم فاسق م بنبإ فتبینوا أن تصیبوا قوماً بجهالةٍ فتصبحوا علی ما فعلتم نادمین﴾ [حجرات : ۶].

''اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو اگر تمہیں کوئی فاسق خبر دے تو تم اس کی اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ نادانی میں کسی قوم کو ایذاء پہنچا دو پھر اپنے کئے پر پشیمانی اٹھاؤ''

محولہ بالا حکم اس صورت میں، جب کہ دعویٰ کرنے والا فاسق ہو، ہم جس مسئلے پر بحث کر رہے ہیں اس صورت میں فیصلہ کرنے سے پہلے انتہائی درجے کی احتیاط واجب ہے۔ جہاں تک امریکی طاغوتی قوانین کا تعلق ہے تو اس میں یہ قاعدہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ہر ملزم بے گناہ ہے جب تک اس کا جرم ثابت نہیں ہو جاتا، ہر خاص وعام جانتا ہے کہ امریکہ نے ابھی تک اپنے الزامات کو ثابت نہیں کیا ہے۔

اگر ان احادثات میں مسلمانوں کے ہاتھ کو ملوث ہی سمجھا جائے تو اس فرضی صورت میں فریقین کے مذہب میں فرق ہونے کی وجہ سے مسئلہ پیچیدہ ہو جاتا ہے۔ جو فعل امریکی قانون میں جرم ہو کیا یہ ضروری ہے کہ وہ اسلامی شریعت میں بھی جرم ہونا چاہئے؟ مسلمان، جرم اور عدم جرم کا فیصلہ قرآن وحدیث سے کرتے ہیں۔ جسے ہم جہاد کہتے ہیں وہ اسے دہشت گردی کہتے ہیں، ہم حدود اللہ کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی شریعت اور بندوں پر احسان سمجھتے ہیں وہ ان قوانین کو انسان کی توہین اور ظلم و بربریت سے تعبیر کرتے ہیں۔ عورتوں کے لئے حجاب کو باعث حقارت سمجھتے ہیں، زناکاری اور شراب نوشی پر پابندی کو انسانی آزادی میں دخل دینا سمجھتے ہیں اور اسی طرح دیگر قوانین کا موازنہ کیا جا سکتا ہے۔

اس صورت میں گیارہ ستمبر کے حادثے کو قرآن وحدیث اور آئمہ کرام کے اقوال پر پیش

کرنا فرض ہے، بین الاقوامی طاغوتی قانون پر پیش کرنا ہرگز جائز نہیں۔

بالفرض یہ کاروائی مسلمان نے کی ہے، کافروں اور مسلمانوں کے درمیان جو معاہدے طے پا جاتے ہیں ان کی پابندی کی شروط اور انہیں کالعدم قرار دینے کے اسباب ہماری شریعت میں پوری طرح موجود ہیں۔ اسی طرح جس سے معاہدہ کیا جائے اسے بھی معاہدہ کو فسخ یا کالعدم قرار دینے کا پورا حق ہوتا ہے۔ القاعدہ نے امریکہ کو پہلے ہی خبردار کر دیا تھا، بلکہ امریکہ نے کروز میزائلوں سے القاعدہ کے ٹھکانوں پر حملہ اس کارروائی سے پہلے کیا تھا، فریقین اپنی عداوت کا اظہار کر چکے تھے، دونوں کے درمیان کوئی قانونی معاہدہ نہیں ہوا تھا۔

ابوبصیر اور ابوجندل رضی اللہ عنہما کے قاتلانہ حملوں کی شرعی توثیق ہم گزشتہ میں بیان کر آئے ہیں۔ بلاشبہ نبی علیہ السلام نے مدینے کی ریاست کے حکمران کی حیثیت سے صلح کا معاہدہ ضرور کیا تھا لیکن ان صحابہ کرامؓ کے حملے یا ان سے تحفظ فراہم کرنے کی ذمہ داری آپ ﷺ پر عائد نہیں ہوتی تھی۔

فرض کریں یہ کاروائی انہی مسلمانوں نے کی ہو اور ہماری شریعت کے لحاظ سے اس کا غلط ہونا بھی تسلیم کر لیا جائے۔ تو ایسی صورت میں وہ شریعت اسلامی کی رو سے مجرم اور ظالم ہوئے اس کا حکم بھی ہم اپنی شریعت سے دریافت کریں گے اور یہی ہم پر فرض ہے۔ طواغیت سے ہرگز فیصلہ نہیں کرایا جا سکتا۔

''طالبان اور جو وہاں مقیم ہیں ظالم ہیں''...... ہم یہ فرض کر لیتے ہیں۔ لیکن کیا امریکہ ان سے بڑھ کر ظالم نہیں ہے! بلاشبہ امریکہ سب سے بڑا ظالم، دہشت گرد اور گندہ ترین ملک ہے اور برسوں سے دنیا میں ظلم کر رہا ہے جس کا مختصر خاکہ ہم پہلے باب میں بیان کر چکے ہیں۔

منہاج السنة میں شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں ''اہل کتاب کا مسلمانوں سے موازنہ کرنے میں ہمیشہ تم اس نتیجے پر پہنچو گے کہ مسلمانوں میں جو برائی ہوگی وہ اہل کتاب میں ان سے کہیں بدترین شکل میں موجود ہوگی اور اہل کتاب میں جو بھلائی ہوگی وہ مسلمانوں میں اس سے کہیں زیادہ اور وسیع تر ہوگی۔ قرآن مجید میں جہاں کہیں کتاب یا مشرکین کے صحیح مقدمے کا ذکر کرتا ہے، اگر اس کا

مقصد مسلمانوں کی تنقیص ہو تو قرآن ان کے جرائم بھی تو وہاں گنواتا ہے اور (اہل کتاب کو) جتلاتا ہے کہ تمہارا اپنا ظلم بڑھ کر اور شدید تر ہے''۔

سورہ بقرہ آیت ۲۱۷ میں اس مناظرے کی جھلک دیکھی جا سکتی ہے:

﴿يسئلونك عن الشهر الحرام قتال فيه، قل قتال فيه كبير، وصد عن سبيل الله وكفر به والمسجد الحرام واخراج أهله منه أكبر عند الله والفتنة أكبر من القتال﴾.

لوگ پوچھتے ہیں ماہ حرام میں لڑنا کیسا ہے؟ کہو اس میں لڑنا بہت برا ہے مگر اللہ کی راہ سے لوگوں کو روکنا اور اللہ سے کفر کرنا اور مسجد حرام (یعنی خانہ کعبہ) کا راستہ اللہ والوں پر بند کرنا اور حرم کے رہنے والوں کو وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ برا ہے اور فتنہ پردازی خونریزی سے بھی شدید تر ہے''۔

اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ مسلمانوں کے ایک دستے نے ابن الحضرمی کو ماہ رجب کی آخری تاریخ میں قتل کر دیا تھا جسے بنیاد بنا کر مشرکین نے مسلمانوں پر حرمت والے مہینے کی پاس داری نہ کرنے کا الزام لگایا تھا۔

مسلمان خواہ ظالم ہو اس کی موالات اور حقوق مسلّم رہتے ہیں، جس حد تک اس میں اسلام باقی ہوتا ہے اس کے خلاف کافر سے تعاون کسی صورت میں جائز نہیں ہوتا۔

امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''مومن اللہ کے لئے محبت رکھتا ہو اور اللہ کے لئے عداوت، یہاں تک کہ اگر مومن کسی ظلم کا مرتکب ہو تو اس کی موالات کا حکم باقی رہتا ہو'' اس کے بعد امام ابن تیمیہؒ سورہ حجرات کی آیات ۹ تا ۱۰ بطور دلیل پیش کرتے ہیں:

﴿وان طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما، فان بغت احداهما على الأخرى فقاتلوا التي تبغي حتى تفيء الى أمر الله، فان فاءت فأصلحوا بينهما بالعدل وأقسطوا، ان الله يحب المقسطين انما المؤمنون اخوة فأصلحوا بين أخويكم، واتقوا الله لعلكم ترحمون﴾.

''اور اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں میل ملاپ کرادیا کرو، پھر اگر ان دونوں میں سے ایک جماعت دوسری جماعت پر زیادتی کرے تو سب اس گروہ سے جو زیادتی کرتا ہے لڑو، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے، تو پھر انصاف کے ساتھ صلح کرادو اور عدل کرو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے، مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں پس اپنے دونوں بھائیوں میں ملاپ کرادیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے''۔

نیز فرماتے ہیں کہ اخوت کا وصف باہمی قتل وغارت کے باوجود قرآن دونوں گروہوں پر باقی رکھتا ہے اور ان کے درمیان صلح کرانے کی تاکید کرتا ہے۔

دعویٰ ''طالبان'' مشرکوں کی حکومت ہے

طالبان پر ایک الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ وہ قبر پرستی کرتے ہیں اور قبروں سے فیض لینے کا عقیدہ رکھنے والے اس حکومت میں کلیدی عہدوں پر فائز ہیں۔ بنابریں کافر کی مدد کسی کافر کے خلاف کی جاسکتی ہے۔ ان مدعیان کے ایک غالی گروہ نے یہاں تک کہا ہے کہ اہل کتاب مشرکوں سے بہتر ہیں اور ان دو کے مقابلے میں کتابی کی مدد اولیٰ ہے ﴿سبحانک ھذا بھتان عظیم﴾

(الف) اس الزام کو ثابت کرنا مدعیان کے سر ہے کیونکہ مدعی کا فرض ہے کہ وہ اپنے دعوے کو ثابت کرے۔ افغانستان میں شرک اکبر پایا جاتا ہے اسے ثابت کریں اور طالبان قیادت اسے برقرار رکھنے پر مصر ہے، دونوں دعوے ثابت کرنا مدعیان کے ذمے ہے۔ اگر وہ دونوں دعوے ثابت نہیں کرسکتے تو وہ جھوٹے ہیں۔

(ب) افغانستان دنیا سے کوئی کٹا ہوا ملک نہیں ہے گزشتہ برسوں میں دنیا بھر کے مسلمانوں نے افغانستان میں کچھ وقت گزارا ہے اور بعض افراد نے مستقل سکونت بھی اختیار کی ہے ان غیر ملکی وفود میں طالب علم بھی تھے اور علماء بھی اور سب نے گواہی دی ہے کہ طالبان قیادت ہر قسم کے شرک سے برأت کرتی ہے اور اس میں شرک نہیں ہے۔ بلکہ اس کی مذمت بھی کرتی ہے۔ یہ درست ہے کہ وہاں بدعات پائی جاتی ہیں لیکن بدعات کا وجود شرک اکبر کے لئے مستلزم نہیں ہے۔ کسی قبر پر پختہ عمارت کا ہونا

اگر چہ بدعت ہے اور اس پختہ عمارت کا طواف کرنا اور وہاں غیر اللہ کے لئے ذبح کرنا اور نذر ماننا جو شرک اکبر ہے دونوں میں فرق ہے۔ قبروں پر پختہ عمارتیں وہاں ضرور پائی جاتی ہیں لیکن یہ بدعت ہے شرک اکبر نہیں۔ اسی طرح اصحاب قبر کے وسیلے سے دعا مانگنا شرک اکبر ہے اور اولیاء کی قبور پر جا کر اس نیت سے اللہ سے دعا کرنا کہ وہ قبول ہوگی بدعت ہے۔ اسی طرح صالحین کے متروکات سے تبرک حاصل کرنا بدعت ہے جبکہ عبادت کے کسی انداز کو وہاں بجالانا شرک اکبر ہے، افغانستان میں ایسے کم علم لوگوں میں توحید کی دعوت عام کرنے کا کام طالبان دور میں جاری تھا۔

(ج) طالبان نے شرک کے بعض استھانے (مراکز) منہدم کئے ہیں اور اسی طرح شرک اکبر کو ممنوع قرار دیا ہے جیسا کہ ہم گزشتہ صفحات میں بیان کرچکے ہیں۔

(د) عوام کے کچھ طبقات کے شرک کو دیکھ کر پوری حکومت اور ملک کے تمام باشندوں پر اس شرک کا اطلاق کرنا غیر منصفانہ فعل ہے۔ اگر کسی ملک میں شرک کے وجود سے تمام باشندوں کو مشرک قرار دیا جانے لگے تو پھر دنیا میں کہیں یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہاں لوگ شرک نہیں کرتے۔ جزیرہ عرب میں روافض اور اسماعیلی فرقے شرک کرتے ہیں، اسی طرح مکہ میں قبر پرست صوفیاء بھی پائے جاتے ہیں۔ ان کے شرکیہ کاموں کو دیکھ کر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ جزیرہ عرب میں سب مشرک ہیں۔ اسی طرح افغانستان کے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہاں سب مشرک ہیں۔

(س) بلاشبہ طالبان کا دور اُن کے پیشرو حکمرانوں سے بہت بہتر تھا اور بہتر کی طرف بڑھ رہا تھا۔ دنیا بھر کے علماء نے طالبان حکومت سے پہلے افغانستان کی جو قیادت تھی اس کے تحت روس کے خلاف لڑنے کو جہاد اسلامی کہا تھا۔ اگر طالبان سے پہلے کی قیادت کے ساتھ لڑنا جہاد تھا تو بالاتفاق طالبان قیادت ان سے بہتر تھی۔ لہٰذا ان کا ساتھ دینا بالاولیٰ درست تھا۔ مفتی الدیار شیخ عبدالعزیز بن باز نے متعدد بار افغانستان کی معزول قیادت کے ساتھ لڑنے کو جہاد کہا تھا، اس بابت ان کے فتوے میں کہا گیا تھا ''بلاشک افغانستان میں کیا جانے والا جہاد جہادِ اسلام ہے جس کی حوصلہ افزائی اور تعاون کرنا تمام مسلمانوں پر واجب ہے کیونکہ وہ دنیا کے خبیث ترین حملہ آور کے خلاف جہاد کررہے ہیں، اگر چہ غنیم

جدید ترین اسلحے سے لیس اور دنیا کی دوسری بڑی طاقت سمجھا جاتا ہے لیکن اللہ کی مدد اور نصرت ہمارے بھائیوں کے ہم رکاب ہے، لہٰذا تمام اہلِ اسلام پر ان کی مدد کرنا واجب ہے، اپنے مال سے اپنی جان سے اور اپنے سماجی مرتبے سے اور جو اس قسم کے تعاون میں حصہ ڈالے گا وہ اپنے واجب کو ادا کرے گا''۔

شیخ ناصر بن حمد نے مفتی دیار عبدالعزیز بن باز کے ایک اور فتوے کا بھی حوالہ دیا ہے جس کو اختصار کے پیش نظر ترجمہ نہیں کیا گیا ہے۔

جب حملہ آور روس تھا تو افغانستان کا جہاد جہادِ اسلام تھا، آج حملہ آور امریکہ ہے تو اس کے جہاد نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟ حق تو یہ ہے کہ آج کا جہاد گزشتہ جہاد سے بھی افضل اور مقدس ہو ۔پہلی وجہ طالبان نے شریعت کا نفاذ پہلے کی نسبت بہت زیادہ (اصل بنیاد پر) کیا تھا۔افغانستان آج ایک قیادت کے تحت جہاد کر رہا ہے جبکہ پہلے یہ قیادت کثیر تھی اور آپس میں (لالچ اقتدار کی وجہ سے) اختلاف بھی رکھتی تھی، پہلے روس نے تنہا حملہ کیا تھا آج امریکہ اور اتحادی ممالک نے مشترکہ حملہ کیا ہے۔

(ش) ہم مدعیان سے پوچھتے ہیں کہ روس کے خلاف افغانستان نے جو جہاد کیا تھا اس کا تمہارے نزدیک کیا حل ہے؟ اگر ان کا جواب یہ ہو کہ وہ اسلامی جہاد تھا، تو ہم پوچھنا چاہیں گے کہ اب جبکہ بالاتفاق طالبان قیادت معزول قیادت سے بہتر ہے اس کے ساتھ مل کر لڑنا جہاد کیوں نہیں؟ کیا گزشتہ قیادت کے دور میں وہاں قبر پرست نہیں تھے؟ کیا خانقاہیں، مقبرے اور اولیاء کی قبور طالبان نے تعمیر کرائی ہیں؟ اس وقت یہ شرک کے مظاہر آپ کو کیسے گوارا ہو گئے تھے؟ جب سب مشائخ اور سرکاری وغیر سرکاری مفتیان اسے جہاد کہتے تھے اور ان کی نصرت ان سے تعاون کرنا واجب قرار دیتے تھے اور اس کی ترغیب دیا کرتے تھے اور سعودی عرب کی پروازوں پر سفر کرنے والے مجاہدین کی ٹکٹوں پر ۷۵ فیصد رعایت دی جاتی تھی اور یہ رعایت کئی سالوں تک برابر ملتی رہی تھی۔ جب سے امریکہ دشمن ہوا ہے، افغانستان میں پائے جانے والے شرکیہ مظاہر آپ کو بہت واضح دکھائی دینے لگے ہیں۔

(ص) لیجیے ہم تسلیم کرتے ہیں کہ افغانستان مشرکوں کا ملک ہے! کیا اس وسیع وعریض ملک

میں ایک بھی موحد نہیں ہے بلاشبہ کوئی یہ دعویٰ نہیں کرتا، بلکہ وہاں موحدین کی کثیر تعداد موجود ہے، اگر افغانستان میں صرف ایک موحد ہوتا تو اس کے خلاف امریکہ کی حمایت اور نصرت کفر اور ارتداد ہوتی وہاں موحدین کی کثیر تعداد تو آپ بھی تسلیم کرتے ہیں۔

(ظ) ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ افغانستان میں مذکورہ بالا بدعات اور منکرات نہیں پائی جاتیں، بدعات اور منکرات تسلیم کرنے کے بعد ہم اس کا شرعی حکم جاننا ضروری سمجھتے ہیں۔آٹھویں صدی ہجری میں اسلام کی تاریخ میں طوائف الملوکی کا دور ہے، اسی دور میں مصر اور شام کے علاقوں میں اولیاء کی قبروں کی تعظیم کی جاتی تھی اور اسی دور میں نبی علیہ السلام کے مدفن پر بلند و بالا گنبد تعمیر کیا گیا تھا۔ اس دور میں اہل سنت والجماعت سے خارج فرقے جہمیہ، وحدت الوجود اور صوفیاء کے عقائد رائج ہوئے تھے، لیکن اس کے باوجود اسلامی شریعت ہی قانوناً نافذ تھی ۔ جب مسلمانوں کی ان حکومتوں میں تاتاریوں نے حملہ کیا تو شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ اور دوسرے جلیل القدر آئمہ نے نہ صرف اسے جہاد کہا تھا بلکہ تاتاریوں کے ساتھ تعاون کرنے والوں پر کفر وارتداد کا فتویٰ لگایا تھا۔حالانکہ مذکورہ بالا فرقوں کے عمائدین نے متعدد بار آپ کو قید و بند میں ڈالا اور تشدد کیا تھا۔

(ض) آپ کے نزدیک افغانستان مشرکوں کا ملک سہی اللہ انہیں شرک سے محفوظ و مامون رکھے۔امریکہ نے اب تک جن ممالک پر حملہ کرنے کا عندیہ دیا ہے وہ لبنان، مصر، الجزائر، لیبیا، صومال، یمن اور ازبکستان اور چند دوسرے ممالک ہیں کیا ان تمام ممالک میں بھی مشرک رہتے ہیں؟ نعوذ باللہ من ذلک۔

اگر تمہاری ضد ان ممالک پر بھی وہی حکم لگاتی ہے جو افغانستان پر تم نے لگایا ہے تو پھر بھی تمہارا دعویٰ غلط ہے، امریکہ ان پر اس لئے حملہ آور نہیں ہوا ہے کہ وہ شرک کرتے ہیں بلکہ وہ اس لئے حملہ کرنے والا ہے کہ (کلمہ گو) مسلمان ہیں اور اس کا حملہ شرک کے خلاف نہیں اسلام کے خلاف ہے۔

(ح) امریکہ متعدد بار صراحت کر چکا ہے کہ اس کا اصل ہدف دعوت وہابیہ ہے کیونکہ یہی خالص توحید کی دعوت ہے اور بنیاد پرستی ابھارتی ہے، اخبار سنڈے ٹائم ستمبر ۲۰۰۱ء کی اشاعت میں

اسٹفن سکوارٹ لکھتا ہے کہ سارے مسئلے کی جڑ سعودی عرب سے اٹھنے والی وہابی دعوت ہے۔ وہ مزید لکھتا ہے کہ اس بات کا کھوج لگانا چاہئے کہ ان میں سے آخر ایسے درندہ صفت افراد کیونکر پیدا ہوئے؟ دنیا کے دوسرے بڑے مذہب (یہودیت) کے خلاف دلوں میں نفرت کون پیدا کر رہا ہے؟ یقیناً سب کا ایک ہی جواب ہوگا، وہابیت، وہابیت خود اسلام میں ایک اچھوتا تصور ہے، یہ دعوت کسی صلیبی حملے کے نتیجے میں کھڑی نہیں ہوئی تھی بلکہ پچھلی دوصدیوں میں نجد سے اٹھی تھی۔ یہ پرتشدد، بے رحم، شدید تعصب پر مبنی دعوت ہے تمام خلیجی ممالک کا سرکاری مذہب ہے اور اسلام کی تمام بنیاد پرستانہ تحریکوں میں یہی وہابیت سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ وہابیت یورپ میں پروٹسٹنٹ تحریک سے بھی زیادہ پرتشدد ہے، اس مذہب میں کسی قسم کی موسیقی سے لطف اندوز ہونا حرام ہے۔ ماسوائے شادی بیاہ پر دف بجانا، مستقل شراب نوشی کی سزا موت ہے، اوراسی طرح ناجائز جنسی تعلقات پر بھی بے رحمی سے سنگسار کرنا ان کا فوجداری قانون ہے، غیرنمازی کو وہابیت میں کافر کہا جاتا ہے، وہابیوں کی ذہنیت مساجد کی خوبصورتی اور قبروں پر پختہ عمارتیں بنانے کے اس لیے خلاف ہے کہ اس سے ان مشاہد کی پرستش کا احتمال پیدا ہوتا ہے، وہابی مسجد میں لفظ محمد ﷺ کا کندہ کرنا بھی جائز نہیں سمجھتے اور اسی طرح عیدمیلادالنبی کو بھی بدعت کہتے ہیں۔''

کالم نویس آگے چل کر لکھتا ہے کہ: ''اگر امریکہ سنجیدگی سے بنیاد پرستی کی جڑ کاٹنے کا عزم رکھتا ہے تو اسے اپنی توجہ سعودی عرب پر مرکوز کرنی ہوگی اور اس سے معاہدہ کرنا ہوگا۔ عراق لیبیا بلاوجہ اہم ہوگئے ہیں۔ ان ممالک میں اسلامی بنیاد پرستی اس قدر شدید نہیں ہے جتنی سعودی عرب میں ہے۔ سعودی عرب ہی وہ ملک ہے جو اس قسم کی بنیاد پرستی کا مرکز ہے''۔

اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی ۱۹ اکتوبر ۲۰۰۱ء کی اشاعت میں یہ الزام لگایا ہے کہ سعودی عرب کے سرکاری تعلیمی ادارے بنیاد پرستی کا اصل موجب ہیں۔ ان مدارس میں جو سرکاری نصاب پڑھایا جاتا ہے اس میں یہودیوں اور عیسائیوں سے تعلقات نہ رکھنے پر زور دیا جاتا ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ وہ کافر ہیں اور ان کے پکے دشمن ہیں۔

اخبار شکاگو ٹرائیبون ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۱ء کی اشاعت میں لکھتا ہے کہ سعودی عرب کی جدید وہابیت دنیا بھر میں بنیاد پرستی کی جڑ ہے۔ یہ ایک ایسے معاشرے پر یقین رکھتی ہے جس میں سختی سے مذہب پر عمل کرایا جاتا ہے۔ سعودی عرب سے اٹھنے والی اس دعوت کے دنیا میں پھیلنے کی وجہ معدنی تیل کی آمدنی ہے۔ جس کی وجہ سے سعودی عرب میں اس دعوت کا فکری اور مالی سرچشمہ ہے۔

بی بی سی کی ۱۴ اکتوبر ۲۰۰۱ء کی عربی نشریات میں امریکی امور خارجہ کے حوالے سے جوزف بیڈن کا یہ بیان نشر ہوا تھا کہ سعودی عرب دینی مدارس کی سرپرستی سے باز رہے ورنہ اسے خمیازہ بھگتنا ہوگا جوزف بیڈن کا خیال ہے کہ اسامہ بن لادن اور طالبان نے سعودی عرب کی حمایت یافتہ وہابی تحریک سے متاثر ہوکر متشددانہ طرزِ عمل اختیار کیا تھا۔

طالبان پر شرک کا الزام لگا کر امریکہ کی حمایت کا جواز نکالنے والے امریکہ کے اصل ہدف وہابیت کی کیا توجیہہ کرتے ہیں؟ ﴿واللہ غالب علی امرہ﴾

دعویٰ: ﴿الا علی قوم بینکم وبینھم میثاق﴾

طالبان کے مقابلے میں امریکہ کی حمایت کرنے والے سورہ انفال کی آیت ۷۲ کو بنیاد بنا کر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ امریکہ سے تعاون کرنے کے ہم اس آیت کی وجہ سے پابند ہیں کہ:

﴿وان استنصروکم فی الدین فعلیکم النصر الا علی قوم بینکم وبینھم میثاق﴾

''ہاں اگر وہ دنیا کے معاملہ میں تم سے مدد مانگیں تو ان کی مدد کرنا تم پر فرض ہے لیکن کسی ایسی قوم کے خلاف نہیں جس سے تمہارا معاہدہ ہو''۔

یہ دعویٰ کئی وجوہات کی بناء پر غلط ہے:

(الف) اس آیت سے مراد وہ لوگ تھے جنہوں نے ہجرت نہیں کی تھی اور مسلمانوں کے دشمنوں کے ساتھ رہنے پر مجبور تھے۔

اسی آیت کا دیباچہ خود اس بات پر دلیل ہے پوری آیت کچھ یوں ہے۔

﴿ان الذین آمنوا وھاجروا وجاھدوا باموالھم وانفسھم فی سبیل اللہ

والذین آووا ونصروا أولئک بعضهم أرلیاء بعض ، والذین آمنوا ولم یهاجروا مالکم من ولایتهم من شی حتی یهاجروا ، وان استنصروکم فی الدین فعلیکم النصر الا علی قوم بینکم وبینهم میثاق ، والله بما تعملون بصیر﴾ .

''جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنی جانیں لڑائیں اور اپنے مال کھپائے اور جن لوگوں نے ہجرت کرنے والوں کو جگہ دی اور ان کی مدد کی وہی دراصل ایک دوسرے کے ولی ہیں، رہے وہ لوگ جو ایمان تو لے آئے مگر ہجرت کر کے (دارالاسلام) نہیں گئے تو ان سے تمہارا ولایت کا کوئی تعلق نہیں جب تک وہ ہجرت کر کے نہ آجائیں، ہاں اگر دین کے معاملہ میں تم سے مدد مانگیں تو ان کی مدد کرنا تم پر فرض ہے لیکن کسی ایسی قوم کے خلاف نہیں جس سے تمہارا معاہدہ ہو''۔

حافظ ابن کثیرؒ اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''یہ آیت ان بادیہ نشین مسلمانوں کے متعلق تھی جنہوں نے ہجرت نہیں کی تھی اور مشرکین کے خلاف اسلامی سپاہ میں شامل ہو کر جہاد نہیں کیا تھا۔ اگر وہ اپنے اوپر کئے جانے والے کسی ظلم کی فریاد کریں تو تمہارے اوپر ان کی مدد کرنا فرض ہے۔ کیونکہ سیاسی تعلق نہ ہونے کے باوجود دینی اخوت کا یہ تقاضا ہے۔ ہاں اگر مدد مانگنے والے ایسی قوم کے ساتھ رہتے ہیں جن سے ایک مدتِ معلوم کے لئے صلح کا معاہدہ ہوا ہے تو اس متعین مدت کے دوران میں تم اپنے اس معاہدے کی خلاف ورزی نہ کرو''۔

محولہ بالا آیت اپنے معنیٰ اور مدلول کے لحاظ سے واضح ہے اس کا مسلمانوں کے خلاف کافروں کی پشت پناہی اور نصرت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس آیت کا حکم منسوخ ہو چکا ہے اور یہی قول اہل علم کی کثیر تعداد کا ہے (احکام الجصاص)۔

احکام ابن العربی: ''فتح مکہ کے بعد یہ حکم اللہ نے منسوخ کر دیا تھا اور اسی طرح دارالحرب میں مقیم وارثوں کے احکام بھی منسوخ ہو گئے تھے۔ کیونکہ ہجرت کے احکام فتح مکہ کے بعد ساقط ہو گئے تھے۔ اب اس آیت کا حکم تنگ دست اسیران کے لئے باقی ہے اور اس سے ولایت منقطع نہیں ہوتی، اگر ان مسلمانوں کی اتنی تعداد ہو جو انہیں رہائی دلا سکے تو یہ نصرت کرنا ان پر فرض ہوگا۔ اگر ہمارے تمام مال واسباب ان کی رہائی پر صرف ہو جائیں تو ایسا کرنا بھی فرض ہوگا، خواہ کسی کے پاس ایک پھوٹی کوڑی

بھی نہ بچے۔ یہی قول امام مالکؒ اور دوسرے آئمہ کرام کا ہے''۔

ابن العربیؒ مزید لکھتے ہیں: ''افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ ہمارے بے شمار قیدی دشمن کے پاس ہیں اور ان کے مسلمان بھائیوں کے پاس مناسب بلکہ زائد سرمایہ ہے لیکن وہ اپنے ان اسیر بھائیوں کی رہائی پر یہ مال خرچ نہیں کرتے۔ انا للہ وانا الیه راجعون ولا حول ولا قوة الا باللہ۔''

مولف مندرجہ بالا اقتباس کے بعد لکھتے ہیں کہ اللہ ابن العربی پر اپنی رحمت کرے اگر وہ آج کے مسلمانوں کی لاتعلقی دیکھتے تو پہلے سے کہیں زیادہ تأسف کا اظہار کرتے۔

(ج) جہاد کی دو قسمیں ہیں جہاد طلب اور جہاد دفاع، آیت کا حکم ان مسلمانوں کے لئے ہے جو جہاد طلب کر رہے ہوں، یہ جہادِ دفاع ہے، اور جہاد دفاع ایک نازک معاملہ ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''اگر دشمن مسلمانوں پر چڑھ دوڑیں تو ان کا دفاع کرنا تمام مسلمانوں پر فرض ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وان استنصروکم فی الدین فعلیکم النصر الا علی قوم بینکم وبینهم میثاق﴾ اسی طرح نبی علیہ السلام نے بھی ہر مسلمان کی نصرت کرنے کا حکم دیا ہے۔ جہاد دفاع میں ہر مسلمان شریک ہوگا خواہ وہ اہل قتال میں سے ہو یا نہ ہو (اپاہج معذور وغیرہ) کیونکہ ہر شخص پر اس کی استطاعت کے مطابق مدد فرض ہوتی ہے اپنی جان ومال سے، خواہ تھوڑے ہوں یا زیادہ، پیدل ہوں یا سوار۔ مسلمان عہد رسائی میں اسی طرح اہل قتال اور غیر اہل قتال تھے جب غزوہ خندق میں دشمن نے مدینہ پر چڑھائی کی تھی۔ غزوہ خندق میں جہاد دفاع کی وجہ سے کسی کو جہاد ترک کرنے کی اللہ نے اجازت نہیں دی تھی، جس طرح پہلے جہاد طلب کی وجہ سے شامل نہ ہونے کی اجازت تھی۔ غزوہ خندق میں جن لوگوں نے جہاد میں شریک نہ ہونے کے لئے عذر تراشے تھے قرآن نے ان کی سورہ احزاب آیت ۱۳ میں مذمت کی ہے: ﴿یقولون ان بیوتنا عورة وما هی بعورة ان یریدون الا فرارا﴾ ''یہ کہہ کر نبی ﷺ اجازت مانگنے لگے کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ غیر محفوظ نہ تھے لیکن ان کا پختہ ارادہ بھاگ کھڑے ہونے کا تھا''۔

کیونکہ جہاد دفاع میں دین، ناموس اور جان سب کی حفاظت مطلوب ہوتی ہے۔ یہ ہنگامی حالت ہوتی ہے، جبکہ جہاد طلب اپنی مرضی سے کیا جاتا ہے اور اس کا مقصد دین کی سربلندی، اس کی

دعوت اور دشمن پر رعب بٹھانا ہوتا ہے۔ جیسے غزوۂ تبوک (فتاویٰ جلد ۲۸ ص ۳۵۹) بناء بریں اس آیت سے مذکورہ بالا دعویٰ نکالنا بے بنیاد اور غیر متعلق ہے۔

اس فتنے میں مسلمانوں پر کیا واجب ہے

توحید پر قائم رہنا، توحید ہی مسلمان کا اصل سرمایہ ہے قیامت کے دن توحید کے علاوہ کوئی چیز نجات نہیں دلا سکے گی۔ ان حادثات نے ہماری توحید میں کمزوری کو نمایاں کیا ہے بلکہ توحید کے جامع تصور سے خود اہل توحید میں ضعف پایا گیا ہے۔ عقیدہ ولاء اور براء توحید کا ایک لا ینفک جزء ہے۔ مسلمانوں کے مقابلے میں اللہ کے دشمنوں سے موالات رکھنا خواہ زبان کی حد تک ہو، عقیدے کو تباہی کے دہانے پر لے آتا ہے، اور دنیا میں اس کا برا انجام یہ ہوگا کہ بالآخر یہ کافر اپنے تعاون کرنے والے مسلمانوں کے خلاف بھی جنگ کریں گے اور آخرت بھی برباد ہوگی۔ کیونکہ کفار کی موالات کفر اور ارتداد ہے، والعیاذ باللہ۔ افغانستان کے مسلمانوں کا ساتھ دینا ہر نفس پر واجب ہے، اس کی استطاعت اور قدرت کے مطابق، جان سے، مال سے، اسلحے اور اپنے خیالات کے اظہار سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ان هذه أمتكم أمة واحدة وأنا ربكم فاتقون﴾ [مؤمنون : ۵۲].

''یہ تمہاری امت ایک ہی امت ہے میں تمہارا رب ہوں پس مجھ سے ڈرتے رہو۔''

سورہ حجرات میں ''انما المؤمنون اخوة'' بے شک مومنین ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہیں۔ اسی طرح بخاری و مسلم کی حدیث ہے: **''المسلم أخو المسلم لا يظلمه ولا يسلم''**

''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے دشمن کے حوالے کرتا ہے۔''

اور اسی طرح ایک اور متفق علیہ حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا: **''ترى المؤمنين تراحمهم وتوادهم وتعاطفهم كمثل الجسد اذا اشتكى عضو تداعى لها سائر الجسد بالسهر والحمى''**

یعنی: ''تم مسلمانوں کو ایک دوسرے پر شفقت، محبت اور جان نثاری میں ایسے پاؤ گے گویا وہ سب ایک جسم ہیں۔ جس کے کسی ایک عضو میں کوئی تکلیف ہو تو سارا بدن بخار کی تپش اور شدت کی وجہ

سے رت جگے میں شریک ہوتا ہے۔''

ایک متفق علیہ حدیث میں فرمایا: **''المؤمن للمؤمن كالبنيان يشد بعضه بعضا''**
''ایک مومن دوسرے مومن کے لئے کسی عمارت کی اینٹ کی طرح ہے جو ایک دوسرے سے پیوستہ ہوتی ہیں۔ پھر اپنے مبارک ہاتھوں کی انگلیوں کا باہم پیوست کر دیا۔''

تمام کفر افغانستان کے مسلمانوں کے خلاف متحد ہو گیا ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کا ان کی صف میں شامل ہونا فرض ہے۔ ان کی نصرت کرنا اور ان کے لئے دعائے خیر کرنا، یہ ان کا کم از کم حق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی نصرت کا حکم دیا ہے اور اسے بے یار و مددگار چھوڑنے سے منع کیا ہے۔ بین الاقوامی سیاست سے اللہ کی شریعت میں تبدیلی نہیں آتی اور نہ اس سے شریعت کا کوئی حکم خاص زمانے کے لئے محدود ہوتا ہے۔ ہم ایسی ہر سیاست سے برأت کا اعلان کرتے ہیں جس سے اللہ کے حکم کی مخالفت ہوتی ہو، اللہ کے دشمنوں سے تو وفاداری اور اللہ کے دوستوں سے مخاصمت، ہم اس سے پناہ مانگتے ہیں۔

ان نازک حالات میں ہر اس مسلمان پر جہاد فرض عین ہے جو اس پر قادر ہو۔ اس قسم کے جہاد میں والدین کی اجازت شرط نہیں ہے۔ مسلمانوں کے علاقوں پر دنیا کے بدترین کافر نے حملہ کر دیا ہے اس حال میں کہ ان کا اللہ کے علاوہ کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''جہاد دفاعِ دین اور ناموس کی حفاظت کے لئے بالاجماع فرض ہے۔ ایمان کے بعد سب سے بڑا واجب اللہ کے دشمن کے ساتھ جہاد کرنا ہے جو اس کے دین کے درپے آزار ہے۔ اس جہاد میں نکلنے کے لئے کوئی شرط نہیں ہے، ہر مسلمان اپنی استطاعت کے مطابق جہاد کرے گا۔ ہمارے اساتذہ کا بھی یہی قول ہے اور دوسرے آئمہ کا بھی یہی قول ہے''۔ (فتاویٰ جلد ۴ ص ۵۶۱)۔

امام صاحب آگے چل کر لکھتے ہیں: ''جب دشمن مسلمانوں کے علاقوں پر حملہ کر کے دخل انداز ہو تو جہادِ دفاع دشمن کے قریب ترین مسلمانوں پر واجب ہو جاتا ہے۔ اگر وہ دشمن کے مقابلے میں کم پڑیں تو پھر ان کے بعد والے مسلمانوں پر فرض ہوگا۔ کیونکہ مسلمانوں کے تمام ممالک (شریعت کی

نظر میں) گویا ایک ہی ملک ہیں، نیز جہادِ دفاع میں والدین کی اجازت کی شرط نہیں ہوتی اور نہ قرض دار کو قرض خواہ سے اجازت لینے کی شرط ہوتی ہے۔'' اسی حکم کی صراحت امام احمد بن حنبلؒ اور دوسرے آئمہ نے فرمائی ہے۔

مسلمان بھائیو! اپنے افغان بھائیوں کو بے یار ومددگار ہرگز نہ رہنے دو، انہیں مسلمانوں کے تعاون کی جتنی آج ضرورت ہے پہلے کبھی نہ تھی۔ یاد رکھیں، کفریہ طاقتیں خواہ وقتی طور پر غالب آجائیں لیکن بالآخر انہیں انجام پر پہنچنا ہوگا، یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر کوئی اپنے وعدے کا پاس نہیں رکھتا، وہ اپنے دین کی نصرت کرتا اور اپنے سچے اولیاء (سچے مسلمانوں) کی عزت رکھتا ہے اور اپنے دشمنوں کو ذلیل کرتا ہے لیکن اللہ کی تقدیر میں ہر فیصلے کا ایک وقت ہے اور اس کا پورا حساب ہوتا ہے۔

امام احمد بن حنبلؒ اپنی مسند میں تمیم الداری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس دین کا معاملہ ہر اس جگہ تک پہنچ جائے گا جہاں دن اور رات ہوتے ہیں، اللہ نہ بستیوں کے کسی گھر کو چھوڑے گا اور نہ صحرا نورد کے کسی گھر کو چھوڑے گا جب تک ان کے لوگوں میں یہ دین نہ پہنچ جائے، دین باعزت اور سرفراز ہوگا اور کفر ذلیل ورسوا ہوگا۔''

مقداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''کرہ ارض پر ہر بستی اور صحرا نشینوں کے گھروں تک اسلام کا کلمہ پہنچ کر رہے گا۔ ہر عزت دار آبرومند ہوگا اور ہر ذلیل رسوا ہو کر رہے گا''۔

صحیح بخاری میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''نبی علیہ السلام نے فرمایا، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک مسلمان یہودیوں سے برسرپیکار نہ ہو جائیں اور مسلمان انہیں قتل نہ کردیں۔ یہودی پتھروں اور درختوں میں چھپتے پھریں گے تو یہ بول کر کہیں گے ''یا مسلم! یا عبداللہ! ھذا یھودی خلفی؛ فتعال فاقتلہ'' اے مسلم! اے اللہ کے بندے میرے پیچھے یہودی چھپا ہوا ہے بڑھ کے اس کی گردن ماردے سوائے شجر غرقد کے کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔''

صحیح مسلم میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس کی روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کرتے ہیں:
''قیامت قائم نہ ہوگی، یہاں تک کہ روم کے نصاریٰ کا (نولاکھ ساٹھ ہزار نفوس پر مشتمل) لشکر مقام اعماق یا

دابق (یہ دونوں مقام شام میں حلب کے قریب واقع ہیں) میں اترے گا پھر مدینہ سے ان کی طرف (مسلمانوں کا) ایسا لشکر نکلے گا جو اس وقت زمین والوں میں سب سے بہتر ہوگا۔ ابھی جب کہ لشکر والے صفیں ترتیب ہی دیں گے تو رومی عیسائی ان سے مطالبہ کریں گے کہ تم الگ ہوجاؤ! ہمارا راستہ چھوڑ دو ان (مسلمانوں) سے جنہوں نے (اہم معرکے بعد) ہماری عورتیں اور بچے، لونڈیا اور غلام بنائے ہیں، ہم انہی سے لڑیں گے۔ تو مسلمان کہیں گے ہرگز نہیں! ہم کبھی بھی اپنے بھائیوں سے الگ نہ ہوں گے، انہیں تمہارے سپرد نہ کریں گے۔ پھر شدید ترین لڑائی ہوگی تو مسلمانوں سے ایک تہائی لشکر بھاگ نکلے گا، ان کی توبہ اللہ تعالیٰ کبھی قبول نہ کرے گا اور ایک تہائی لشکر جنگ میں مارا جائے گا جو اللہ کے ہاں سب سے زیادہ فضیلت والے شہداء ہوں گے اور باقی بچ رہنے والے ایک تہائی لشکر میں پھر عمر بھر کبھی بھی فتنوں اور بلاؤں سے آزمائے نہ جائیں گے۔ پھر یہی اللہ کے بندے قسطنطنیہ (موجودہ استنبول) کو فتح کریں گے۔ اس اثناء میں جبکہ وہ مال غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے اور اپنی تلواروں کو انہوں نے زیتون کے درخت سے ٹانگ دیا ہوگا، شیطان پکار لگائے گا کہ تمہارے پیچھے تمہارے بال بچوں میں دجال آنکلا ہے تو مسلمان گھڑ سواروں کا ایک دستہ فوراً وہاں سے نکلے گا، حالانکہ یہ خبر جھوٹی ہوگی لیکن جب ملک شام میں پہنچیں گے تو وقعی دجال نکل آئے گا۔ سو جس وقت مسلمان لڑائی کے لئے مستعد ہو کر صفیں باندھتے ہوں گے تو نماز کی تیاری ہوگی اور اقامت کہہ دی جائے گی عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام آسمان سے اتریں گے اور انہیں نماز پڑھائیں گے۔ پھر جب اللہ کا دشمن دجال عیسیٰ علیہما السلام کو دیکھے گا تو مارے ڈر کے یوں گھلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں گھلتا ہے اور اگر عیسیٰ علیہما السلام اسے یونہی چھوڑ دیں، تب بھی وہ خود بخود مارے خوف کے گھل گھل کر ہلاک ہوجائے، لیکن اللہ تعالیٰ اسے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے ہاتھوں ہی قتل کروائے گا اور عیسیٰ علیہما السلام دجال کے خون سے آلودہ برچھی لوگوں کو دکھلائیں گے''۔

صحیح مسلم میں ہی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے عنقریب ضرور بضرور عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام مسلمانوں کے حاکم بن کر نازل ہوں گے، پس وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے اور خنزیر کو قتل کردیں گے اور

جزیہ اٹھالیں گے اور مال کی کثرت اس قدر ہو جائے گی کہ اسے کوئی قبول کرنے والا نہ ہوگا یہاں تک کہ مومن کے لئے صرف ایک سجدہ دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے، اس سے بہتر ہوگا''۔

دعا ہے کہ اللہ ہمیں اپنے دین کی نصرت کرنے والوں میں شامل کرے، ہمیں دنیا بھر کے طواغیت اور ان کی نصرت کرنے والوں سے برأت کرنے کی جرأت نصیب کرے۔ ہمیں اپنی راہ میں شہادت سے سرفراز فرمائے۔ اس حال میں کہ ہم جواں مردی دکھا رہے ہوں بزدلوں کی طرح بھاگ کھڑے ہونے والوں میں سے نہ ہوں، پامردی کے ساتھ لڑنے والے ہوں اور اللہ سے اجر لینے کی نیت پیش حال ہو اور آخرت میں ہمیں انبیاء صلحاء اور شہداء کی رفاقت نصیب کرے جن کی رفاقت سب سے بہتر ہے۔

ونحن نسأل اللّٰہ عزّ وجل السلامة من كيد العدو وفتن الشيطان وشر النفوس انه قريب مجيب جعلنا اللّٰه من أولئك المؤمنين.

تم والحمد للّٰه أولاً وآخراً